ڈکشنری آف ایجوکیشن (Dictionary of Education) میں پیش کی گئی تعریف کے مطابق نگرانی (Supervision) سے مراد [illegible] نام کوششیں ہوتی ہیں جو کہ سکول [illegible] جانب سے تعلیم و تربیت کو بہتر بنانے کے لئے اساتذہ اور دیگر تعلیمی کارکنوں کیلئے قیادت کی فراہمی کی خاطر کی جاتی ہیں۔ ان میں اساتذہ کی پیشہ ورانہ نشوونما اور ترقی کے لئے ترغیب، تعلیمی مقاصد، تربیتی مواد اور طریقہ ہائے تدریس کا انتخاب اور [illegible] ترتیب کا جائزہ شامل ہے۔

وائلز کے مطابق (According To Wites):

وائلز (Wiles) نگرانی کو ہدایات دینے سے زیادہ [illegible] کرنے اور مدد کرنے سے تعبیر کرتا ہے۔ یوں لفظ "Supervision" کے معنی اساتذہ کی رہنمائی کرنا اور ان کی سرگرمیوں کو تحریک دینا ہے تا کہ تدریس کے عمل سے ان میں بہتری آئے اور وہ پیشہ ورانہ ترقی حاصل کر سکیں۔ نگرانی (Supervision) کو باہمی تعاون کی حامل اور جامع سرگرمی تصور کیا جاتا ہے جو کہ تدریس و تعلم کے عمل کو اس کے تمام پہلوؤں کے حوالے سے بہتر بناتی ہے۔

042-37361414 - 37245454 [illegible] پبلیکیشنز، اردو بازار، لاہور

سدائے انقلاب ایجوکیشنل پبلشرز اینڈ مینجمنٹ، رائے پی۔ایڈ (کوڈ 8605) 52

(viii) ہم نصابی سرگرمیوں کا اہتمام کرنا۔

نگران کے انتظامی و تعلیمی کردار کی مختصر تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

-1 تدریسی کام کی نگرانی (Inspection of Teaching):

نگران آفیسر کسی بھی مدرسے میں تدریس کے عمل میں استعمال ہونے والے طریقوں کا جائزہ لیتا ہے اور [illegible] سکے۔ وہ وقت نامے کا بھی تدریسی اغراض کے بارے میں معلومات حاصل کرتا ہے تا کہ تدریس کو مؤثر اور فعال بنایا [illegible] جائزہ لیتا ہے تا کہ تقسیم کار کا اندازہ کر کے اپنی رائے کا اظہار کر سکے۔ نگران اساتذہ کی مدر[illegible] کا بھی جائزہ لیتا ہے۔

-2 ہم نصابی سرگرمیوں کی نگرانی

(Inspection of Co-curricular activities):

موجودہ نظام تعلیم میں ہم نصابی سرگرمیوں کو نہایت ہی اہم مقام حاصل ہے۔ ایک نگران اس امر کا بھی جائزہ لیتا ہے۔ [illegible] آیا یہ سرگرمیاں دیگر نصابی سرگرمیوں کی طرح تعلیمی ترقی میں معاون ثابت ہو رہی ہیں۔ وہ ان کی نوعیت کا بھی جائزہ لیتا ہے۔

-3 مدرسے کے ماحول کی نگرانی:

(Supervision of Environment of the School):

نگران مدرسہ کے نظم و نسق کے ساتھ ساتھ بچوں کی صحت و صفائی کا بھی جائزہ لیتا ہے۔ اس کے علاوہ سکول کے اندر واقع حفظان صحت کے اقدامات کا جائزہ لیتا ہے اور اس بات کا تعین کرتا ہے کہ مدرسہ نے طلبہ کی بھلائی کے لئے کس حد تک بہتر اقدامات کئے ہیں۔

Elmas Ali

-4 مدرسے کے رجسٹروں کا جائزہ:

(Evaluation of registers of School):

نگران مدرسہ کے جملہ ریکارڈ اور رجسٹروں کا معائنہ کرتا ہے اور اس بات کا اندازہ لگاتا ہے کہ فنڈز کا استعمال کس طرح کیا گیا ہے۔ سکول کے فنڈز سے خریدے گئے ساز و سامان کی جانچ پڑتال کرتا اور تخمینہ لگاتا اُس کے فرائض میں شامل ہوتا ہے۔

-5 ترقیاتی کاموں کی نگرانی: (Supervision of Advancement)

نگران کا یہ کام بھی ہوتا ہے کہ وہ معائنہ کے دوران اس بات کو معلوم کرے کہ مدرسہ اپنے وجود کو بہتر بنانے کے لئے کیا اقدامات کر رہا ہے۔ سکول کی سماجی، تفریحی اور ثقافتی سرگرمیوں سے اس بات کا اندازہ کرتا ہے کہ مدرسہ نے اپنے علاقے کے لوگوں کی کیا خدمت کی ہے اور سماج میں اس کا مقام و کردار کیا رہا ہے۔

-6 انسانی تعلقات کے فروغ کی نگرانی:

(Supervision of Human Relations):

انسانی تعلقات کا فروغ جس میں والدین اور اساتذہ کے تعلقات کو بڑی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ کیونکہ جب تک معاشرے کے افراد سکول کے بارے میں معلومات حاصل نہیں کریں گے اور سکول کے امور میں دلچسپی نہیں لیں گے تو

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ہر استاد کو اپنی خوشی کے ساتھ پڑھانے کی اجازت دینے کی پالیسی اختیار کی جاتی ہے البتہ تربیتی پروگرام کو بہتر بنانے کے لئے استاد کی کچھ مدد کی جاتی ہے یا پھر فلاسفی کو عمل میں لانے کے لئے اساتذہ کے درمیان اتفاق رائے پیدا کرنے کے لئے اقدامات کئے جاتے ہیں۔ اس انداز میں اساتذہ کو تمام فیصلے کرنے کا اختیار حاصل ہوتا ہے۔ اس میں چونکہ پرنسپل کی مداخلت بالکل نہیں ہوتی ہے اس لئے نتائج کم درجے کے حامل ہوتے ہیں اور ٹاسک مکمل ہونے میں بھی تاخیر ہوتی ہے۔

(iii) تحکمانہ نگرانی (Coercive Supervision):

یہ ایک تحکمانہ تصور ہے جو کہ علم کل کے اختیار سے متصف ہے جو کہ اہم فیصلوں کے لئے ناگزیر ہے۔ ان [illegible]وں کو تسلیم کرنا ہر ایک پر لازم ہوتا ہے، ان فیصلوں پر اعتراض نہیں کیا جاسکتا، استاد پر لازم ہے کہ وہ نگران کا ہر حکم اور ہدایت پر عمل [illegible]ے، ایسے نگران، اساتذہ کے ذریعے تدریس کے گھسے پٹے طریقوں پر عملدرآمد کرانے کو ہی سب سے [illegible] تصور [illegible]تے ہیں، اس کی وجہ اس طریقہ کار کا نصاب اور تدریسی پالیسی کے ساتھ جڑا ہوتا ہے، اس میں پرنسپل یا سپروائزر [illegible] وقت میں [illegible] کرتا ہے جب اساتذہ پڑھا رہے ہوتے ہیں پھر ان کی تدریس کے اچھے اور برے نکات کو نوٹ کر لیا جاتا ہے، [illegible] اساتذہ کو نگران [illegible] ہدایات پر عمل کرنے کیلئے مجبور کیا جاتا ہے۔

ایسی نگرانی میں [illegible] رام کے تشخص کا خاص خیال نہیں رکھا جاتا اور نہ ہی یہ جمہوریت (Democracy) سے مطابقت رکھتی ہے۔ [illegible] طریقہ کار [illegible] اچھی [illegible] صحت کی شرائط کو بھی نظر انداز کر دیا گیا ہے، کیونکہ جارحانہ رویے سے ذہنی پریشانی جنم لیتی ہے اور تخلیقی [illegible] ملاحیتیں [illegible] ملتی ہیں۔

(iv) تربیت اور رہنمائی:

اب یہ بات کافی حد تک تسلیم کی جانے لگی ہے کہ حقیقی تعلم (Learning) طلبہ کی بھرپور شرکت اور ان کی دلچسپیوں کے شعور پر منحصر ہوتا ہے۔ تعلیم رہنمائی میں [illegible] نمو ہوتی ہے، تعلم کے عمل میں طلبہ کی طرف سے رضا کارانہ (Voluntary) طور پر تعاون خاص اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ اس تبدیلی [illegible] نگرانی پر بھی بڑا خاص اثر پڑتا ہے۔ اب اساتذہ کو خاص طریقہ تدریس اختیار کرنے کے لئے مجبور نہیں کیا جاتا بلکہ [illegible] توجہ اساتذہ کو [illegible] انے پر مرکوز کر دی گئی ہے۔ یعنی یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ نگرانی حقیقت [illegible] دوران ملازمت تربیت [illegible] اساتذہ میں اپنی ذمہ داریوں کو بہتر بنانے کی تحریک پیدا ہوتی ہے جبکہ نگرانی ایک طرح کا تدریسی (Teaching) عمل ہی محسوس ہوتی ہے۔ مشاہدے میں آیا ہے کہ اس طرح کی نگرانی کا اثر ہمارے تعلیمی عمل پر بڑھتا جا رہا ہے۔

(v) جمہوری نگرانی (Democratic Supervision):

جمہوریت صرف سیاسی عمل کا نام نہیں یہ زندگی گزارنے کا انداز بھی ہوتا ہے اس لئے اس کے [illegible] ہر پہلو پر لاگو ہوتے ہیں، جمہوریت میں ہر فرد کی عظمت (Glory) کا خیال رکھا جاتا ہے، انفرادی اختلافات (Individual) کو تسلیم کیا جاتا ہے، ہر فرد کی پسند و ناپسند کو اہمیت دی جاتی ہے، اور [illegible] کے اتفاق رائے سے اقدامات طے ہوتے ہیں۔ نگرانی کے عمل میں جمہوری اصولوں کا تقاضا ہے کہ نگران اساتذہ پر اپنی رائے مسلط نہ کریں، بلکہ مطلوبہ اہداف تک پہنچنے کے لئے ضروری ہے کہ نگران اور اساتذہ کے درمیان باہمی تعاون کی فضا قائم کی جائے، ایڈمز (Adams) اور ڈکی (Dickey) کے مطابق "جمہوری نگرانی کا عمل اساتذہ کے اس اختیار پر مشتمل ہوتا ہے کہ وہ خود تعلیمی

صدائے انقلاب ایجوکیشنل لیڈرشپ اینڈ مینجمنٹ برائے بی۔ایڈ (کوڈ 8605)



معائنہ اور سپروژن یا نگرانی میں فرق: Difference between Inspection & Supervision):

نگرانی اور معائنہ سے مراد کسی ادارے کی کارکردگی اور کام کے تمام پہلوؤں کا مفصل اور جامع جائزہ ہوتا ہے۔ ایڈمز (Adams) اور ڈکی (Dickey) نے دونوں میں فرق بیان کیا ہے۔ ان کے مطابق معائنہ (Inspection) ایسا عمل ہوتا ہے جس میں دیکھا جاتا ہے کہ کام دی گئی ہدایات کے مطابق ہوا ہے یا نہیں ہوا۔ اس [illegible] علاوہ ہدایت کے [illegible] کاموں کا تنقیدی جائزہ فراہم کیا جاتا ہے۔ جبکہ نگرانی (Supervision) تدریس کی بہتری کا [illegible] مدد [illegible]

نگرانی اور معائنہ کا تقابلی جائزہ:

معائنہ (Inspection)	نگرانی (Supervision)
نوکر شاہی۔ تحکمانہ انداز	جمہوری انداز
ہدایات اور سخت نظم و ضبط	بہترین طور پر تیار کردہ اور تجویز دینے والی ماہرانہ رہنمائی
تدریس کی بہتری	تعلم کی بہتری

لہٰذا نگرانی (Supervision) کو خدمت گار سرگرمی قرار دیا جاسکتا ہے جو کہ ملازمت میں بہتری لانے کے لئے اساتذہ کی مدد کرتی ہے۔

نگرانی کی اقسام (Types of Supervision):

تعلیمی نگرانی کی کئی اقسام ہوتی ہیں جن کے تدریس و تعلم، سکول کی تنظیم اور نصاب کے حوالے سے خصوصی مقاصد ہوتے ہیں، تاہم نگرانی کی مخصوص قسم کا انتخاب ملک میں رائج تعلیمی انداز اور فلسفے کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جاتا ہے مگر طرز حکومت نگرانی کے ذمہ دار تعلیمی افسران کی تعلیم و تربیت کی بھی نگرانی کی مخصوص قسم چننے میں کردار ادا کرتے ہیں۔

برٹن (Burton) اور برکنر کے نزدیک نگرانی کی اقسام

(i) معائنہ (Inspection):

نگرانی کی ابتدائی صورت صرف اساتذہ کے کام کے معائنہ تک محدود تھی، اور وہ شخص جس کے ذمے یہ کام تھا وہ سکول انسپکٹر کے طور پر جانا جاتا تھا۔ معائنہ کا استعمال تحکمانہ اور آمرانہ انداز میں ہوتا تھا، جس کا مقصد اس بات کا کھوج لگانا تھا کہ اساتذہ اپنی ذمہ داریاں ٹھیک انداز میں انجام دے رہے ہیں یا نہیں، بلکہ غیر موزوں اساتذہ کی جگہ موزوں ترین اساتذہ کا تبادلہ بھی کر دیا جاتا تھا۔ یہ انداز ابھی بھی بیشتر مغربی و مشرقی ممالک میں نگرانی کے عمل میں عام طور پر پایا جاتا ہے۔

(ii) عدم مداخلت لیزے فیئر (Laissez Faire):

نگرانی کی لیزے فیئر (Laissez Faire) قسم مکمل طور پر مددگار اور تعمیری انداز کی حامل ہوتی ہے، اس میں

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

بہتری کے لئے اہداف کے تعین اور تدریسی حکمت عملیوں کے انتخاب کی سرگرمیوں کا حصہ بن سکتے ہیں۔" یعنی جمہوری نگرانی کا بنیادی مقصد تدریس و تعلم کی مجموعی صورتحال میں بہتری لانا ہوتا ہے۔ اس حوالے سے ایس ناتھ (S.Nath) نے شرکت کے ذریعے نگرانی (Supervision Through Participation) کا تصور پیش کیا ہے۔ برٹن (Burton) اور بروکنر (Brueckner) نے یہ بات نوٹ کی ہے کہ اساتذہ کی بہتری محض نگرانی کے عمل سے ممکن نہیں بلکہ اساتذہ کو خود بھی بہتری کیلئے آگے بڑھنا ہوگا۔ بہتری تبھی آسکتی ہے جب نگران اور اساتذہ باہم تعاون کریں گے۔

سوال 4: یونٹ میں بیان کردہ سپروائزر یا نگران کی خصوصیات کا ہمارے موجودہ سپروائزرز [illegible] خصوصیات سے موازنہ کیجئے۔

جواب: سپروائزر یا نگران کی خصوصیات (Qualities of Effective Supervisor):

نگران اور منتظمین کی پیشہ ورانہ خصوصیات کی فہرست تیار کرنے کے لئے محققین کئی کوششیں کر چکے ہیں، نگران کو چاہیے کہ وہ ہر قابل اختیار خواص کو اپنے اندر پختہ کرلے، لیکن انسان ہونے کے ناطے یہ ایک مشکل امر ہے۔

نگران کی حیثیت سے فرد میں جو بنیادی خصوصیات پائی جانی چاہئیں ان کے حوالے سے یہ سمجھ لیا جائے کہ یہ وہ خوبیاں نہیں ہیں جو کہ سینئر (Senior) ہونے اور تدریسی تجربہ حاصل کرنے سے حاصل ہوتی ہیں، بلکہ یہ وہ خوصیات ہیں جو کہ شعوری طور پر اپنے اندر پیدا کی جاسکتی ہیں، اس کے علاوہ یہ خوبیاں حتمی نوعیت کی نہیں بلکہ ان میں مطالعے اور عمل کے ساتھ ردوبدل (Changings) بھی کیا جاسکتا ہے۔

"Swearingen" کے مطابق کسی نگران کے لئے ضروری خصوصیات درج ذیل ہیں۔

Charateristics of Supervisor according to Swearingen

(i) دوستانہ مزاج (Approachability):

نگران کو دوستانہ (Friendly) مزاج کا حامل ہونا چاہئے، اس میں یہ صلاحیت ہونی چاہئے کہ وہ فطری اور آزادانہ انداز میں غیر روایتی گفتگو سے زیادہ اہم اور ضروری باتوں کی طرف منتقل ہو جائے۔ اسے چاہئے کہ وہ نئے خیالات کی حوصلہ افزائی (Encourage) کرے اور تجرباتی طور پر انہیں عملی زندگی میں استعمال بھی کرے۔ نگران کو بہترین سامع بھی ہونا چاہئے تاکہ وہ دوسروں کی بات اچھی طرح سن سکے، اور اساتذہ جس بات کو زیر بحث لانا چاہیں اس کے لئے نگران کو خصوصی وقت نکالنا چاہئے۔ دیکھا گیا ہے کہ ہمارے سپروائزرز یا نگران اکثر و بیشتر زیر نگرانی افراد کے ساتھ غیر دوستانہ اور تحکمانہ انداز اختیار کرتے ہیں۔ جس سے کام میں ولولہ اور جوش کا عنصر ختم ہو جاتا ہے اور عمل اور کارکردگی کا پورا ڈھانچہ ایک مصنوعی رنگ اختیار کر لیتا ہے۔ عام طور پر نگران نہ تو کسی سے مشورہ کرتا ہے اور نہ کسی کی رائے کو برداشت کرتا ہے۔ اپنے ماتحتوں اور ساتھی اساتذہ کے جذبات و احساسات سے لاتعلق ہوتا ہے اور جرات مندانہ اقدامات کو پسند نہیں کرتا۔ ایسے ماحول میں معلمین اور عملہ رہنمائی اور معاونت کی ضرورت کے باوجود بھی اپنے نگران یا سپروائزر کی طرف رجوع نہیں کرتے۔ ان میں کام کی حقیقی روح غائب ہو جاتی ہے۔ اور آگے بڑھنے کے امکانات یکسر ختم ہو جاتے ہیں۔



(ii) باریک بینی اور احساسیت (Perceptiveness):

نگران میں ایسی صلاحیت ہونی چاہئے کہ وہ کسی بھی صورتحال میں معمولی اہمیت کی چیزوں کو بھی بہت جلد نوٹ کرلے۔ اسے مواد اور افراد کے رویوں کا باریک بینی سے مشاہدہ (Indepth Observation) کرنا چاہئے۔ حتیٰ کہ اسے اپنے افعال پر بھی خاص نظر رکھنی چاہئے۔ جب تک نگران مسئلے کی گہرائی تک نہیں پہنچے گا تب تک وہ اساتذہ کی کوئی معاونت نہیں کرسکتا۔

"Perceptiveness" سے مراد دوسروں کے حوالے سے حساسیت کا پایا جانا بھی ہے۔ یعنی نگران کو دوسروں کی ضروریات اور اہداف کا خصوصی علم ہونا چاہئے، اسے چاہیے کہ وہ دوسروں کو پورا احترام دے، اور کام میں دوسروں کی قابلیت کو تلاش کرے، گہری نظر رکھنے سے نگران کو اساتذہ کی عدم مطابقت کو بھی سمجھنے میں آسانی رہتی ہے اور وہ ان کا کوئی مناسب حل تجویز کرسکتا ہے۔

(iii) تمنا اور یقین کامل (Aspiration and Faith):

عروج [illegible] نے کی تمنا، یقین اور اعتماد قائدانہ صلاحیتوں میں شمار کی جاتی ہیں، نگران کو بھی ان خوبیوں سے مذ[illegible] ہونا چاہئے، جب [illegible] ران زمانے کے نئے علم اور جدتوں کے ساتھ مطابقت اختیار نہیں کرتا اور جو کچھ اس کے پاس ہے اس پر بھروسا [illegible] کرتا تب [illegible] وہ دوسروں کو متاثر کرسکے گا اور نہ ہی وہ غیر متوقع مقابلوں سے نمٹ سکتا ہے۔ ہمارے اکثر و بیشتر نگران صد[illegible] سے [illegible] نگرانی پر عمل کرتے ہیں۔ اور جدتوں کو اپنانے کا حوصلہ نہیں پاتے۔ یا لگن ماند پڑ چکی ہوتی ہے بعض اوقات [illegible] ہوتا ہے کہ سپروائزر یا نگران اپنے ماتحت اساتذہ سے علمی اور انتظامی لحاظ سے کم اہلیت کا حامل ہوتا ہے جس کی وجہ سے [illegible] احساس کمتری کا [illegible] کر اپنے فرائض میں بددلی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ جس سے سپروژن کے مقاصد حاصل نہیں ہو پاتے۔

(iv) مسلسل بہتری و اصلاح: (Continous betterment and Direction):

مسلسل ترقی کا تصور نگرانی کے ساتھ جڑا [illegible] ہے، اساتذہ [illegible] ن، ہیڈ ماسٹرز اور تعلیمی منتظمین سب اس ترقی، نشوونما کے عمل سے گزر [illegible] ہوتے ہیں یعنی "Becoming" سے [illegible] بننے کی مسلسل کوشش کرتے رہنا ہے۔ نگران کو خصوصی طور پر چاہئے کہ وہ زمانے کے ساتھ نئے علم، نئی تکنیکوں اور نظام تعلیم [illegible] نئے رجحانات سے مکمل طور پر باخبر رہے، اگر وہ ایسا کرے گا تو ہی وہ اپنا کردار مؤثر طور پر انجام دے سکتا ہے۔ "Becom[illegible]nes" میں مسئلے کی صورتحال میں لچکداری کا مظاہرہ کرنا، نئے تجربات پر بھروسہ کرنا، عملے کی ترقی کے لئے [illegible] تلاش کرنا بھی شامل ہے۔

(v) تخیل اور باتدبیری (Imagination and Ufility):

نگران کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ اس کا تخیل بلند ہو اور وہ باتدبیر ہو، بسا اوقات تعلیم و تربیت اور انسانی تعلقات میں ناکامی بے تدبیری کی وجہ سے ہی ہوتی ہے۔ بہترین قیادت کی یہ خوبی ہوتی ہے کہ وہ زیر استعمال مواد کے نئے نئے استعمال تلاش کرتی ہے، کسی صورتحال میں نظر انداز ہو جانے والے عناصر کا جائزہ لیتی ہے، کوئی خطرہ اٹھانے کے لئے باقاعدہ حساب کتاب کرتی ہے، جب مقصد کے حصول کے لئے کوئی راہ مسدود ہو جائے تو وہ نئے رخ پر اپنی کوششیں تیز کردیتی ہے، نگران کو بھی چاہئے کہ وہ ان خصوصیات کو اپنائے۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



55 Elmas Ali

(8605) سدائے اقبال ایجوکیشنل پبلشرز اینڈ بک سیلرز پبلشرز، راے پی، ایل

لیکن یہ تبدیلی کا عمل اتنی بار نہ دہرایا جائے کہ فیصلوں سے ماتحت لوگوں کا اعتماد ہی اٹھ جائے۔ تاہم اس بات سے کسی کو انکار نہیں ہے کہ بروقت صحیح فیصلہ کرنے اور اس پر جرات اور خود اعتمادی سے عمل کرنے کی اہلیت حسن انتظام میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ جب کہ قوت فیصلہ سے محروم یا غلط فیصلہ کرنے والا نگران ہر قدم پر متزلزل اور منزل سے دور رہتا ہے اور وہ اپنے معلمین اور طلبہ کے دلوں میں عزت و مقام حاصل نہیں کر سکتا۔

(x) پیشہ ورانہ قابلیت (Professional Qualification):

نگران کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ اعلیٰ پیشہ ورانہ مہارت کا حامل ہو۔ اسے تدریسی اور انتظامی معاملات پر نہ صرف عبور حاصل ہو بلکہ وہ ان کے اطلاق سے بھی پوری واقفیت رکھتا ہو۔ اچھی تدریس، بچوں کی نفسیات اور مختلف شعبوں [illegible] نسق اور ان میں ہونے والی مختلف سرگرمیوں سے بخوبی واقف ہو۔ علم تعلیم اور مدرسے کے قواعد و ضوابط جانتا ہو۔ [illegible] تعلقات کے ذریعے اعلیٰ شخصیات سے روابط پیدا کرنے کا فن بھی جانتا ہو تاکہ ہر قدم پر اپنے معاون معلمین کی [illegible] اور ا[illegible] کے لیے ذوق و شوق پیدا کر سکے۔ مگر ان کی سوچ سی ہم پیچھے رہ گئے ہیں؟

Results of Supervision of Research on Pakista[illegible] Schoo[illegible]

پاکستانی سکولوں میں نگرانی [illegible] وژن پر تحقیقات سے حاصل نتائج:

تعلیمی نظم [illegible] ماہرین کی توجہ کا مرکز رہا ہے اور ہر ملک میں اس کی نوعیت کے بارے میں بحث ہوتی رہتی ہے، اور [illegible] پر غور [illegible] ہے کہ کیسے تعلیمی نظم و نسق کو حرکی اور مؤثر بنایا جائے۔ چونکہ نظم و نسق کا تعلق انسانوں سے ہوتا ہے اور یہ [illegible] حالات اور مقام کے تابع ہوتا ہے اس لئے ایسے طریقوں کی وقتاً فوقتاً ضرورت ہوتی رہتی ہے۔ جس سے نظم و نسق کو فعال [illegible] ہے۔ جدید دور میں انسانی زندگی کے پیچیدہ ہونے اور تیز رفتار ترقی نے جہاں ہر چیز میں تیزی پیدا کی ہے وہاں [illegible] نظم و نسق کو بھی جدید [illegible] نے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ اس کی بدولت مختلف قسم کے تعلیمی مسائل پر قابو پایا جا سکے۔ لہٰذا نظم و نسق پر تحقیقات جاری ہیں۔ ان تحقیقات کی روشنی میں جو نتائج اب سامنے آئے ہیں ان کو [illegible] کی سطور میں پیش کیا جاتا ہے۔

-1 جمہوری نظم و نسق (Democracy of Discipline):

نظم و نسق کا جمہوری ہونا لازم [illegible] ہے۔ اس لئے کہ اس کا تعلق انسانوں سے ہے اور [illegible] انسانوں کی بہتری کے لیے کام کرتا ہے۔ چونکہ نظم و نسق میں ہر شخص [illegible] رہتا ہے۔ اس لئے اس میں اس [illegible] سے معلوم ہونا چاہئے کہ نظم و نسق کی بہتری اس کے حق میں ہے اور یہ [illegible] اس میں خود عملی حصہ لے گا۔ تو اس [illegible] پر اپنا کام بجا لائے گا۔ مدرسے کی حالت بھی ایسی ہی ہو کہ اس [illegible] میں اساتذہ، صدر مدرس اور [illegible] حصہ لیتے جدید تحقیقات کا تقاضا ہے کہ اساتذہ کو اپنی صلاحیتوں کے [illegible] کا موقع دیا جائے اور انتظامی امور میں [illegible] مشورہ کیا جائے۔ ان کی رائے کا احترام کیا جائے۔ شخصی رائے اور پسند اور [illegible] کو دوسروں پر مسلط نہ کیا جائے۔ جدید دور شخصی فیصلوں کا نہیں ہے۔ اس لئے کہ یہ فیصلے زیادہ اعتماد حاصل نہیں کر سکتے۔ اور اس لئے ضروری ہو گیا ہے کہ نظم و نسق میں جمہوریت کی قدروں کو فروغ دیا جائے۔ مغربی ممالک میں یہ جمہوریت مدرسے کے نظام میں پوری طرح متحرک نظر آتی ہے۔ جہاں والدین اساتذہ اور حکومت یکساں طور پر نظم و نسق کی بہتری کے لئے کوشاں ہوتے ہیں۔

042-37361414 - 37245454 [illegible]

(8605) سدائے اقبال ایجوکیشنل پبلشرز اینڈ بک سیلرز پبلشرز، راے پی، ایل

(vi) ذہین اور صاحب بصیرت (Intelligent and Insight):

تعلیمی اداروں کے مدرسی عملے کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ وہ دیگر اداروں کے عملے کی نسبت ذہنی طور پر چاک چوبند اور ذہین ہوں۔ مدرسی عملہ عموماً اعلیٰ ذہانت اور خصوصی صلاحیتوں کے حامل لوگوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اس لیے یہاں پر حاکم اور محکوم کا تعلق کامیاب نہیں ہوتا۔ اس لیے نگران کے لیے بھی غیر معمولی طور پر ذہین اور صاحب بصیرت ہونا ضروری ہے۔ اس میں خوبی ہو کہ وہ کسی بھی مشکل صورت حال میں حاضر دماغی، وسیع النظری اور بیدار مغزی سے [illegible] مسائل کو خوش اسلوبی سے سلجھا سکتا ہو۔ ایجاد و اختراع کی صلاحیت غیر معمولی اور اک اور شعور کی مدد [illegible] جلد بھانپ سکتا ہے۔ جس سے وہ معلمین طلبا اور والدین کے مابین کسی بھی اختلاف کو بخوبی ختم کر سکتا ہے۔

(vii) معاشرتی خصوصیات (Societal Characteristics):

وہ انسان خوش قسمت تصور ہوتا ہے جس کو کام کرنے والے ساتھی اس کی پسند کے مطابق مل جائیں۔ لیکن زیادہ خوش قسمت انسان وہ ہوتا ہے جو اپنے آپ کو حالات کار کے مطابق ڈھال سکے۔ صدر معلم کو مختلف قسم کے حالات سے واسطہ پڑتا ہے۔ سخت گیر نگران اپنے ساتھیوں کا تعاون حاصل کرنے میں ہمیشہ ناکام رہتا ہے۔ خوش اخلاق، ہنس مکھ نگران ہمیشہ اپنے ماتحت عملہ کے ساتھ دوستانہ تعلقات رکھتا ہے۔ اچھی عادات، ہلکی پھلکی اور پرمزاح گفتگو دوسروں کی حوصلہ افزائی، اعتماد اور تعاون جیسے اوصاف حمیدہ نگران یا سپروائزر کی کامیابی کا سبب بنتے ہیں۔

(viii) علمی اور انتظامی قابلیت (Utility of Administrative Matters):

نگران کو اپنے معلمین کے علمی مسائل کا بھی حل تلاش کرنا ہوتا ہے۔ اس لیے بہتر ہے کہ نگران کی علمی فضیلت عام معلمین سے بہتر ہو تاکہ جب وہ کسی مشکل کے حل کے لیے اس کی طرف رجوع کریں تو وہ ان کی مدد کر سکے۔ اگر نگران اپنے ساتھی معلمین سے کم تر علمی درجہ پر ہے تو وہ ان کے دلوں میں عزت و احترام کے جذبات پیدا نہیں کر سکے گا۔ علمی میدان میں ہونے والی نئی تحقیقات اور جدید تجربات سے واقفیت نگران کے لیے اس لیے بھی ضروری ہوتی ہے کہ اس نے طلبا اور معلمین کے دلوں میں حصول علم کے لیے ترپ پیدا کرنا ہوتی ہے۔

اس لیے اگر نگران میں انتظامی فہم و فراست، خوش تدبیری اور حسن انتظام جیسی خصوصیات نہ ہوں تو تمام سرگرمیاں بدنظمی کا شکار ہو جائیں۔ اس لیے نگران کو چاہیے کہ وہ معلمین کی اہلیت اور ان کی استعداد کار کے مطابق ان میں مختلف کام تقسیم کر دے اس طرح نہ صرف مدرسے کی ابتدائی کارکردگی میں اضافہ ہوگا بلکہ معلمین کی صلاحیتیں بھی اجاگر ہوں گی۔

(ix) قوت فیصلہ (Power of Decision):

انسانی شخصیت میں قوت فیصلہ کی مثال جسم میں ریڑھ کی ہڈی (Back Bone) کی طرح ہوتی ہے۔ اس کے بغیر اچھی کارکردگی ممکن نہیں ہوتی۔ فیصلہ کرتے ہوئے اگرچہ بہت غور و فکر سے کام لینے کی ضرورت ہوتی ہے مگر نگران نہ تو فیصلہ کرتے ہوئے اتنی دیر لگا دے کہ اس کی افادیت جاتی رہے اور نہ ہی اتنی جلد بازی سے فیصلہ کرے جسے بار بار تبدیل کرنا پڑ جائے۔ فیصلہ پر مستقل مزاجی سے قائم رہنا ضروری تو ہے مگر حالات کے تحت اس میں تبدیلی بھی کی جا سکتی ہے۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

2- غیر جمہوری نظم ونسق (Lack of Dernocracy):

تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ ہمارا نظم ونسق جمہوری نہیں ہے۔ اس کے اندر دوسروں کی رائے کو اتنی زیادہ وقعت نہیں دی جاتی۔ ہمارے مدارس میں صدر مدرسین کا رویہ غیر جمہوری ہے جس کے اثرات نیچے اساتذہ اور طلبہ تک جاتے ہیں۔ ظاہر ہے جب فارغ التحصیل طلبہ زندگی کے دوسرے شعبوں میں جاتے ہیں تو ان کی شخصیت پر آمرانہ انداز کی مہر ثبت ہونے کی وجہ سے ان کا رویہ بھی غیر جمہوری ہوتا ہے۔ صدر مدرس اپنے اساتذہ پر اور اساتذہ طلبہ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

3- غیر لچکدار نظم ونسق (Inflexibility of Decipline):

نظم ونسق جتنا لچکدار ہوگا۔ اس کو موزوں کرنا اتنا ہی آسان ہوگا مگر ہمارے یہاں نظم ونسق جاننے والوں کا رویہ چونکہ آمرانہ ہوتا ہے اس لئے اس کے اندر کسی قسم کی تبدیلی کرنا آسان نہیں ہوتا۔ صدر مدرسین اور اساتذہ اپنی رائے کو حتمی خیال کرتے ہیں۔ افسران بالا اپنی رائے کے خلاف کچھ سننے کے لئے تیار نہیں ہوتے۔ اس صورت حال میں نظم وضبط اور نظم ونسق چند سخت اور جامد قسم کے اصول بن کر رہ جاتا ہے۔

طلبہ کی موجودہ تعلیمی اہلیت نے ثابت کر دیا ہے کہ غیر لچکدار نظم ونسق کی بدولت تعلیمی ترقی میں پیش رفت نہیں رہی۔ یہ سب غیر لچکدار نظم ونسق کا نتیجہ ہی ہے کہ جمہوریت مدرسے میں بہت کم نظر آتی ہے۔

4- غیر متوازن نظم ونسق (In balanced Dicipline):

تحقیقات کی روشنی میں یہ کہا جا رہا ہے کہ ہمارا نظم ونسق غیر متوازن ہے اور غیر سماجی بھی ہے۔ غیر متوازن اسی طرح ہے کہ اس میں ایسے ضابطے پائے جاتے ہیں جو ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ پرانے ضابطوں کو بہت احتیاط سے سنبھال کر رکھا گیا ہے۔ اور ان میں وقت کے تقاضوں کے مطابق تبدیلی کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کی جاتی۔ یہ صورت حال نامناسب ہے۔ ہمارا نظم ونسق غیر سماجی اس طرح ہے کہ اس میں سماجی ضرورتوں کی تکمیل نہیں ہوتی۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ معاشرے اور مدرسے کی انتظامیہ دو حریف ہیں جو ترقی کی راہ میں رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔

5- آمرانہ نگرانی کا نظام (Dictative System of Supervision)

نگرانی کا مؤثر نظام کسی بھی نظم ونسق کی جان ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں نگرانی کے پرانے ہتھکنڈے استعمال ہوتے ہیں جن کا مقصد ماتحت عملے کو ہراساں کرنا اور انہیں اپنے تابع کرنا ہوتا ہے۔ نگران عملہ غیر تربیت یافتہ، ان کا طرز عمل غیر جمہوری اور ان کی نگرانی کا انداز سطحی قسم کا ہوتا ہے جس کا مقصد محض ضابطے کی کارروائی پوری کرنا ہوتا ہے۔ نگرانی کرنے کے نظام کو تبدیل نہ کرنے کا سبب وہ مزاج ہے جس کی تربیت ابتداء ہی سے دی جاتی ہے۔ نگران عملے میں ذاتی اوصاف مفقود ہیں۔ ایسے افراد نگرانی کے عملے میں شامل ہوتے ہیں جو تدریس کے تقاضوں سے ناواقف ہوتے ہیں۔ ان کے نزدیک معائنہ بس مدرسے پر ایک نظر ڈالنا ہے اور اپنے احکامات کی تعمیل کرانا ہے۔

6- انسانی تعلقات کا فروغ Provision of Human Relations:

نظم ونسق کا مطلب ہے اپنے ماتحت عملے سے موزوں کام لینا۔ اس طرح یہ انسانی تعلقات کے فروغ کا موجب بھی بنتا ہے۔ صدر مدرس اور اساتذہ، اساتذہ وطلبہ، اساتذہ اور والدین اور مدرسے ومعاشرے کے درمیان تعلقات مدرسے

کی بہتری کیلئے ہوتے ہیں۔ ہمارے نظم ونسق نے انسانی تعلقات کو فروغ دینے میں مرکزی کردار ادا نہیں کیا ہے۔

7- آمرانہ نظم ونسق کی مختلف سرگرمیاں:

(Dictative activities of discipline):

مدرسے کی مختلف سرگرمیوں میں سب سے اہم وقت نامے کی تیاری، جماعت بندی امتحانات کا انعقاد اور ہم نصابی سرگرمیاں ہوتی ہیں۔ تحقیقات نے یہ بات ثابت کی ہے کہ وقت نامے کی تیاری میں جمہوری عمل کو بالائے طاق رکھ کر شخصی مرضی مسلط کی جاتی ہے۔ اس طرح فرائض کی بجا آوری تو ہوتی ہے مگر اس میں لگن اور دلچسپی مفقود ہوتی ہے۔

ہم نصابی سرگرمیاں (Co-curricular Activities):

یہی حال ہم نصابی سرگرمیوں کا ہوتا ہے جن کی ترتیب میں ذاتی پسند وناپسند حائل ہے، امتحانات کے طریقے فرسودہ ہیں اور انہیں بہتر بنانے اور وقت کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کی زیادہ ضرورت محسوس نہیں کی جاتی۔ جماعت بندی بس اندازوں اور ایک روایت کے انداز میں کی جاتی ہے۔ تحقیقات نے یہ ثابت کیا ہے کہ اس قسم کے انداز فکر سے نظم و نسق کا عمل ہرگز بہتر نہیں ہوتا ہے۔

سوال 5: نگرانی کی تکنیکس کا تنقیدی جائزہ لیں۔ نیز بیان کریں کہ ہمارے سپروائزرز یا نگران کن تکنیکوں کا اکثر وبیشتر استعمال کرتے ہیں اور کیوں؟

جواب: نگرانی کی مختلف تکنیکیں:

(Different Techniques of Supervision):

چندراسکارا (chandrasekaran) نے مندرجہ ذیل تکنیکیں پیش کی ہیں۔

(i) انسدادی (Preventive):

نگران کو ہیڈ ماسٹر یا بیرونی نگران کی طرح کا انسدادی سپروائزر ہونا چاہئے۔ جسے یہ اندازہ ہو کہ مدرسہ میں تعینات ہر نئے استاد کو مختلف مسائل اور مشکلات پیش ہو سکتی ہیں اس لئے وہ اساتذہ کرام کو ان مشکلات سے بچانے کے لئے انسدادی اقدامات اور تدابیر کرے۔ اس کے ساتھ ہی اساتذہ کو اپنی غلطی خود ہی سدھارنے کا موقع مل جاتا ہے اور جبکہ پیشہ ورانہ ترقی کیلئے انہیں اپنے اندر سے تحریک ملتی ہے۔

(ii) اصلاحی (Corrective):

کلاس روم میں جانے والا نگران Teacher/Supervisor اگر اس ارادے سے ہی جائے کہ اس نے اساتذہ کی غلطیاں تلاش کرنی ہیں تو وہ کبھی غلطیاں نہیں حاصل کر پائے گا بلکہ اساتذہ بھی اس سے خوش ہو جائیں گے۔ لیکن یہ بھی سوچنا غلط ہوگا کہ اصلاحی نگرانی بالکل غیر اہم ہوتی ہے۔ بلکہ کئی اساتذہ نگرانی کی اسی طرح کے خواہش مند ہوتے ہیں، نگران کو چاہئے کہ وہ غلطیوں پر نظر ضرور رکھے لیکن اسے چاہیے کہ وہ ہر غلطی (Mistake) کو جائز مقام دے، کئی غلطیاں بالکل معمولی سی ہوتی ہیں جنہیں نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔

البتہ جو غلطی مقاصد کے حصول میں رکاوٹ بن رہی ہو اس کی تصحیح کرا دینی چاہئے۔ بعض غلطیاں ایسی بھی ہوتی

AIOU LIBRARY · Code 8605 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

ہیں جن کی فوری اصلاح کی ضرورت پڑتی ہے اگر نہ کی جائے تو اساتذہ کی اثر پذیری متاثر ہوتی ہے اس لئے ان پر خصوصی توجہ دینی چاہئے۔

(iii) تعمیری (Constructive):

نگرانی کا عمل تعمیری انداز میں اور بروقت ہونا چاہئے۔ غلطی چھوٹی ہو یا بڑی بات صرف اصلاح تک نہیں رہنی چاہئے۔ صرف غلطی دور کرنے کی بجائے کوشش یہ ہونی چاہیے کہ اساتذہ کو اس انداز میں تیار کر دیا جائے کہ وہ آئندہ انجانے میں بھی وہ غلطی نہ دہرائیں، یعنی وہ بات ان کے اذہان میں پختہ کرنا ضروری ہوتا ہے، تعمیری نگرانی میں اساتذہ کی بتدریج نشوونما (Development) پر دھیان دیا جاتا ہے۔

جس سے اساتذہ کی پرفارمنس بہتر ہو جاتی ہے اور وہ خود کو مضبوط و توانا محسوس کرتے ہیں، ایک اچھا نگران ہمیشہ اساتذہ کو بتاتا ہے کہ اچھی تدریس حقیقت میں کیسی ہوتی ہے اور ایسا کرتے ہوئے اس کا انداز ایسا ہوتا ہے جس سے اساتذہ کو تدریس بہتر بنانے کی تحریک ملتی ہے۔

(iv) تخلیقی (Creative):

تخلیقی نگرانی کا تقاضا ہے کہ نگران مختلف قسم کی تخلیقی قوت اور آزادانہ آزمائش کی حوصلہ افزائی کرے، اساتذہ کو آزادانہ انداز میں بھرپور شرکت کے موقع کی فراہمی تخلیقی نگرانی کی خوبی ہوتی ہے جو کہ اسے تعمیری نگرانی سے ممتاز کرتی ہے۔

تبصرہ:

ہمارے اکثر و بیشتر نگران تنقیدی تکنیک کا استعمال کرتے ہیں۔ نکتہ چینی اور دوسروں کے کام میں صرف خامیوں کی نشاندہی ان کا من پسند طریقہ ہوتا ہے، اور ان کے منہ سے حوصلہ افزائی یا پسندیدگی کے کلمات بہت کم سننے کو ملتے ہیں۔ ماتحتوں کی طرف سے اچھی تجاویز کو بھی بعض اوقات احساس برتری کے زیر اثر نظر انداز کر دیا جاتا ہے، اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ سپروژن یا نگرانی کے فرائض بعض اوقات استعداد اور اہمیت کے بغیر سونپے جاتے ہیں۔ دوسری طرف محض بزرگی یا طویل سروس کو بھی سپروژن یا نگرانی کی اہلیت سمجھ لیا جاتا ہے۔ جبکہ نگران کے لیے جدت اور فہم و فراست پر مشتمل بعض بہت اہم خصوصیات کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

Elmas Ali

باب 4

* Lesson planning
* elements of good/effective lesson planning
* 1st LP
* 3rd LP
Benefits

تعلیمی منصوبہ بندی
(Educational Planning)

سوال 1- تعلیم کا تصور، مقاصد اور اہمیت بیان کریں۔

جواب: 1- تعلیم کا تصور (Concept of Education):

تعلیم کا مقصد کیا ہوتا ہے؟ اس میں کیا کچھ حاصل کرنے کا ارادہ کیا جاتا ہے؟ یہ سوال ایسے ہیں جن کا ہر تعلیمی پالیسی میں جواب دینے کی کوشش کی جاتی ہے، تعلیم کے ایمز (Aims) یا مقاصد کا تعین قومی پالیسی، سماجی معاشی نفسیاتی اور تعلیمی ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔ تعلیم کا جن بنیادی قسم کے معاملات سے تعلق ہوتا ہے اس کی تاریخ صدیوں پر محیط ہے۔ البتہ اس [illegible] مختلف اوقات میں مختلف پہلوؤں پر زور دیا جاتا رہا ہے۔

ایجوکیشنل ایمز (Educational Aims):

تعلیمی ایمز ایک لمبے عرصے تک [illegible]، حب الوطنی، اور نظریاتی نوعیت کے رہے ہیں جس میں تعلیم کو ثقافتی ورثے کا محافظ تصور کیا گیا، [illegible] ثقافتی [illegible] ایک سے دوسری نسل تک منتقل کرنے کے لئے تعلیم کو بنیادی ذریعہ قرار دیا گیا۔ بعد میں عقلی تربیت (یعنی ابتدائی طور پر [illegible] واندگی جبکہ بعد میں سائنسی نوعیت کی تربیت) پر زور دیا جانے لگا، یعنی علم بذات خود ایک مقصد بن گیا۔

اب ایک اور تصور عام ہے جس میں [illegible] کو قومی [illegible] کے [illegible] گیا ہے، اس تصور کے تحت تعلیم کے ذریعے معاشرے کے نوجوانوں کو زندگی کے مختلف پہلوؤں سے نبرد آزما ہونے کیلئے تیار کیا جاتا ہے، روزگار کے لئے انہیں تربیت دی جاتی ہے، اور جمہوری معاملات میں شرکت کیلئے ان کو تیار کیا جاتا ہے۔

اب ایک اور تناظر میں بھی تعلیم کو اہمیت دی جا رہی ہے جس کے تحت [illegible] سے قائم اقدار کو چیلنج کرنے اور ان میں تبدیلی لانے کے لئے کوشش کی جاتی ہے نیز اس میں تربیت سے زیادہ تعلیم [illegible] پانے کی صلاحیت کو بڑھانے پر زور دیا جاتا ہے۔

2- تعلیم کے مقاصد (Objectives of Education):

درسی کتب اور حکومت کی طرف سے جاری ہونے والے پالیسی بیانات میں تعلیم کے مختلف مقاصد مختلف انداز میں پیش کئے گئے ہیں، ان بیان کردہ مقاصد کے مشمولات اور ان کی اہمیت میں فرق بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ البتہ تین بنیادی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 29 of 99 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



63

صدائے انقلاب پبلیکیشنز لیڈ شپ اینڈ مینجمنٹ برائے بی ایڈ (8605)

(iv) شہری ذمہ داریوں سے متعلق مقاصد:

The Objectives of civic responsibility:

سماجی انصاف (Social Justice):
تعلیم یافتہ شخص سماج میں انسان کو درپیش حالات واقعات میں پائی جانے والی تفریق کے بارے میں بڑا حساس ہوتا ہے۔

سماجی سرگرمی (Social Activity):
تعلیم یافتہ شہری سماج میں بے چینی اور غیر اطمینان بخش حالات کو درست کرنے کے لئے کام کرتا ہے۔

سماجی سوجھ بوجھ (Social Understanding):
تعلیم یافتہ شہری سماجی ساخت اور اس کی تشکیل کے عمل کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے۔

سماجی [illegible] (Social Judgement):
تعلیم یافتہ شہری پراپیگنڈا اور حقیقت میں تمیز کر سکتا ہے اور اپنا بچاؤ کرنا جانتا ہے۔

برداشت (Tolerance):
تعلیم یافتہ شہری مختلف رائے کو برداشت کرتا ہے۔

حفاظت (Conservation):
تعلیم یافتہ شہری قومی [illegible] کا تحفظ کرتا ہے۔

سائنس کا سماجی اطلاق (Social Appreciation of Science):
تعلیم یافتہ شہری عوامی فلاح کے لئے جدید سائنسی اصولوں کو بروئے کار لاتا ہے۔

عالمی بھائی چارہ (World Citizenship):
تعلیم یافتہ شہری صرف اپنے وطن سے ہی مخلص نہیں بلکہ عالمی بھائی چارے کے لئے کام کرنے کا متمنی ہوتا ہے۔

قانون کا احترام (Law Obnservance):
تعلیم یافتہ شہری قانون کا احترام کرتا ہے۔

معیشت کا علم (Economic Literacy):
تعلیم یافتہ شہری معاشی معاملات کے حوالے سے باعلم ہوتا ہے۔

سیاسی شہریت (Political Citizenship):
تعلیم یافتہ شخص ریاست کے شہری کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریوں سے پوری طرح [illegible] ہوتا ہے۔

جمہوریت کے ساتھ وفاداری (Devotion to Democracy):
تعلیم یافتہ شہری جمہوریت کی مثالی اقدار کے ساتھ [illegible] رہتا ہے۔

اوپر پیش کئے جانے والے مقاصد میں ملک و مذہب کے [illegible] سے تھوڑا بہت ردوبدل بھی ہو سکتا ہے تاہم ان میں بیشتر مقاصد آپ کو ہر ملک کی فہرست میں ملیں گے۔ ہر ثقافت میں پایا جانے والا سماجی و معاشی انداز اور اقدار کا نظام یقیناً کئی پہلوؤں میں دوسری ثقافت سے مختلف ہوگا، ہر ثقافت میں تعلیم یافتہ شخص کا اپنا ہی تصور ہوتا ہے اور اس کے مقاصد کا

صدائے انقلاب پبلیکیشنز اردو بازار لاہور 042-37361414 - 37245454

صدائے انقلاب پبلیکیشنز لیڈ شپ اینڈ مینجمنٹ برائے بی ایڈ (8605)

تعلیم یافتہ شخص سماجی ادارے کے طور پر خاندان کی قدر کرتا ہے۔

گھر کی حفاظت (Conservation of the Home):
تعلیم یافتہ شخص گھر کی مثالی اقدار کا تحفظ کرتا ہے۔

گھر بنا کر رکھنا (Home making):
تعلیم یافتہ شخص گھر بنا سنوار کر رکھنے میں ماہر ہوتا ہے۔

گھر میں جمہوریت (Democracy in the Home):
تعلیم یافتہ شخص خاندانی رشتے جمہوری اقدار پر استوار کرتا ہے۔

(iii) معاشی استعداد سے متعلق مقاصد:

The Objectives of economic effeciency:

کام (Work):
تعلیم یافتہ شخص پیدا کنندگان کے اچھے معیار کی تسکین سے آگاہ ہوتا ہے۔

پیشہ ورانہ معلومات (Occupational Information):
تعلیم یافتہ شخص پیدا کنندہ مختلف ملازمتوں کے مواقع کی ضرورت کو سمجھتا ہے۔

پیشہ ورانہ انتخاب (Occupational Choice):
تعلیم یافتہ شخص پیداواری عمل کے لئے اپنا پیشہ منتخب کر چکا ہوتا ہے۔

پیشہ ورانہ لیاقت (Occupational Adjustment):
تعلیم یافتہ شخص پیدا کنندہ منتخب کردہ پیشے میں کامیاب ہوتا ہے۔

پیشہ ورانہ مطابقت:
تعلیم یافتہ شخص پیداواری استعداد لیاقت بڑھاتے ہوئے پیشے کے ساتھ مطابقت برقرار رکھتا ہے۔

پیشہ ورانہ قدردانی (Occupational Appreciation):
تعلیم یافتہ شخص پیداواری صلاحیتوں کے حوالے سے سماجی اقدار کی قدردانی کرتا ہے۔

ذاتی کفایت شعاری (Personal Economics):
تعلیم یافتہ شخص صارف اپنی زندگی میں کفایت شعاری کا اہتمام کرتا ہے۔

صارف کی بصیرت (Consumer Judgement):
تعلیم یافتہ شخص صارف اپنے اخراجات کو ترتیب دینے کے لئے معیار تشکیل دیتا ہے۔

خریداری کی قابلیت (Efficiancy in Buying):
تعلیم یافتہ شخص صارف باخبر اور ماہر خریدار ہوتا ہے۔

صارف کی حفاظت (Consomerprotection):
تعلیم یافتہ شخص صارف اپنی پسند کا خیال رکھنے کے لئے مناسب حفاظتی اقدامات کرتا ہے۔

صدائے انقلاب پبلیکیشنز اردو بازار لاہور 042-37361414 - 37245454

AIOU LIBRARY · Code 8605 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



تعین اسی تصور کو بنیاد بنا کر کیا جاتا ہے۔

تعلیم کے مختلف مقاصد کا تین شعبوں میں خلاصہ (Summary of various objectives of education in three domains):

(i) وقوفی شعبہ جس کا تعلق غور و فکر اور علم سے ہوتا ہے۔

(ii) تاثراتی شعبہ جس کا تعلق رجحانات، احساسات اور جذبات سے ہے۔

(iii) نفسیاتی (Psychomotor Domain) حرکیات کا شعبہ جس کا تعلق [illegible] حرکات میں موا[illegible] سے ہو۔

مدعا کوئی بھی ہو ہر ثقافت میں کسی نہ کسی وقت پر انہی تین شعبوں میں سے کسی پر توجہ مرکوز [illegible] تی [illegible] علم کا بنیادی مقصد فرد کی متوازن نشوونما ہوتا ہے۔ اس لئے ماہرین تعلیم فرد کی مکمل شخصیت کی نشوونما کے لئے [illegible] تاہم تعلیمی منصوبہ بندی کے لئے ضروری ہے کہ تعلیم کے قومی مقاصد کے جامع تصور کی شناخت کر لی جائے۔

ایسے جامع مقاصد جنہیں تعلیم کے ذریعے حاصل کیا جانا مقصود ہوتا ہے وہ ہمارے تصور تعلیم میں تین بڑی تبدیلیاں لے کر آتے ہیں۔

(i) تعلیم انسانی زندگی کے کسی ایک مرحلے تک محدود نہیں کی جا سکتی، مقاصد کی نوعیت اور وسعت کا تقاضا ہے کہ یہ عمل تمام زندگی جاری رہے، یعنی ماں کی گود سے گور تک علم حاصل کیا جانا چاہئے۔

(ii) مدرسہ اور دیگر تعلیمی ادارے تعلیم کے مقاصد حاصل کرنے کا واحد ذریعہ نہیں ہوتے ہیں، بلکہ حقیقت میں یہ ادارے بعض مقاصد کے حصول کے لئے ناکافی ہیں اس لئے مدرسے اور دیگر تعلیمی اداروں کا نعم البدل تلاش کرنے کی کوشش کرنا پڑتی ہے۔

(iii) عملی کام کے بغیر صرف مطالعہ کے ذریعے علم سیکھنے یعنی تعلیم کا واحد طریقہ نہیں ہے۔ بلکہ عملی کام زیادہ مؤثر طریقہ تعلم ہے، اس لئے زندگی کے ہر دور میں مطالعہ اور عملی کام کو ملا کر تعلم کا اہتمام کیا جانا بے حد ضروری ہے۔

سوال 2: تعلیمی منصوبہ بندی اور اس کی اپروچز پر بحث کریں۔ پاکستان میں ان اپروچز پر کہاں تک عمل کیا جاتا ہے؟

جواب: 1- تعلیمی منصوبہ بندی کیا ہے؟ (What is Educational Planning)

تعلیمی منصوبہ بندی، عام منصوبہ بندی کی طرح ایک ضابطہ اور طریقہ کار ہوتا ہے لیکن اس میں تعلیم کے حوالے سے فیصلے کئے جاتے ہیں، تاکہ تعلیمی اہداف اور مقاصد کو مستقبل میں دستیاب وسائل کی طرح استعمال کرتے ہوئے حاصل کیا جا سکے۔

اگر یہ سوچا جائے کہ تعلیمی منصوبہ بندی کسی بھی تعلیمی نظام کی بیماری کے لئے علاج ہوتی ہے تو یہ درست نہیں، اس میں محض ماضی اور حال کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم کا عقلی جائزہ لیا جاتا ہے اور دستیاب وسائل کی مدد سے مستقبل میں تعلیم کے اہداف کو حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ تعلیمی منصوبہ بندی محض ایک راستہ بتاتی ہے جس پر چل کر تعلیمی عمل کی مشکلات کو کم کیا جاتا ہے اور پھر بہتر سے بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں تعلیم کو زیادہ سے زیادہ مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

تعلیمی منصوبہ بندی ایک مسلسل جاری رہنے والا عمل ہوتا ہے، جس میں تجزیاتی حقائق اکٹھے کئے جاتے ہیں اور تعلیم کے اہداف سے لے کر ان کے حصول تک پروگرام کو مؤثر بنانے کے لئے تجاویز مرتب کی جاتی ہیں۔

2- تعلیمی منصوبہ بندی کی نوعیت: (Major Interest of Educational Planning):

تعلیمی منصوبہ بندی سے متعلق ضروری امور درج ذیل ہیں:

(i) متبادل فیصلوں کی تیاری: (Preparation of Alternatives Decision)

فیصلے پالیسی بنانے والوں اور اسے عملی جامہ پہنانے والوں کی معاونت کے لئے ہوتے ہیں، تاکہ وہ تعلیم کو زیادہ مؤثر بنانے کے لئے مختلف اقدامات کا عقلی انتخاب کر سکیں۔

(ii) اہداف اور مقاصد (Goals and Objectives):

اس سے [illegible] وہ نتائج ہوتے ہیں جو کہ تعلیمی عمل کے ذریعے ہم حاصل کرنا چاہتے ہیں، یہ مقاصد اور اہداف آخر کار ہر عمل [illegible] انتہائی بنیادی حصہ بن جاتے ہیں۔

(iii) پروگرامز اور خدمات (Programmes and Services):

پروگرامز اور خدمات کے حوالے سے دیکھا جاتا ہے کہ ہم تعلیمی سرگرمیوں اور اعانتی خدمات کو کیسے ترتیب دیتے ہیں۔

(iv) انسانی وسائل (Human Resources):

اس سے مراد ہے کہ ہم [illegible] عملے کی کا[illegible] بہتر بنا سکتے ہیں ان میں باہمی تعاون کو کیسے فروغ دیا جا سکتا ہے اور ان کے رویوں کو کیسے درست کیا جا سکتا ہے [illegible] قابلیت کیسے بڑھائی [illegible] ہے۔

(v) طبعی وسائل (Physical Resources):

طبعی وسائل کے حوالے سے دیکھا جا سکتا ہے کہ [illegible] کیسے تمام [illegible] کو [illegible] کار لا سکتے ہیں، اور ان کی تقسیم کیسے ہوگی اور ہر ذریعے سے زیادہ سے زیادہ فائدہ کیسے حاصل کیا جا سکتا ہے؟

(vi) مالیات (Finance):

اس میں یہ دیکھا جاتا ہے کہ اخراجات پر کیا لاگت آئے گی اور ہم آمدن کے [illegible] ذرائع [illegible] کر سکتے ہیں، اور دستیاب انسانی و طبعی وسائل کا بھرپور استعمال کیسے ہو سکتا ہے؟

(vii) حکومتی ڈھانچہ (Government Structure):

اس میں دیکھا جاتا ہے کہ سیاسی حالات کے تناظر میں تعلیمی پروگرامز کو کیسے کنٹرول کیا جا سکتا ہے؟

(viii) سماجی معاملات (The Social Contect):

سماجی معاملات کے حوالے سے دیکھا جاتا ہے کہ کون سے سماجی مسائل ایسے ہیں جن پر نظام تعلیم میں خصوصی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 32 of 99 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



منصوبہ بندی کی اہم ترین اپروچز یا طریقے

Major Approaches/Methods to Educational Planning

(i) سوشل ڈیمانڈ کا طریقہ (The Social Demand Methodology):

تعلیمی منصوبہ بندی کا مقصد تعلیم کے سماجی مطالبے کو پورا کرنا ہے۔ تعلیم کو عام طور پر اچھی نظر سے دیکھا جاتا ہے ہر فرد کو ضرورت پڑتی ہے۔ اگر اس اصول کو اپنایا جائے تو تعلیمی ادارے اور دیگر تعلیمی سہولیات کا ہر اس جگہ پایا جانا ضروری ہے جہاں پر اس کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہو۔ اس طریقہ کار کو ایسے معاشروں میں اختیار کیا گیا ہے جن کے مقاصد [illegible] معاشرے میں مساوات قائم کرنا یا معاشرے کی ضروریات کے مطابق تعلیمی اہداف کا حاصل کرنا شامل ہوتا ہے اور [illegible] اور بنیادی مطالبات کو اہمیت دیتے ہیں۔ سوشل ڈیمانڈ اپروچ (Social Demand Approach) کا تقاضا ہے کہ [illegible] جغرافیائی گنجانیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیمی سہولیات کو تقسیم کیا جائے، اس طریقہ کار میں تعلیمی سہولیات کی [illegible] وجودگی ہے جبکہ کسی خاص سطح تک کی تعلیم سے معاشرے کے ہر فرد کو مستفید کرنا اس کا مقصد نہیں۔

(ii) افرادی قوت کی ضرورت کا طریقہ (The Manpower Requirement Methodology):

اس طریقہ کار میں ملکی ترقی کے لئے تربیت یافتہ افرادی قوت کی ضرورت پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ اس سے افرادی قوت کی اقسام، شامل افراد کی تعداد، افراد کی تقسیم وغیرہ کے حوالے سے پیش گوئی ہوتی ہے اور پراجیکٹ تشکیل دینے میں آسانی رہتی ہے۔ اس کے ساتھ دیگر اقسام کے طریقہ [illegible] یہ ہیں کہ:

(i) آجر کی رائے کا طریقہ (Employers' Opinion Method) جس میں آجر افرادی قوت کی ضرورت کا ڈیٹا مرتب کرتے ہیں جس میں افراد کی مہارت کا ذکر کیا گیا ہوتا ہے۔

(ii) انکریمنٹل لیبر آؤٹ پٹ ریشو کا طریقہ (Incremental Labour Output Ratio Method) جس میں مزدور کی ترقی و منافع کا شعبے کی ترقی و پیداوار اور قومی آمدنی کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے۔

(iii) بین الاقوامی تقابل کا طریقہ (International Comparison Method) جس کے [illegible] کسی ملک میں افرادی قوت کی ضرورت کا تعین کرنے کے لئے اس کا ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک کے ساتھ موازنہ کیا جاتا ہے۔ اس کے لئے قیاس (Analogy) کو عمل میں لایا جاتا ہے۔

(iv) شرح گنجانیت کا طریقہ (Density Ratio Method) جس میں افرادی قوت کی مختلف کیٹگریز کے درمیان میں مستحکم شرح کا اندازہ قائم کیا جاتا ہے۔

توجہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ نظام تعلیم بھی سماجی نظام کی ایک چھوٹی شکل ہے، جس میں کسی ملک میں پائے جانے والے سماجی نظام کے مختلف عناصر شامل ہوتے ہیں۔

مندرجہ بالا مفروضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اس پیچیدہ پر پہنچتے ہیں کہ تعلیمی منصوبہ بندی مجموعی قومی پلاننگ کا ایک حصہ ہوتی ہے جو کہ عمومی طور پر اس کے ساتھ شامل ہے۔ منصوبہ بندی چاہے قومی سطح پر ہو یا مقامی یا پھر ادارے کی سطح پر ہو ہر ایک میں کچھ ایسے مشترکہ اقدامات تجویز کئے جاتے ہیں جن سے دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے مستقبل میں کوئی بہتری لائی جا سکتی ہے۔ نیز منصوبہ بندی میں اقدامات کا طریقہ کار اور سمت عملی بھی طے کی جاتی ہے تاکہ ابہام سے بچا جا سکے۔

3- تعلیمی منصوبہ بندی کی ضرورت و اہمیت:

تعلیم ایک ایسا عمل ہوتا ہے جس کے لئے وقت درکار ہوتا ہے۔ ایک بچہ جو کہ اب تعلیم حاصل کرنا شروع [illegible] کرے، تو پانچ سال بعد وہ سیکنڈری سکول میں داخل ہوگا اور مزید پانچ سال صرف کرنے کے بعد وہ کالج [illegible] پہنچے گا۔ تعلیم کے قریباً 14 سال مکمل کرنے کے بعد وہ کسی ملازمت کی تلاش شروع کرتا ہے۔ چونکہ تعلیم کا دورانیہ بہت طویل ہوتا ہے۔

اس لئے تعلیمی منصوبہ سازوں کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ مستقبل (Future) کے حالات کا ادراک کرتے ہوئے ایسی منصوبہ بندی کریں کہ طلبہ ہر دور کے تقاضوں کے مطابق تعلم حاصل کر سکیں، اور ہر دور کے حوالے سے طلبہ کو سہولیات بہم پہنچائی جا سکیں۔ موجودہ تناظر میں دیکھا جائے تو تعلیم کو بحرانی کیفیت کا شکار کہا جا سکتا ہے۔ اس کا معیار بہت کم ہے پڑھائے جانے والے مواد میں بیشتر غیر متعلقہ ہوتا ہے، تعلیمی سہولیات کے لیے وافر سرمایہ دستیاب نہیں ہے، گریجوایشن (Graduation) کرنے والے افراد کو بھی روزگار نہیں ملتا، ان مسائل کو حل کرنے کے لئے پلاننگ منصوبہ بندی کی ضرورت پڑتی ہے۔

منصوبہ بندی مستقبل میں ترقی کی ایک شعوری کوشش ہے لیکن ترقی کے لئے منصوبہ بندی کوئی لازمی شے نہیں کیونکہ اگر کوئی منصوبہ بندی نہ بھی کی جائے پھر بھی افراد خود کو کھپانے کے لئے مدارس اور کالجوں کا رخ کریں گے۔ اگر ہم تعلیم کو اس کے حال پر چھوڑ دیں تب بھی یہ ترقی کرے گی اور نشوونما پائے گی۔ البتہ منصوبہ بندی سے ہم تعلیم کی فطری ترقی کی رفتار کو تیز کر سکتے ہیں۔

4- تعلیمی منصوبہ بندی کی اپروچز:

(Approaches/Methods to Education Planning):

تعلیمی منصوبہ بندی کو ماضی سے لے کر اب دیگر سماجی و معاشی شعبوں سے الگ دکھا جاتا رہا ہے لیکن بدلتے دور کے ساتھ دیکھا گیا ہے کہ اس کا سب سے پہلا تعلق اس وقت قائم ہوا جب تعلیم پر ہونے والے اخراجات کی دیگر شعبوں کے اخراجات کے ساتھ موازنہ یا مطابقت ضروری قرار پائی۔ تعلیم پر صرف اخراجات نہیں ہوتے بلکہ یہ ایک طرح کی سرمایہ کاری بھی ہے جس کے منافع بخش نتائج مستقبل میں برآمد ہوتے ہیں اور معاشی ترقی کیلئے یہ انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ ماہرین معاشیات نے اپنے طور پر تعلیم میں دلچسپی لینا شروع کی اور معاشیات میں تعلیم کے کردار پر تحقیقات کی گئیں، ان سے قومی آمدنی بڑھانے کے لیے تعلیم یافتہ افرادی قوت کی اہمیت میں اضافہ ہوا۔

AIOU LIBRARY · Code 8605 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

(iii) معاوضے کی شرح کا طریقہ (Rate of Returns Methodology):

یہ طریقہ کار مختلف سطح پر مختلف قسم کی تعلیم پر آنے والی نجی و سرکاری لاگت کے معاوضے کے تناظر میں تعین کرتا ہے۔ اس طریقہ کار کے خاص نقطہ نظر کے مطابق تعلیم ایک طرح کی سرمایہ کاری ہے، اس لئے اس سے بھی دیگر سرمایہ کاریوں کی طرح کچھ وقت کے بعد منافع حاصل ہونا چاہئے۔

یہ صرف اس وقت حاصل ہو سکتا ہے جب اس کے ذریعے بے روزگاری کا خاتمہ ہو رہا ہو یا صلاحیتوں کو ضائع کرنے والے متغیرات میں کمی آ رہی ہو۔ لیکن اس طریقہ کار کا ایک مسئلہ یہ ہے کہ تعلیم [illegible] فوائد مثلاً اقدار اور رجحانات میں تبدیلی وغیرہ ایسے ہیں کہ ان کی دیگر قسم کے مالی حساب کتاب کی طرح [illegible] ممکن نہ ہو اس لئے بیشتر ترقی پذیر ممالک میں مختلف اوقات میں مختلف طریقے اختیار کرنے کا رجحان پایا جاتا ہے۔ [illegible] یہ چناؤ [illegible] ضروریات کو مدنظر رکھ کر کیا جاتا ہے۔ یعنی ترقی پذیر ممالک اپنے حالات کے مطابق طریقے اختیار کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔

سوال 3: منصوبہ بندی یا پلان بنانے کے عمل کے اہم اقدامات لکھئے۔

جواب:

منصوبہ بندی یا پلان بنانے کا عمل
The Process of Plan Formulation

منصوبہ بندی یا پلان بنانے کا عمل مندرجہ ذیل مراحل سے گزرتا ہے:

1- وسیع پیمانے کے مقاصد اور اہداف کا تعین:
(Broad Objectives and Targets Setting):

پلان کی تشکیل کا پہلا مرحلہ وسیع مقاصد اور اہداف کا تعین ہوتا ہے، سماجی و معاشی اہداف جو مقرر کئے جاتے ہیں۔ یہ اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ معیشت کو کسی رخ پر ڈالنے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ کسی پلان کے جو اہداف ہو سکتے ہیں ان میں فی کس آمدنی میں اضافہ، روزگار کی مکمل فراہمی، قومی آمدنی میں اضافہ، استحکام زر، ادائیگیوں میں توازن، صنعتوں کا قیام، غیر مساوی اور علاقائی امتیازات کا خاتمہ، صحت، تعلیم، گھر، پانی جیسی سہولیات زندگی کی فراہمی، وغیرہ شامل ہوتی ہیں، یہ ضروری نہیں کہ ہر پلان میں یہ تمام اہداف شامل ہوں۔ ان میں کمی بیشی بھی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ منصوبہ بندی کا بنیادی تصور یہ ہے کہ اہداف میں موافقت کا اعلیٰ ترین درجہ حاصل کیا جائے۔ پلان میں وسیع اہداف (Broad Objectives) اور مقاصد کی شناخت معیشت کے مختلف شعبوں کے لئے عام طبعی اہداف کو واضح کرنے سے ہوتی ہے۔ یہی چیز بالآخر سالانہ منصوبہ بندی کے حجم (Size) اور شکل (Shape) کو متعین کرنے کی بنیاد بنتی ہے۔

2- موجودہ معاشی حالات کا سروے:
(Survey of Current Economic Conditions):

اگلا مرحلہ پلان کے تناظر میں موجودہ حالات کے جائزے کا ہوتا ہے۔ یہ سروے کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ معیشت کی مجموعی نشوونما کے لئے کن شعبوں پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

3- حکمت عملی (Strategy):

مقاصد کے تعین اور موجودہ حالات کے سروے کی مدد سے ایسی حکمت عملی وضع کی جاتی ہے۔ جس سے طے شدہ

اہداف کو بآسانی اور کامیابی کے ساتھ حاصل کیا جا سکے، حکمت عملی سے مراد اہداف کو حاصل کرنے کا مخصوص طریقہ یا طریقے ہوتے ہیں، اس میں ایسے نکات کی بھی نشاندہی کی گئی ہوتی ہے کہ ان پر توجہ نہ دی جائے تو نتیجہ ناکامی کی صورت میں نکلتا ہے۔

مثال کے طور پر پاکستان کے چوتھے پانچ سالہ منصوبہ کی حکمت عملیوں میں سے ایک حکمت عملی ایسی ہے جو کہ زرعی ترقی کی تیز رفتار ترقی پر زور دیتی ہے۔ مگر ان وسائل سے خاطر خواہ استفادہ کرنے میں ناکامی کی صورت میں مطلوبہ اہداف حاصل نہیں کئے جا سکتے۔ وہ وسائل جن سے استفادہ کرنا ضروری ہوتا ہے وہ یہ ہیں۔

(i) اراضی، افرادی قوت اور آبی وسائل،
Land, manpower and water resources

(ii) جدید نوعیت کے مداخل کا بھرپور استعمال
Expanded and more intensive use of modern inputs

(ii) معیشت کے اہم شعبوں میں مستقل نوعیت کے اداروں کا قیام
The creation of Permanent Institutions in this vital sector of Econom[illegible]

4- پلان کے حجم کا تعین (Determination of Plan Size):

[illegible] گئے وسیع مقاصد کے تناظر میں حکمت عملی ترتیب دے دی جائے تو اگلا مرحلہ پلان کے حجم کو متعین کرنے [illegible] کا تعین ہو سکے کہ طے شدہ پلان پر عملدرآمد کیلئے کتنا سرمایہ خرچ ہوگا۔ اس مقصد کے لئے منصوبہ ساز [illegible] کو بروئے کار لاتے ہیں۔

یہ شرح قومی آمدنی (National Income) میں اضافے کے لئے درکار سرمایہ کا تعین کرتی ہے۔ مثال کے طور پر اگر سرمایہ کاری اور [illegible] کا تناسب 1 [illegible] ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر 4 روپے خرچ کئے جائیں گے تو ایک روپے کی اضافی آمدن حاصل ہوگی۔

5- نجی و سرکاری سطح پر پلان کے لئے [illegible] کا بندوبست
(Financing of Plan Public and Private Sector):

پلان کے کل حجم کا تعین ہونے کے بعد اگلا مرحلہ نجی و سرکاری ذرائع کی مدد سے اس پلان پر عمل درآمد کے لئے سرمایہ اور سرمائے کے حصول کا طریقہ تلاش کرنے کا آتا ہے، مخلوط معیشت میں کل سرمایہ [illegible] و سرکاری شعبے میں تقسیم سے پتہ چل جاتا ہے کہ پلان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے کس شعبے پر کتنی توجہ دی جائے گی۔ ایسے [illegible] نظام میں منصوبہ بندی کے درج ذیل ذرائع فراہم ہو سکتے ہیں۔

(i) براہ راست سرکاری اخراجات (Direct Public Expenditure)
یہ وہ اخراجات ہوتے ہیں جو کہ حکومت سالانہ ترقیاتی پروگرامز (Annual Development Programmes) کے تحت معیشت کے مختلف شعبوں کی ترقی کے لئے کرتی ہے۔

(ii) وسائل کی سمت کا تعین (Direction of Resources):
حکومت مختلف پالیسیاں اور قواعد و ضوابط (Rules and Regulations) کو تشکیل دیتے ہوئے نجی شعبے

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 34 of 99 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



71 مسلمانوں کا نظام تعلیم (8605)

(Provincial Government) بندوبست بھی وفاقی حکومت ہی کرتی ہے۔ جب کہ ان پر عملدرآمد صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

Elmas Ali

2- علاقائی یا مقامی سطح کی منصوبہ بندی

(Indicative Planning or Local Level Planning):

یہ منصوبہ بندی مقامی یا بنیادی (Local/Grass Root Level) سطح پر کی جاتی ہے، اس میں مقامی افراد اپنی ترجیحات متعین کرتے ہیں، پھر وہ ماہرین کی مدد سے پراجیکٹ تشکیل دیتے ہیں، ان پراجیکٹس پر عملدرآمد کیلئے فنڈز حکومت کی جانب سے مختص کئے جاتے ہیں، پاکستان میں اس طرح کی منصوبہ بندی کا آغاز ضلع ناظمین کی معاونت سے شروع کیا گیا تھا۔

علاقائی منصوبہ بندی (Sectoral Planning):

منصوبہ بندی کی اس قسم میں ہر شعبہ اپنے طور پر اگ سے پلاننگ (Planning) کرتا ہے۔ پراجیکٹس پر عملدرآ... لئے محکمے کے سیکرٹری کو فنڈز جاری کئے جاتے ہیں، اس وقت ہر محکمہ یا وزارت میں مختلف ترقیاتی منصوبے ... میں، ان ... کے درمیان تعاون کم ہی ہوتا ہے۔ ہر محکمہ اپنی ترجیحات متعین کر کے کام کرتا ہے۔ یہ ترقیاتی کام پورے ملک ... ہوتے ہیں، لیکن اس صورتحال میں ترقی کی رفتار سست ہوتی ہے۔

4- مربوط منصوبہ بندی (Integrated Planning):

ایسی منصوبہ بندی ... کے لئے کوئی اہم شعبہ منتخب کیا جاتا ہے، پھر اس مخصوص شعبے کی ترقی کے لئے تمام محکمے مل کر کوشش کرتے ... ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے پراجیکٹ تشکیل دیتے ہیں، پروجیکٹ کی تکمیل کے لئے فنڈز تمام محکموں کو جاری ... ہیں، اس طرح مخصوص شعبے کو ترقی کے لئے تمام سہولیات دستیاب ہو جاتی ہیں، لیکن اس کا ایک نقصان یہ ہوتا ہے کہ توجہ ... ایک شعبہ پر مرکوز ہونے سے کئی اہم شعبے نظر انداز بھی ہو جاتے ہیں جس کے نتائج بعد میں ظاہر ہوتے ہیں۔

سوال 5: پروجیکٹ (Project) کی تعریف کرتے ہوئے ... کا طریقہ کار، بیان کریں۔

جواب 1- پروجیکٹ (Project):

پروجیکٹ پلاننگ کی سب سے ... ہے یعنی یہ مخصوص ہدف کو حاصل کرنے کے لئے وقت، لاگت اور معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا جاتا ہے۔ پروجیکٹ ایک ... روٹینیت کی سرگرمی ہوتی ہے کہ پلان کی وسعت زیادہ ہوتی ہے۔

سائنس کی تجربہ گاہ عام کمروں سے کشادہ ہونی چاہئے۔ کیونکہ یہاں تدریس کے علاوہ تجربات بھی کرائے جاتے ہیں۔ پھر سائنس کا سامان بھی تجربہ گاہ میں ہی رکھا جاتا ہے۔ نظریاتی اور مشاہداتی ہر دو قسم کی تدریس کے لئے کافی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



114

مسدائے انقلاب، ایجوکیشنل پبلشرز اینڈ بک سیلرز، اردو بازار لاہور (PBP 860516)

مجھ کی ضرورت ہوتی ہے اس میں عمومی قسم کی میزیں ہوتی ہیں جن کے اوپر دعات کی پرت ہوتی ہے۔ ان تجربہ گاہوں کا رقبہ 35 × 30 فٹ کے لگ بھگ ہونا چاہئے۔

3- کتب خانہ (Library):

کتب خانہ سکول کی اہم ضرورت ہے۔ کیونکہ یہیں سے طلبہ اور اساتذہ غیر نصابی مطالعہ کے لئے کتب حاصل کرتے ہیں۔ کتب خانے کا کمرہ کشادہ ہونا چاہیے تا کہ اس میں کتابوں کی الماریاں رکھنے کی گنجائش موجود ہو۔ بہتر ہوگا اگر اس کے دو حصے کر دیئے جائیں۔ ایک حصہ کتب رکھنے کے لئے استعمال کیا جائے اور دوسرا حصہ مطالعہ کرنے کے لئے۔ کتب خانہ پر استعمال میں لایا جائے۔ تا کہ طلبہ فارغ وقت میں اخبارات اور رسائل کا مطالعہ کر سکیں۔ کتب خانہ کا ماحول صاف ستھرا اور پرسکون ہونا چاہئے۔ اس کے اردگرد کسی قسم کا شور و غل نہیں ہونا چاہئے۔

4- بیت الخلاء (Latrines):

مدرسے میں صحت و صفائی کے پیش نظر بیت الخلاء کا ہونا نہایت ضروری ہے۔ اگر چہ دیہی ماحول میں اس کی اہمیت کم ہے لیکن شہری علاقے میں ان کا موجود ہونا بہت ضروری ہے۔ ان کی تعداد لڑکوں کی تعداد کے مطابق ہونی چاہئے۔ بیت الخلاء کی مسلسل صفائی نہایت ضروری ہے۔ انہیں روزانہ پانی سے دھویا جائے اور فینائل کا چھڑکاؤ کیا جائے۔ اگر فلش سسٹم ہو تو چونے کا استعمال کیا جائے۔ تا کہ گندگی نہ پھیلے اور جراثیم بھی مر جائیں۔

5- پینے والے پانی کا کمرہ (Room for Delivery Water):

بچوں کو مختلف امراض سے بچانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ انہیں جراثیم سے پاک پانی فراہم کیا جائے تازہ پانی کی فراہمی سکول کے صحت مندانہ ماحول کے لئے ضروری ہے۔ پانی کا ایک الگ کمرہ ہونا چاہئے۔ اگر سکول میں نلکے ہیں تو ان کے گرد گندگی نہیں ہونی چاہئے۔ اس میں مناسب تعداد میں ٹونٹیاں لگائی جائیں تا کہ بچے بآسانی پانی پی سکیں۔ ٹنکی کی اندرونی صفائی کا خاص خیال رکھا جائے۔

6- مسجد (Mosque):

مسلم معاشرے میں مدرسے کے ساتھ مسجد کا ہونا لازمی ہے تا کہ سکول اوقات میں بچے نماز باجماعت ادا کر سکیں۔ مسجد کی وسعت سکول کی تعداد کے مطابق ہونی چاہئے۔ اس میں بچوں کی تعداد کے مطابق واش روم، وضو کے لئے ٹونٹیاں اور صفیں ہونی چاہئیں۔ مسجد میں بچوں کے لئے قرآن ناظرہ پڑھنے کا انتظام بھی کیا جا سکتا ہے۔

7- کینٹین یا کیفے ٹیریا (Cafeteria/Canteen):

بچوں کو مختلف آلودگیوں سے پاک، صاف اور ستھری اشیاء مناسب نرخوں پر مہیا کرنے کے لئے سکول میں کینٹین یا کیفے ٹیریا کا ہونا بڑا ضروری ہوتا ہے۔ کینٹین یا کیفے ٹیریا کا ماحول صاف ستھرا اور گندگی سے پاک ہونا چاہئے۔ برتنوں کی صفائی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ملاوٹ والی اشیاء استعمال نہ کی جائیں۔ اس بات کی تسلی کرنے کے لئے کہ صاف ستھری اشیاء مناسب نرخوں پر فراہم کی جا رہی ہیں۔ صدر معلم کا ہے جا ہے کینٹین یا کیفے ٹیریا کا جائزہ لیتا رہے۔ کینٹین یا کیفے ٹیریا کے امور کی نگرانی کے لئے عملے میں سے کسی استاد کی ڈیوٹی لگا دی جائے تو اور بھی بہتر ہوگا۔

115

(860516) مسدائے انقلاب، ایجوکیشنل پبلشرز اینڈ بک سیلرز، اردو بازار لاہور

ہاسٹل (دارالاقامہ) (Hostel):

جہاں طلبہ دور دراز علاقوں سے تعلیم حاصل کرنے کے لئے آتے ہیں ان کی خوراک اور رہائش کے معقول انتظام کے لئے ہاسٹل کی اہمیت واضح مسلمہ ہے۔ ہاسٹل کی عمارت حفظان صحت کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تعمیر کی جائے۔ طلبہ کی تعداد کے مطابق کمرے تعمیر کئے جائیں، ان میں چارپائیوں، بستروں، میز کرسیوں اور الماریوں کا معقول انتظام ہونا چاہئے۔ ڈائننگ ہال کا فرنیچر اور برتن صاف ستھرے ہوں۔ ہاسٹل کے بہتر انتظام کے لئے ایک وارڈن کا ہونا بے حد ضروری ہے۔ وارڈن کی رہائش ہاسٹل کے ساتھ ہی ہونی چاہئے۔ ہاسٹل میں پینے کے پانی کا معقول انتظام ہو۔ طلبہ کے نہانے دھونے کے لئے غسل خانے معقول تعداد میں ہوں۔ بیت الخلاء صاف ستھرے ہونے چاہئیں۔ اور ان کی صفائی کا خصوصی انتظام ہونا چاہئے۔

ڈسپنسری (Dispencery):

سکول میں ایک ڈسپنسری کا موجود ہونا بہت ضروری ہے جس میں ابتدائی طبی امداد کے علاوہ ضرورت کے مطابق روزمرہ استعمال میں آنے والی دوائیاں موجود ہوں تا کہ ضرورت پڑنے پر انہیں استعمال کیا جا سکے ڈسپنسری کا نگران ایک ذمہ دار استاد ہو جو کم از کم اس سے آشنا استاد ہونا چاہئے۔ صدر معلم اس بات کا خیال رکھے کہ ضروری ادویات کی کمی نہ ہونے پائے اور ان کی فراہمی کا انتظام ہو۔ دوائیوں کے حصول میں بچوں کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو۔ اگر معاملہ زیادہ شدت اختیار کر جائے تو ہسپتال یا ڈسپنسری کو ڈاکٹر کو بلانے کا معقول انتظام کیا جائے۔ بچوں کے طبی معائنے کا باقاعدہ انتظام ہونا چاہئے۔

Elmas Ali

10- کھیل کے میدان (Play Grounds):

کھیل بچے کی متوازن نشوونما میں شخصیت پر بڑا گہرا اثر ڈالتے ہیں اس لئے کھیل کے میدان کو بغیر چھت کے کمرہ جماعت بھی کہا جاتا ہے۔ بچے نظم و ضبط کی صفات سے بہرہ ور ہوتے ہیں۔ قائدانہ صلاحیتیں پروان چڑھتی ہیں اور ان کی توانائی کو صحت مندانہ طور پر استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ بچہ پوچھے تو کھیل کے بغیر بچے کی شخصیت ادھوری رہ جاتی ہے۔ کیونکہ جسمانی صحت ذہنی صحت کو متاثر کرتی ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ جسمانی صحت اور ذہنی صحت کا چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے۔ تو بے جا نہ ہوگا کیونکہ صحت مند جسم میں ہی صحت مند دماغ ہوتا ہے۔ یہی مدارس میں کھیل کے میدانوں کا حصول کوئی مسئلہ نہیں البتہ شہروں میں ان کی کمی شدت سے محسوس کی جاتی ہے۔ [illegible] کار مقرر ہونے چاہئیں۔ کھیلوں کے سامان کی فراہمی کو بھی باقاعدہ بنایا جائے اور اس بات کا دھیان رکھا جائے کہ سامان ضائع نہ ہو۔

سکول ریکارڈ (School Record):

مدرسہ ریکارڈ سے مراد وہ تمام قسم کے رجسٹرات ہوتے ہیں جن میں سکول، اساتذہ اور طلباء سے متعلقہ تمام کوائف، اعداد و شمار اور حساب کتاب درج ہوتا ہے۔ ان میں رجسٹر حاضری، رجسٹر داخل خارج، رجسٹر قبض الوصول، سٹاک رجسٹر اور فنڈ ذکار جسٹر وغیرہ شامل ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



رجسٹر داخل خارج:

(Serial No) سلسلہ نمبر
(Admission Date) تاریخ داخلہ
(Student's Name) طالب علم کا نام
(Father's Name) والد کا نام
(Date of Birth) تاریخ پیدائش
(Father's Profession) پیشہ
(Religion) مذہب
(Caste) ذات
(Address) پتہ

Elmas Ali

(Fees Level) فیس کا درجہ

تاریخ خارجہ ... کیفیت کے خانے میں خارج ہونے کی وجہ لکھنا ضروری ہے۔

کس جماعت سے خارج ہوا۔

آخر میں مدرس انچارج اور صدر معلم کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔

(3) رجسٹر قبض الوصول:

اس رجسٹر میں سکول کے عملے بشمول اساتذہ کی تنخواہوں کا اندراج ہوتا ہے ... میں اصل تنخواہ کے علاوہ جملہ ملازمین کو دیے جانے والے الاؤنس بھی درج کیے جاتے ہیں۔ اس ... پراویڈنٹ فنڈ، ملازمین کی بہبود کا فنڈ، گروپ بیمہ، انکم ٹیکس، کرایہ مکان الاؤنس کی کٹوتی وغیرہ کا اندراج بھی ہوتا ہے۔ ... سرسری نظر سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ کس قدر تنخواہ ادا کی جا رہی ہے اور ... کس قدر کٹوتی کی جاتی ہے۔

(4) بل رجسٹر (Bill Register):

اس رجسٹر کا رجسٹر قبض الوصول سے بڑا گہرا تعلق ہوتا ہے۔ اس میں عملہ ملازمین کی تنخواہوں کے ماہانہ بلوں کا اندراج کیا جاتا ہے۔ اس کے اندراجات اور قبض الوصول کے اندراجات میں مطابقت کا ہونا ضروری ہے۔ اس میں تنخواہ کا بل، کٹوتی اور کٹوتی کی جملہ تفصیلات درج ہوتی ہیں۔

Q3: What is meant by School records? How many registers are used in school? Explain briefly.

سوال 3: سکول ریکارڈ سے کیا مراد ہے؟ ہر سکول میں کتنی قسم کے رجسٹر استعمال ہوتے ہیں؟ تفصیل سے بیان کریں۔

جواب: سکول ریکارڈ (School Records):

سکول ریکارڈ سے مراد وہ تمام رجسٹر ہیں ... سکول ... ضروری ... اندراج ... ہوتا ہے۔ ان ... رجسٹر ... فائل ... ریکارڈ رجسٹر ... ہیں۔

سکول رجسٹر کی اہم اقسام

(Important Types of School Register)

سکول ریکارڈ میں ... رجسٹر کا ... ہوتا ہے۔ ذیل میں ... رجسٹروں کے متعلق معلومات درج کی جاتی ہیں۔

(1) حاضری طلبہ (Attendance register of Students):

یہ رجسٹر ... رجسٹر ہوتا ہے جس میں طلبہ کی روزانہ حاضری کا اندراج کیا جاتا ہے۔ ایک دن کو دو حصوں میں تحریر کیا جاتا ہے یعنی پہلی وقت اور دوسرا وقت ... رجسٹر ... ہوتا ہے ... کے ضروری ہے کہ ... جو ... جاتے ہیں ... پہلے سے ... والے ... خصوصی نشان سے ظاہر کرے۔ اس رجسٹر میں مندرجہ ذیل اندراجات ہوتے ہیں۔

(1) داخلہ نمبر (Admission No)
(2) سلسلہ نمبر (Serial No)
(3) نام (Name)
(4) مہینے کے مختلف دنوں کے دو ... خانے ہوتے ہیں جن میں ... حاضر، غیر حاضر، رخصت یا کوئی خصوصی نشانات سے ظاہر کیا جاتا ہے۔
(5) ... دنوں کی ... حاضریوں کی تعداد Attendances of Continue Month
(6) گزشتہ حاضریوں کی تعداد Attendances of Previous Month
(7) اب تک کی کل حاضریاں یعنی کام کا نمبر ... کا مجموعہ
(8) فیسوں کا اندراج: اگر فیس وصول کی جاتی ہو تو اس میں فیس، ایمرجنسی فنڈ، امید بیگل فنڈ، ریڈ کراس فنڈ، متفرق فنڈ وغیرہ۔
(9) کیفیت: اس خانے میں اگر ضرورت ہو تو اندراج کیا جاتا ہے۔
(10) ہر ماہ کے آخر میں ایک گوشوارہ دیا جاتا ہے جس میں طلبہ کی ... حاضری دوران ماہ داخل ہونے والوں کی تعداد ... خارج ہونے والوں کی تعداد اور ماہ کے آخر میں کل تعداد درج کی جاتی ہے۔
(11) ہر ماہ کے آخر میں رجسٹر کی تکمیل کر کے اور کسی رقم کا ریکارڈ ... معلم کے مقرر کردہ فرد سے پڑتال کرا کے صدر معلم کے دستخط کروائے جاتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



(5) سٹاک رجسٹر (Stock Register):

وہ جملہ اشیاء جو مدرسے کی ملکیت ہوں ان کا اندراج اس رجسٹر میں ہوتا ہے۔ مدرسے کے لئے جو چیز بھی خریدی جاتی ہے اس کا نام، تاریخ، خریداری، تعداد یا مقدار اور جہاں سے خریدی گئی ہو۔ قیمت کے ہمراہ مکمل اندراج ہوتا ہے۔ جونہی کوئی چیز خریدی جائے اس کا فوراً اندراج کیا جائے اور اس کے بغیر قیمت کی ادائیگی کا حکم نہ دیا جائے۔ اس رجسٹر کی باقاعدہ جانچ پڑتال ضروری ہے اور سال کے آخر میں اندازہ لگایا جائے کہ کن اشیاء کی خریداری کی ضرورت ہے اور کون سی اشیاء ناقابل استعمال ہو چکی ہیں۔

(6) فنڈز کا رجسٹر (Funds Register)

اس رجسٹر میں طلبہ سے وصول کیے گئے فنڈز کا باقاعدہ جماعت وار اندراج ہوتا ہے چونکہ طلبہ کے مختلف فنڈز ہوتے ہیں۔ اس لیے ہر فنڈ کا علیحدہ رجسٹر ہوتا ہے اور ہر فنڈ کا بینک میں الگ کھاتہ ہوتا ہے۔ پھر ہر فنڈ کی مدد سے مختلف اوقات میں خرچ ہونے والی رقم کا متعلقہ رجسٹر میں باقاعدہ اندراج ہوتا ہے اور فنڈ کے خرچ کرنے کے سلسلے میں مجاز افسر کی منظوری کا اندراج بھی ہوتا ہے۔

مدرسے میں عام طور پر یونین فنڈ، میڈیکل فنڈ، سائنس فنڈ، جرمانہ فنڈ، ہلال احمر فنڈ وغیرہ کے رجسٹر ہوتے ہیں۔

(7) سٹیشنری رجسٹر (Stationary Register):

ہر سکول کو سٹیشنری کی باقاعدہ گرانٹ ملتی ہے۔ اس رقم سے خریدی جانے والی سٹیشنری کا رجسٹر میں باقاعدہ اندراج کیا جاتا ہے۔ اس کے اندراجات سٹاک رجسٹر سے ملتے جلتے ہیں۔ سٹیشنری جس کے نام جاری کی جائے اس کا اندراج بھی ضروری ہوتا ہے۔ سٹیشنری کے استعمال کی وجہ بھی لکھی جاتی ہے۔

(8) سپورٹس رجسٹر (Sports Registers):

کھیلوں کے جملہ ساز و سامان کے اندراج کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مدارس میں عموماً اشیاء کا اندراج سٹاک رجسٹر میں ہوتا ہے۔ سامان کے علاوہ سکول میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا باقاعدہ اندراج کرنے کے لئے سپورٹس رجسٹر کی ضرورت ہوتی ہے۔ طلبہ جو اعزازات حاصل کرتے ہیں ان کا بھی اندراج ہوتا ہے۔

(9) رجسٹر خط و کتابت یا ڈاک رجسٹر (Letter Dispatch Register):

اس رجسٹر میں مدرسہ کی جملہ خط و کتابت کا اندراج ہوتا ہے۔ خط و کتابت کے عموماً دو رجسٹر ہوتے ہیں۔ ایک وہ جس میں آنے والی ڈاک کا اندراج مع تاریخ وصولی ہوتا ہے اور دوسرا وہ جس میں بھیجی جانے والی ڈاک کا اندراج مع تاریخ روانگی ہوتا ہے۔ اگر ڈاک بذریعہ رجسٹری بھجوائی جائے تو اس میں خرچ ہونے والی رقم مع رسید نمبر کے درج کی جاتی ہے اور رسید بھی چسپاں کر دی جاتی ہے تاکہ حساب کتاب میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔

Elmas Ali

متفرق ریکارڈ سے مراد (Misc Record)

متفرق ریکارڈ میں سروس بک، سالانہ خفیہ رپورٹ، تعلیمی بورڈ کی فائل، مدرسہ چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ اور لاگ بک وغیرہ شامل ہوتے ہیں ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1- سروس بک (Service Book):

مدرسے کے ہر ملازم کی ملازمت کا ریکارڈ محفوظ کرنے کے لئے سکول میں سروس بک ہوتی ہے۔ اس میں ملازم کے جملہ کوائف درج ہوتے ہیں۔ ملازم کا نام، ولدیت، ذات، تاریخ آغاز ملازمت، قد، وزن، شناخت کا نشان وغیرہ درج ہوتے ہیں، اس کے علاوہ سروس بک میں ملازمت سے متعلق ضروری کوائف مثلاً تقرری، تبادلہ تنخواہ، سالانہ ترقی میں ترقی یا تنزلی، رخصت، تجدیدی کورس اور سزا وغیرہ کا اندراج بھی ہوتا ہے۔ سروس بک پنشن کے وقت اہم ادا کرتی ہے یہ بڑا اہم ریکارڈ ہے جسے صدر معلم کو خود اپنے دفتر میں محفوظ رکھنا پڑتا ہے۔ مگر اب ملازمین کو سروس بک کی نقل رکھنے کا اختیار حاصل ہے۔ اس کا ہمہ وقت ہر لحاظ سے مکمل ہونا ضروری ہے۔

2- سالانہ خفیہ رپورٹ (Annual Report):

ملازمین کی طرح سکول کے ملازمین کی بھی سالانہ خفیہ رپورٹ (ACR) لکھی جاتی ہے۔ یہ ایک بڑی جانثار رپورٹ ہوتی ہے جو کسی بھی ملازم کی سال بھر کی پرفارمنس کی نشاندہی کرتی ہے۔ مدرسے کے ہر ملازم کی خفیہ رپورٹ صدر معلم لکھتا ہے کسی بھی ملازم کی ترقی کا دارومدار اس کی خفیہ رپورٹ پر ہوتا ہے۔

3- ثانوی تعلیمی بورڈ کی فائل (Secondary Educational Board Files):

اس میں ثانوی تعلیمی بورڈ کی طرف سے منعقد کئے جانے والے امتحانات سے متعلق جملہ ریکارڈ موجود ہوتا ہے جسے ضرورت پڑنے پر استعمال میں لایا جاتا ہے۔ اس کی روشنی میں طلبہ کے نتائج سے متعلق سرٹیفکیٹ جاری کئے جاتے ہیں۔

4- مدرسہ چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (School Leaving Certificate):

اگر کوئی طالب علم دوران سال سکول چھوڑ کر کسی دوسرے سکول میں جانا چاہے تو اس کے تعلیمی معیار کی تصدیق کے لئے سکول ایک سرٹیفکیٹ جاری کرتا ہے جس کی ایک نقل سکول میں موجود ہوتی ہے۔ اس کے اندراجات اور رجسٹر داخل خارج کے اندراجات میں مطابقت نہایت ضروری ہے۔

Q4: Examine the learning resources which are available in your school.

سوال 4: آپ کے سکول میں جو تدریسی ذرائع (Learning Resources) دستیاب ہیں ان کا جائزہ لیجئے۔

جواب: تدریسی ذرائع (Learning Resources)

1- تدریسی مواد (Instructional Materials):

انتظامی قیادت کی ذمہ داری ہے کہ وہ تعلیمی پروگرامز کو بہتر بنانے کے لئے ضروری تدریسی مواد مہیا کرے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8605 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

تدریسی مواد کے استعمال کی وجہ سے تمام طلبہ بالواسطہ ایک ہی انداز میں تربیت حاصل کرتے ہیں۔ مواد کی فراہمی سے طلبہ کو اپنے انداز میں مطالعے کا موقع ملتا ہے۔ یعنی وہ اپنی سہولت کے مطابق اپنی مرضی کے وقت میں اور پسندیدہ جگہ پر مطالعہ کر سکتے ہیں، یہ سہولت ہی تربیتی مواد کی اہمیت کو بہت زیادہ بڑھا دیتی ہے۔

2- تدریس کے مقاصد (Objectives of Instruction):

ہمہ گیریت کی وجہ سے یا پھر طلبہ کے انفرادی رجحان اور ادارے کی ضروریات کے مطابق کورس کے مقاصد تبدیل بھی ہو سکتے ہیں۔ اس لئے ایسا تربیتی مواد جس کی مدد سے از خود سیکھا جا سکے اہم تر [illegible] کرتا ہے۔ جیسا کہ شکل میں دکھایا گیا ہے۔



انفرادی تعلیم میں استعمال ہونے والا مواد تین پہلوؤں کا حامل ہو سکتا ہے یعنی متن پر مشتمل مواد، سمعی و بصری مواد اور کمپیوٹر پر مبنی مواد۔ فاصلاتی تدریس کا نظام انفرادی نوعیت کا ہوتا ہے۔ مغرب و مشرق کی تفریق کے بغیر پوری دنیا میں عام طور پر فاصلاتی تعلیم کے لئے زیادہ شائع شدہ صفحات پر مشتمل مواد کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔ تمام کامیاب فاصلاتی نظام تعلیم بہترین ڈیزائن کے حامل ہوتے ہیں کیونکہ طالب علموں میں مرتکز انداز اپنایا جاتا ہے۔ جبکہ از خود پڑھنے اور سیکھے جانے کے قابل تدریسی مواد فراہم کیا جاتا ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ شائع شدہ اور نقل شدہ مواد حقیقت میں کیا ہیں۔

یہ مواد متن اور دیگر اقسام کی صورت میں ہوتا ہے۔ جسے نقول تیار کرنے والی اور پرنٹ کرنے والی مشینوں کے ذریعے بڑی تعداد میں مہیا کرنے میں آسانی رہتی ہے۔ یہ سہولت آج کل روایتی اور غیر روایتی ہر طرح کے ادارے میں دستیاب ہوتی ہے۔ یہ تعلیمی سہولت وسیع پیمانے پر استعمال ہونے والی انتہائی بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔

3- پرنٹ شدہ تدریسی مواد کی اقسام:

(Types of Instructional Mateial):

★ پہلے سے شائع شدہ یا نئی تصنیف کردہ کتابیں، پمفلٹ وغیرہ،

Books, Pamphlets, etc. -already published, or specially written.

★ پہلے سے شائع شدہ مواد کی تشریح اور وضاحت کیلئے گائیڈز،

Specially written 'warp around' study guide to already published material.

★ آڈیو اور ویڈیو ٹیپ کے ساتھ استعمال ہونے والی ورک بکس، سی بی ٹی (Computer Based Teaching)، عملی کام وغیرہ۔

Specially written self-teaching text, i.e. 'tutorials-in-print'.

★ پروجیکٹ گائیڈ، نوٹ بکس اور کتابیات،

Workbooks for use along with audiotape or videotape, CDT (computer

based teaching), practical work, etc.

نقشے، چارٹ، تصاویر، پوسٹرز وغیرہ،

Maps, charts, photographs, posters, etc.

اخبارات، رسائل و جرائد سے حاصل کردہ مواد،

Materials from newspapers, journals and periodicals.

ٹیوٹر اور طلباء کے درمیان استعمال ہونے والا ہاتھ سے لکھا ہوا مواد۔

Hand written materials passing between learners and tutors (Rowntree 1994, p.66).

Elmas Ali

سمعی و بصری اعانات (Audio-Visual Aids):

جدید تعلیم میں سب سے نمایاں پیش رفت ضمنی آلات کے استعمال میں اضافہ ہے۔ یوں اساتذہ کو حسیاتی ذرائع کے مطابق تصورات کی تشریح کرنے میں مدد ملتی ہے۔ تعلیم کے وقوع پذیر ہونے کی تین سطحیں ہیں، یعنی براہ راست تجربہ، بالواسطہ تجربہ [illegible] تجربہ سے علم حاصل ہوتا ہے۔

تصوراتی [illegible] (Conceptional Thinking):

تصورات [illegible] کے لئے [illegible] بنیاد فراہم کرنے کے لئے معلمین الفاظ کے بامعنی تصورات کو واضح کرنے کے لئے [illegible] تعلق کو بیان کرتے [illegible] کے مطابق تعلیم میں طلبہ کے اذہان کو بنیادی طور پر سمعی و بصری حسیات کے ذریعے مائل کرنا چاہئے [illegible] تک [illegible] فیصد تعلیم [illegible] سے ذہن میں پختہ ہو جائے۔

تعلم میں سمعی و بصری اعانات کی قدر و قیمت:

(The Value of Audio-Visual Aids to Learning):

سمعی و بصری اعانات تحریک دینے والی [illegible] بہم پہنچانے [illegible] ہوتی ہیں، جبکہ بچہ تعلم کو آسان اور دلچسپ بنتا دیکھتا ہے تو اسے مزید تعلیم حاصل کرنے کی تحریک ملتی [illegible] بچہ اپنے سامنے آسان ترین انجام دیئے جانے والے عمل میں شریک ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ براہ راست [illegible]، ڈرامائی [illegible] دیئے جانے والے تجربات کسی بھی تربیتی صورتحال میں جوش و جذبہ اور دلچسپی کو بڑھا دیتے ہیں۔ نتیجتاً سب زیادہ تیزی سے سیکھنے لگتے [illegible]، جبکہ اس انداز میں سیکھا گیا علم ان کے اذہان میں زیادہ عرصے تک محفوظ بھی رہتا ہے۔ یوں [illegible] علم بامعنی اور دلچسپ بن جاتا ہے۔

سمعی و بصری اعانات سے کلاس روم کی [illegible] کو تغیر و تنوع حاصل ہوتا ہے [illegible] یہ اعانات مدرسہ میں رائج سرگرمیوں سے ذرا ہٹ کر ہوتی ہیں۔ انہیں استعمال کرتے ہوئے طلبہ کو کسی نئے تجربے [illegible] احساس ہوتا [illegible] چیز چھوٹے بڑوں کو اپنی طرف متوجہ کرتی ہے۔ سمعی و بصری اعانات سے کمرہ جماعت کے ماحول میں [illegible] ہے۔ اس سے طلبہ کو روایتی طرز کے طریقہ تعلم سے کچھ دیر کے لئے نجات ملتی ہے۔ حسیاتی اعانات ملنے [illegible] طلبہ اس پر گفتگو کرتے ہیں، ہنستے ہیں، سوال کرتے ہیں اور تبصرہ کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں اساتذہ کو چاہیے وہ انتہائی دوستانہ اور شفقت سے بھرپور یہ اختیار کریں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 60 of 99 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



تدریسی اعانات ہے کیا؟(What is Instructional Aid):

سمعی و بصری اعانات کی اقسام:(Types of Audio-Visual Aids)

کانوں کے ذریعے اعانت (سمعی)(Aids through the Ear)

(ا) فونوگراف(Phonograph) (ب) ریڈیو(Radio)

آنکھوں کے ذریعے اعانات(Aids through the eyes)

(ا) حرکی تصاویر(Motion Picutre)

(ب) سٹیریوسکوپ(Stereoscop) (ب) کیمرہ(Camera)

(ج) چاک بورڈ/وائٹ بورڈ(Chalk/White Board)

(د) فلینل بورڈ(Flannel Board)

(ہ) بلیٹن بورڈ(Bulletin Board)

(س) باتصویر مواد(Pictorial Materials)

(و) خاکہ، نقشے، گروزمن کا اول، ڈایاگرام وغیرہ

(Representations-maps, graphs, diagram, etc)

آنکھ اور کان کے ذریعے اعانت:(Aids Through the Eye and Ear)

(ا) باآواز حرکی تصاویر(Sound-Mothio Pictures)

(ب) ٹیلی ویژن(Television)

سرگرمی کے ذریعے اعانت(Aids through activity)

(ا) ڈرامائی تشکیل(Dramatization)

(ب) مخصوص مضمون کے حوالے سے کتابچے(Booklets)

(ج) اخبارات و رسائل(Newspapers and Magazines)

ایڈگر ڈیل(Edgar Dale) نے اپنی درجہ بندی کی بنیاد اعانت کے ذریعے پیش آنے والے تجربات پر رکھی ہے۔ تجربات کی مخروط(Cone of Experience) کا نام دیتا ہے۔ سمعی و بصری اعانات کے حوالے سے اس نے بیان کردہ تجربات کی وسعت براہ راست تجربے سے خالص تجریدیت تک پھیلی ہوئی ہے۔ یہ تقسیم غیر لچکدار

(iii) ان اعانات سے طلبہ کو اشیاء کو چھونے، محسوس کرنے سے دلچسپی محسوس ہوتی ہے۔

(iv) سمعی و بصری اعانات تخلیقی اور بامعنی طریقے تشکیل دیے جاتے ہیں۔ اس لئے معلمین کے لئے بڑا ہی دلچسپی اور ان میں جاذبیت پیدا کرتی ہیں۔

(v) سمعی و بصری اعانات طلبہ کو بہتر بنیادی تجربات کرنے کے لئے تیار کرتی ہیں۔ ایک وقت تھا جب زندگی بڑی سادہ تھی اس وقت براہ راست تجربات کے ذریعے علم کی جانکاری حاصل کی جاتی تھی لیکن آج کل یہ اتنا آسان نہیں رہا ہے۔ اب ہمیں ایک بٹن کو دبانے پر بہت سی معلومات مل سکتی ہے لیکن یہ تعلیم و تربیت میں نئی طرز تعلیم کا اہتمام پرانے فارمولے کے مطابق ہوتا ہے اس لئے ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیم و تربیت میں نئی طرز کی تکنیکیں اختیار کی جائیں۔

(vi) سمعی و بصری اعانات بین الاقوامی سوجھ بوجھ بڑھانے میں بڑا اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ان اعانات سے دنیا دیگر اقوام کی ثقافتی اقدار کو جاننے کا موقع ملتا ہے جبکہ باہمی افہام و تفہیم کی طرف پیش رفت بھی ہوتی ہے۔ مختلف ممالک کے درمیان فلم اور ریڈیو پروگرام کا تبادلہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس سے مشرقی اور مغربی اقدار کے بارے میں واقفیت حاصل ہوتی ہے۔

مکاؤ(Mckow) اور رابرٹ(Robert) کے نقطہ نظر کے مطابق سمعی و بصری اعانات انتہائی دانش مندی کے ساتھ منتخب کی جانی چاہئیں اور انہیں بڑی احتیاط کے ساتھ استعمال میں لانا چاہئے اس سے طلبہ میں تحریک اور خصوصی دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ اس موزوں ترین تحریک یافتہ تعلیم سے مراد بہترین رجحانات اور تجربات کا بھرپور استعمال ہے۔

6- خامیاں(Drawbacks):

(i) سمعی و بصری اعانات کے ذریعے طریقہ تعلیم کی ہر خامی پر قابو نہیں پایا جا سکتا۔ فلم، ریکارڈنگ، ٹیلی ویژن سمعی تدریس کو بہتر بنانے کے لئے انتہائی اہم کردار ادا کر سکتیں لیکن یہ اساتذہ اور سبب کا متبادل نہیں ہو سکتے، پڑھنا، لکھنا اور بولنا ہمیشہ تربیت کے بنیادی ثبات ہی تصور کئے جاتے رہیں گے۔

(ii) سمعی و بصری اعانات تدریس کے لئے مددگار ہیں، کیونکہ اس سے بچوں کو سیکھنے میں مدد ملتی ہے۔ البتہ استاد کے لئے کام مزید بڑھ جاتا ہے۔ اس سے تدریسی عمل مزید مشکل ہو جاتا ہے، استاد کو زیادہ توانائیاں خرچ کرنا پڑتی ہیں۔ کیونکہ سمعی و بصری اعانات کی مدد سے تدریس کے لئے کی جانے والی منصوبہ بندی پر زیادہ وقت صرف ہوتا ہے۔

(iii) سمعی و بصری اعانات بذات خود کوئی نتیجہ نہیں بلکہ نتائج حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہیں۔ یہ نتائج طلبہ کے حوالے سے بہترین تعلم کی صورت میں برآمد ہوتے ہیں۔

(iv) سمعی و بصری اعانات طلبہ کے دلچسپی کے سامان کے لئے نہیں ہوتیں بلکہ اس کا مقصد طلبہ کی سیکھنے میں دلچسپی بڑھانا اور مشکل سے مشکل تصورات کو آسان انداز میں پیش کرنا ہوتا ہے لیکن طلبہ اس میں تفریح کا سامان پیدا کرنے لگتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



نہیں ہوتی بعض اوقات یہ ایک دوسرے میں بڑی حد تک ضم ہوتی نظر آتی ہیں۔

9- لائبریری (The Library):

جدید دور میں سکولوں کے کتب خانوں (Libraries) کو بہت زیادہ اہمیت دی جا رہی ہے۔ سکول کا کام مطلع کر مستقبل میں کا... اب زندگی گزار سکیں۔ انسان کا ضروری اشیاء کا علم دینا اور اس کی جامع نشوونما کو یقینی بنانا ہوتا ہے تاکہ وہ ... لئے ہم ہمیشہ اپنے آباؤ اجداد زمانہ حیات کوئی اتنا طویل نہیں کہ وہ اپنی زندگی میں ہر چیز کا براہ راست تجربہ کر کے سیکھے ... لئے ہم کتابوں سے کے تجربات سے استفادہ کرتے ہوئے سیکھتے ہیں، ان تجربات کو کئی کتابوں میں چھ... اکتساب فیض کر سکتے ہیں، علمی ورثہ کی صورت میں ہمارے آباؤ اجداد اور قدیم اقوام نے جو کچھ چھوڑا ... سے علم میں بہت زیادہ اضافہ کرتا ہے۔ اس لئے کسی بھی سکول میں کتب خانے کا ہونا بے حد ضروری ... لئے کتب ... دل کی تنظیم، افادیت اور ترقی کیلئے بھرپور کام کیا جانا چاہئے۔

(i) کتب خانے کی افادیت (Utility of the Library):

صرف درسی کتب اور کمرہ جماعت کی تدریس سے علم حاصل نہیں کیا جا سکتا، طلبہ کو غیر نصابی کتب سے ... ما استفادہ کرنا چاہئے تبھی ان کے علم کو وسعت ملے گی۔ اس سلسلے میں استاد کو چاہئے کہ وہ طلبہ کو دیگر کتب کی جانب مائل کرے اسے چاہیے کہ وہ طلبہ کے پڑھنے کے لئے مختلف کتب تجویز کرے جو کہ متعلقہ مضمون کو سمجھنے میں مددگار ثابت ہو سکیں۔ اسے چاہئے کہ وہ دوسری کتب سے حوالے بھی پیش کرے، نیز اپنے لیکچرز میں اس کو چاہئے کہ وہ طلبہ کو بتائے کہ وہ اپنے علم کو وسعت دینا چاہتے ہیں تو دوسری کتب سے ہٹ کر بھی مختلف کتابوں کا مطالعہ کریں۔ اس طرح طلبہ از خود علم حاصل کرنے کی جستجو کریں گے۔

طلبہ کی خود محنت (Self Study of Students):

کمرہ جماعت کے لیکچرز سے حاصل ہونے والا علم بڑی آسانی سے فراموش ہو سکتا ہے، لیکن جو علم طلبہ خود محنت سے تلاش کر کے حاصل کرتے ہیں وہ سکول چھوڑنے کے بعد بھی اذہان میں ہمیشہ محفوظ رہتا ہے۔ طلبہ کو مختلف سطحوں پر مختلف آزمائشوں سے گزرنا پڑتا ہے، جب وہ پڑھنے کے قابل ہو جاتے ہیں تو وہ اپنی زندگی میں دلچسپی اور ضرورت کے مطابق کتب کا مطالعہ کرتے ہیں۔

Elmas Ali

سکول کا ماحول (Environment of School):

مدرسہ کا پورا ماحول تعلیم کو عام کرنے کے لئے مددگار ثابت ہوتا ہے جبکہ سکول میں کتب خانوں کا کردار اس میں سب سے زیادہ ہے یہ موزوں ترین تعلیمی ماحول تشکیل دینے میں انتہائی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ اس سے طلبہ کے مطالعہ کا ذوق بڑھتا ہے، ایک کتاب کا مطالعہ کرنے کے بعد دوسری کتاب پڑھنے کا شوق بڑھ جاتا ہے، یوں طلبہ میں کتب بینی کی عادت پروان چڑھتی ہے۔

لائبریری کی اہمیت (Imprtance of Library):

لائبریری طلبہ کے لئے استاد کا کام کرتی ہے۔ اگر یہ کہیں کہ کمرہ جماعت میں رہ جانے والی خامیوں کو لائبریری

... پڑھ کر علم حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کتب خانوں سے ہی ممکن ہوتا ہے۔

کتب خانے کی تنظیم (Organization of Library):

کتب خانے کا مقصد تبھی پورا ہو سکتا ہے جب اس کی تنظیم بہترین اور کتب کا انتخاب انتہائی موزوں ہو۔ کتب علیم کے لئے مندرجہ ذیل باتوں کا خاص طور پر خیال رکھنا چاہئے۔

لائبریری کا مقصد کمرہ جماعت میں حاصل کئے جانے والے علم کو وسعت دینا ہوتا ہے۔

1. The aim of the library is to enlarge and consolidate the knowledge acquired in the classroom.

لائبریری میں کتابیں طلبہ کی عمر، قابلیت اور دلچسپی کے عین مطابق ہونی چاہئیں۔

2. In a library there should be books according to the age, ability and interests of the students.

... ہونی چاہئے جو کہ سکول میں موزوں ترین تعلیمی ماحول تشکیل دے، اس سلسلے میں ایک مطالعہ کا کمرہ ... جانا چاہئے جس میں طلبہ بیٹھ کر سکون سے مختلف کتابوں کا مطالعہ کر سکیں۔

3. A library should help build up a suitable environment in the school. For this there should be such a reading room in the library where the students may sit and read.

لائبریری ایسی ... ہے جو کہ ... کے علم اور ذہانت کو بڑھانے میں معاون ثابت ہو سکے۔

4. A library should help develop the knowledge and intelligence of students.

لائبریری میں صرف طلبہ کے لئے نہیں ... اساتذہ کے لئے بھی ... خواہ علمی مواد دستیاب ہونا چاہئے۔

5. The library should be helpful in enlarging the knowledge and helping the work of the students and the teachers.

کتب خانے کی افادیت (the Utility of Library):

کتب خانے کی افادیت کا پتہ ... کی موزوں ترین تنظیم سے چلتا ہے جس ... کتب کا ... تقسیم اور ... خیال صور خیال وغیرہ شامل ہوتی ہے۔

لائبریری کا تعین (Solution of Place):

لائبریری ایسی جگہ پر نہ بنائی جائے جہاں کا ماحول پرسکون نہ ہو، اس لئے چھوٹی کلاسز کے قریب لائبریری قائم ... نے اجتناب کیا جائے۔ اگر سکول کی عمارت دو منزلہ ہے تو لائبریری زیریں منزل پر بنائی جانی چاہئے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



مناسب جگہ برائے طلبہ (Sufficient Place for Students):

لائبریری میں کافی طلبہ کے بیٹھنے کی گنجائش موجود ہونی چاہیے۔ کمرہ اتنا بڑا ہونا چاہیے کہ اس میں سکول کے 15 فیصد طلبہ سائیکس، سالانہ اور ماہانہ بنیادوں پر شائع ہونے والے رسائل و جرائد کو اس طرح ترتیب دیا جائے کہ طلبا خواہش کے مطابق اسے حاصل کر سکیں اور بعد میں اسے شمار کے ساتھ تبدیل کر سکیں، لائبریرین ایسا ہونا چاہیے جو کہ طلبہ کو لائبریری سے استفادہ (Utilization of Library):

آج کل زیادہ تر سکولوں میں لائبریری بھرپور طریقے سے استفادہ نہیں کیا جاتا، لائبریری کیلئے کتابیں طلبہ کی دلچسپی، قابلیت ہوتی ہے اور طلبہ کو کتب حاصل کرنے میں بڑی دشواری پیش آتی ہے۔ ایسی لائبریری میں کون سی کتابیں پڑھنی ہیں، کون سی معیار کو نظر انداز کر کے خریدی جاتی ہیں۔ یعنی کہ سکول کے پرنسپل کو بھی پتہ نہیں ہوتا کہ لائبریری لگا دی جاتی ہے ہنسے لائبریرین ہیں۔ کئی سکولوں میں تو لائبریرین الگ سے تعینات نہیں کیا جاتا بلکہ کسی استاد کی ہی ذمہ داری لگا دی جاتی ہے جسے لائبریرین کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے ساتھ تدریسی امور بھی انجام دینے پڑتے ہیں۔

اگر وہ تدریس میں مصروف ہو تو وہ لائبریری کے معاملات میں بڑی نظر نہیں رکھ سکے گی۔ ایسا انصرام کے لئے کل وقتی خدمات حاصل کی جائیں، ورنہ لائبریری کے معاملات میں بڑی بے نظمی رہے گی۔ ایسا لائبریرین اپنی مشقت بچانے کے لئے کتب کی تعداد کم رکھنے کی کوشش کرتا ہے، ایسی لائبریری بالکل ہی بے کار ہو جاتی ہے۔ ایسے کتب خانوں سے طلبہ میں کتب بینی کا شوق پیدا نہیں کیا جا سکتا بلکہ ایسے ماحول میں کتب میں دلچسپی رکھنے والے طلبہ کا بھی دل اچاٹ ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔

لائبریرین کی تعیناتی:

اس لئے لازمی ہے کہ لائبریرین کے طور پر ایسے شخص کی تعیناتی عمل میں لائی جائے جو کہ انتہائی تجربہ کار ہو، اگر ایسا ممکن نہ ہو تو ایسے استاد کی خدمات حاصل کی جائیں جو کہ لائبریری کے معاملات میں دلچسپی رکھتا ہو، جب یہ ذمہ داری کسی استاد کو سونپی جائے تو اس پر تدریسی ذمہ داریوں کا بوجھ تھوڑا کم کر دینا چاہیے۔ لائبریرین کی ذمہ داریاں ادا کرنے والے استاد کو اضافی ادائیگی کی جانی چاہیے۔ ایسے استاد کو مختلف مضامین اور کتابوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کی جانی چاہئیں۔

لائبریری میں کتب کی ترتیب (Setting of Books in Library):

لائبریری میں کتابیں اس ترتیب سے ہونی چاہئیں کہ طلبہ کو بھی معلوم ہو کہ کون سی کتاب اس کے مضمون کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے اور یہ تبھی ممکن ہے جب کلاس ٹیچر بھی طلبہ کی کتب کے انتخاب میں مدد کرے گا۔ اس کے علاوہ خصوص مضمون کے استاد کو بھی چاہیے کہ وہ لائبریری میں متعلقہ کتب کی ترتیب میں لائبریرین کا ہاتھ بٹائے۔ اس سے کتابوں کے اجراء میں بھی آسانی ہو جاتی ہے۔ اگر اس سلسلے میں طلبہ کی بھی مدد لے لی جائے تو زیادہ بہتر ہوتا ہے کیونکہ اس سے طلبہ کو بھی لائبریری کے معاملات کو سمجھنے کا موقع ملے گا جو کہ بعد میں ان کے کام آئے گا۔ جب کتابیں مضامین کے

127

مدارسِ انقلاب۔ ایجوکیشنل ایڈمنسٹریشن اینڈ مینجمنٹ برائے بی۔ایڈ (کوڈ 8605)

ترتیب دی جاتی ہیں تو اس سے بڑی جماعت کے طلبہ کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچتا ہے۔ طلبہ کو مضمون سے متعلق کتب سے آگاہ کر کے مطالعہ کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہئے۔ کتابوں کی تقسیم اور اجراء کا کام بھی انتہائی مؤثر انداز میں

کلاس لائبریری (Class Library):

مدرسہ میں ایک مرکزی لائبریری تو ہونی ہی چاہئے البتہ اس کے ساتھ ساتھ کلاس لائبریریز بھی بنا دی جائیں تو کے حصول میں مزید آسانی ہو جائے گی۔ کلاس ٹیچر اپنی جماعت کے تمام طلبہ سے واقف ہوتا ہے اس کے لئے کتب کے مزاج کے مطابق کتب تجویز کر سکتا ہے۔ کلاس لائبریری کے لئے کتب کا ایسا انتخاب کیا جائے جو کہ کمرہ زیادہ پیچیدگیوں کے عین مطابق ہو۔

کتب کی تلاش (Books Seaching):

علاوہ اس بات کا بھی خیال رکھا جائے کہ ان لائبریریز میں طلبہ کو کتب آسانی سے مل سکیں اور ان کا وقت کے ساتھ ساتھ معلوم کر سکیں اور طلبہ کی مختلف کتب کے حوالے سے رہنمائی کر کے ان کے شوق کو بڑھائے لائبریرین بھی سود مند ثابت ہوتی ہے، کیونکہ اس عمر کے طلبہ کا علم محدود ہوتا ہے اور نہ ہی کتب کی کوئی خاص دلچسپی ہوتی ہے ایسے میں لائبریری کے استعمال کے لئے انہیں کسی کی رہنمائی کی ضرورت ہوتی ہے جو کلاس ٹیچر بڑے اچھے کر سکتا ہے۔ تاہم لائبریری میں طلبہ کو اپنی پسند کی کتاب چننے کا اختیار ملنا چاہئے۔

کتب کی بغیر پڑھے واپسی (Books Returned Unread):

بعض طلبہ لائبریری سے کتاب تو نکلوا لیتے ہیں لیکن اسے بغیر پڑھے ہی واپس کر دیتے ہیں، یہ استاد کی ذمہ داری ہے کہ دیکھے کہ طالبعلم نے کتاب پڑھی بھی ہے یا نہیں، اگر سالانہ بنیادوں پر نکلوائی جانے والی کتب کا ریکارڈ رکھا جائے تو بہتر ہے کہ جب طلبہ پڑھ چکے ہیں وہ ایک صفحے پر تحریر ہوتی ہیں، جن کے آگے [illegible] اور واپسی کی تاریخ بھی درج کی جائے۔ استاد ایسے بچوں کو کتب بینی کی جانب مائل کر سکتا ہے جو کتابیں پڑھ [illegible] ہوں۔ استاد کو چاہئے کہ وہ طلبہ کو [illegible] کے لئے ایسا کام دے، جس کے لئے لائبریری کی کتاب سے استفادہ کرنا ضروری ہو۔

طلبہ کے پاس ایسی نوٹ بکس ہونی چاہئیں، جس میں وہ کتب کا عنوان اور مرکزی خیال اور خلاصہ تحریر کر سکیں، کے ساتھ ساتھ طلبہ کو کتاب کے بارے میں اپنے تاثرات بھی تحریر کرنے چاہئیں، جماعت میں بھی متعلقہ موضوع پڑھی گئی کتاب کے بارے میں اظہار خیال کرنے کا موقع ملنا چاہئے کہ وہ پورے سال میں کتنی زیادہ کتابیں پڑھتا ہے۔ اس طرح سے مطالعہ کرنا ہے اسے انعام دیا جانا چاہئے۔ حتمی امتحان کے لئے کتاب کا خلاصہ تحریر کرنا انتہائی ضروری ہے کیونکہ کتاب میں بیان کردہ حقائق کو کہیں نوٹ نہ کیا جائے تو وہ جلد بھول جاتے ہیں۔ استاد کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ ان کتب کے بارے میں مکمل آگاہی رکھے تبھی وہ کتب کے حوالے سے طلبہ کا نقطہ نظر کو بہتر انداز میں سمجھ سکتا ہے۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



(iv) ترتیب کتب اور درجہ بندی:
(Classification and Arrangement of Books):

لائبریری میں کتب کی ترتیب اور درجہ بندی انتہائی مناسب انداز میں ہونی چاہئے کیونکہ لائبریری میں سب سے اہم ترین چیز کتابیں ہی ہوتی ہیں، اس کی اہمیت تبھی برقرار رہ سکتی ہے جب موزوں ترین کتب مناسب ترتیب کے ساتھ رکھی جائیں، اس سلسلے میں کتب کی افادیت کو برابر اہمیت دی جانی چاہئے

اس سلسلے میں استاد کو چاہئے کہ وہ کتاب کے مواد کا خصوصی خیال رکھے نظر رکھ کر منتخب کرنی چاہئیں، تاکہ کتابوں میں پیش کی گئی باتوں کو بہتر طور پر سمجھا جا سکے اور کتابیں ان کی حوصلہ افزائی کر سکے۔

لائبریری کی اہمیت (The Significance of Library):

مدرسہ لائبریری کی اہمیت کا اندازہ اعلیٰ پائے کے مصنفین کی ایسی کتب سے ہرگز نہیں لگایا جا سکتا جو کہ نہ سمجھی جا سکے، بلکہ مدرسہ لائبریری کی اہمیت تبھی آشکار ہوتی ہے جب وہاں ایسی کتابیں بکثرت موجود ہوں جو کہ طلبہ کی ذہنی صلاحیت کے مطابق علم کی ترویج میں معاون ثابت ہو سکیں۔ جو کتابیں طلبہ کے لئے انتہائی مفید ہوتی ہیں وہ لائبریری میں ایک سے زیادہ ہونی چاہئیں۔ یہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ جب کوئی استاد کسی امتحان کی تیاری کروا رہا ہوتا ہے تو وہ اس حوالے سے کتابیں لائبریری سے لے جاتا ہے، اس طرح ان کتب سے طلبہ استفادہ نہیں کر پاتے، یقیناً مدرسہ کی لائبریری میں استاد کے لئے بھی کتب ہونی چاہئیں لیکن خیال رہے کہ وہ کتب طلبہ کی کتب کیلئے فراہم کردہ فنڈز سے نہ خریدی جائیں۔

کتب کے ذخیرے کے حوالے سے مندرجہ ذیل باتیں مدنظر رکھی جائیں۔

(1) لائبریری میں ایسی کتب ہونی چاہئیں جو کہ طلبہ کی عمر، قابلیت صلاحیت اور دلچسپی کے عین مطابق ہوں۔
(2) لائبریری کے لئے کتب خریدتے وقت خیال رکھا جائے کہ یہ ایسی کتب ہوں جو کہ طلبہ کے علم میں اضافہ کا باعث بن سکیں۔
(3) کتابیں ایسی ہونی چاہئیں جنہیں طلبہ بڑی آسانی کے ساتھ سمجھ سکیں، اور ان میں غور و فکر اور استدلال کی قوت میں اضافہ ہو۔
(4) لائبریری میں موجود کتب کو متعلمین کے ساتھ ساتھ اساتذہ کے لئے بھی انتہائی مفید ہونا چاہئے۔ کتب کا ذخیرہ جمع کر لینے کے بعد ان کتب کے موضوعات، طلبہ کی تعداد، عمر اور قابلیت کے حوالے سے درجہ بندی کی جانی چاہئے۔ لائبریرین کو چاہئے کہ وہ مختلف کلاسز میں مختلف مضامین کے اساتذہ کی مدد سے ہر جماعت اور مضمون کے حوالے سے رجسٹر میں کتب کا اندراج کرے۔ اس طرح طلبہ کو اپنے مضمون سے متعلق کتاب بآسانی تلاش کرنے میں مدد ملتی ہے۔ یوں وہ حاصل کی جانے والی کتاب سے بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں۔ موجودہ حالات میں اکثر طلبہ لائبریری سے صحیح انداز میں استفادہ نہیں کر پا رہے اس کے پیچھے کئی طرح کی وجوہات کارفرما ہیں، پہلی وجہ لائبریری میں کتب کی تنظیم و ترتیب صحیح طریقے سے نہ ہونا ہے، جس کی وجہ سے طلبہ کو مطلوبہ کتب وقت پر دستیاب نہیں ہوتیں، دوسری بڑی وجہ طلبہ میں مطالعے کے شوق کا نہ ہونا ہے اور کئی طلبہ تو مطالعے کے صحیح طریقے سے بھی واقف نہیں

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ان سے طالب علم کو ان چیزوں تصورات اور تجربات سے واقفیت ہو جاتی ہے جن کا تجربہ دوسرے ذرائع سے ممکن نہیں ہوتا۔ انسان کی خلا میں چہل قدمی چاند پر انسانی قدم، سمندری گہرائیوں میں اترنا وغیرہ ایسے موضوعات ہیں جن کے بارے میں معلم کا ذہن محض معلم کے لیکچر سے مطمئن نہیں ہوتا ایسی صورت میں یہ اعانات استاد کے معاون ہوتے ہیں اور بچے کو علم اور معلومات کے حوالے سے مطمئن کرتے ہیں۔

سمعی و بصری اعانات اب عمل تدریس کا ایک لازمی حصہ بن چکے ہیں سائنس کی ترقی اور ایجادات کی بدولت ان میں بہت زیادہ اضافہ ہو رہا ہے اور ان کے استعمال کار رجحان بھی بڑھ رہا ہے۔

سمعی و بصری اعانات کی تعداد متعین کرنا یقیناً بہت مشکل کام ہوتا ہے۔ لہٰذا معلم کیلئے ضروری ہے کہ وہ ان کے انتخاب اور استعمال میں نہایت توجہ دے اور سوچ سمجھ کر فیصلہ کرے۔

سمعی و بصری معاونات کی اقسام

(Types of A/V Aids)

سمعی و بصری معاونات کی مکمل فہرست تیار کرنا بہت مشکل کام ہوتا ہے کیونکہ ان کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہے لیکن ٹیکنالوجی کی ترقی کے ساتھ ان کی تعداد بڑھ رہی ہے اور ان کے تنوع میں زبردست انقلاب آیا ہے۔ ذیل میں سمعی اعانات کی اہم اقسام پیش کی جا رہی ہیں۔

ان بصری اعانات کو ہم اقسام میں تقسیم کرتے ہیں اول ایسی اعانات جس کا استعمال اور تجربہ کلاس روم کے اندر کیا جا سکتا ہے دوسرے اعانات جن سے فائدہ اٹھانے کیلئے مدرسہ کی چار دیواری سے باہر جانا پڑتا ہے دونوں اقسام کی وضاحت درج ذیل ہے۔

1- غیر تصویری بصری مواد (Aids through the Ear):
اس میں چارٹ پوسٹر تختہ اطلاعات بورڈ فلپ چارٹ وغیرہ شامل ہیں۔

2- ساکن تصویری مواد (Aids through the Eye):
سلائیڈیں اوپیک پروجیکٹر تصاویر نقشے گراف وغیرہ۔

3- متحرک تصاویر (Sound-motion Pictures):
فلم ٹی وی، وی سی آر ویڈیو وغیرہ۔

4- سمعی مواد (Auditory Aid):
ریڈیو ٹیپ ریکارڈ فونوگراف وغیرہ۔

5- اصل اشیاء (The Objects):
ماڈل آس پاس کے ماحول میں دستیاب اشیاء۔

6- عملی مظاہرے (Dramalization):
سائنسی تجربے، تمثیل کاری

سمعی و بصری معاونات کا کردار و اہمیت:
(The Value of Audio-Visual aids to Learning):

(1) سمعی بصری اعانات بہم تصورات کو واضح اور پیچیدہ مسائل کو آسان بنا دیتے ہیں ان کی مدد سے بچے ان چیزوں کو بھی آسانی سے سمجھ جاتے ہیں جن کا شعور کتابی سبق یا لیکچر کے ذریعے پیدا نہیں ہوتا۔

(2) اس سے سبق میں دلچسپی بڑھ جاتی ہے۔ پائیدار تعلم یقینی ہوتا ہے کیونکہ اس کی بنیاد دلچسپی اور آمادگی پر منحصر ہوتی ہے۔ اس طرح مزید علم حاصل کرنے کیلئے مضبوط بنیاد تیار ہو جاتی ہے۔

(3) اس سے بچوں کو خود عمل کرنے اور سیکھنے کی ترغیب ملتی ہے۔ سرگرمیوں کیلئے راہ ہموار ہوتی ہے۔ نئے تجربات مفید اور بامعنی بن جاتے ہیں جس سے اس میں زیادہ خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

(4) اس سے بچوں کے خیالات و تصورات میں تسلسل پیدا ہوتا ہے اور یہ انداز فکر ان کی معلومات کو اور زیادہ واضح شکوں بناتا ہے۔

(5) اس سے بچوں کے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہوتا ہے ان کے ذہن میں وسعت سوچ میں بلندی اور فہم و فراست میں اضافہ ہوتا ہے۔

(6) اس سے معلومات، تصورات، حافظے، قوت فیصلہ، بحث کی صلاحیت، تخیل اور فہم میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے۔

(7) اس سے معلومات بچوں کے ذاتی تجربہ میں بدل جاتی ہیں اور بچوں کے عملی استعمال میں آتی ہیں یہ معلومات ان کی شخصیت کا جزو اور عملی استعمال کے قابل بن جاتا ہے۔

(8) ان کے استعمال سے بچوں کی توجہ سبق کی طرف مرکوز ہو جاتی ہے ان اعانات کی کشش سے طلبہ کی توجہ کا ارتکاز سبق کی طرف رہتا ہے۔

(9) ان کے استعمال سے طلبہ کی معلومات میں گرانقدر اضافہ ہوتا ہے۔ بعض اوقات طلباء ان اعانات کی مدد سے استاد کے لیکچر یا درسی کتاب کی نسبت زیادہ معلومات حاصل کر لیتے ہیں۔ کیونکہ درسی کتب میں چھپنے کے بعد کافی عرصہ تک کوئی ردوبدل نہیں ہوتا جبکہ سمعی بصری اعانات مثلاً ریڈیو، ٹی وی، انٹرنیٹ اور سائنسی فلموں کے ذریعے طلباء کو جدید ترین معلومات حاصل ہو جاتی ہیں اس لحاظ سے یہ مواد درسی کتب پر بھی فوقیت لے جاتا ہے۔

(10) یہ مجرد تصورات کی وضاحت کرتے ہیں اور آئندہ تعلم کیلئے ٹھوس بنیادیں فراہم کرتے ہیں طالب علم جن معلومات اور ایجادات کو فلم اور ٹی وی کے پردے پر دیکھتا ہے وہ انہیں سمجھ بوجھ کر تسلیم کرتا ہے اور یہ فہم اور مقبولیت اس کے آئندہ تعلم کی بنیاد بنتی ہے۔

(11) ان کو خود آموزی کے طریقے کے طور پر کامیابی کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے طالب علم از خود بھی فلم، ریڈیو، ٹی وی، کمپیوٹر، سلائیڈوں اور ٹیپ ریکارڈر کی مدد سے بہت کچھ حاصل کر سکتا ہے۔

(12) یہ طالب علم میں سائنسی طرز فکر اور معروضی انداز میں سوچنے کی تحریک پیدا کرتی ہیں وہ طالب علم کو اس قابل بناتے ہیں کہ وہ کسی چیز کو اپنی آنکھوں سے مشاہدہ اور اپنے ہاتھوں سے تجربہ کئے بغیر قبول نہ کرے۔

(13) یہ نہ صرف سبق میں متعلمین کی بھرپور شمولیت کو ممکن بناتے ہیں بلکہ طلباء کو موثر اور پرجوش انداز میں عمل تدریس میں شامل ہونے پر آمادہ بھی کرتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



7- بیرون مدرسہ اعانتیں (The School Journey):

سیر و سیاحت اور مشاہدے

ان اعانات کو پروجیکٹڈ اور نان پروجیکٹڈ اعانات بھی کہا جاتا ہے۔

1- پراجیکٹڈ ایڈز یا معاونات (Projected Aids):

انٹیمیٹری سطح پر کون کون سی پروجیکٹڈ ایڈز استعمال ہو سکتی ہیں۔ اس کا جائزہ درج ذیل ہے۔ تدریسی ٹیکنالوجی میں معلم، کتاب، بلیک بورڈ کے ساتھ میڈیا کی تخلیق کردہ سمعی بصری معاونات بھی استعمال ہوتی ہیں۔ ان میں پروجیکٹڈ ایڈز بھی شامل ہیں۔ انٹیمیٹری ایجوکیشن میں اساتذہ پروجیکٹرز کے ذریعے یہ پروجیکٹڈ ایڈز ہی استعمال کرتے ہیں۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔ فلمیں، فلم سٹرپ سلائیڈ اور ٹرانسپرنسی۔ یہ سب چاک بورڈ سے بہتر معاونات ہیں۔

(i) فلم (Film):

پراجیکٹڈ معاونات میں فلم ایک اہم مددگار ہوتی ہے۔ فلم ایک مؤثر ذریعہ ابلاغ ہے۔ ماہر تعلیم ایلن کے مطابق فلم سادہ مہارتوں کی نسبت پیچیدہ مہارتوں کے پڑھانے کا بہتر اور مؤثر ذریعہ ہے۔

البتہ مدرسے کی سطح پر معلم کیلئے یہ جاننا اور فیصلہ کرنا زیادہ اہم ہوتا ہے کہ کس موضوع کے تعلم کیلئے کونسی فلم دکھائی جائے۔ فیصلہ کرنے کے بعد اس فلم کو طلبہ کو دکھانے سے پہلے معلم خود ضرور دیکھے۔ اس ٹیکنالوجی کو مزید مؤثر اور مفید بنانے کیلئے معلم فلم کا تعارف کرواتے ہوئے طلبہ کو واضح طور پر سمجھائے کہ یہ فلم کیوں دکھائی جا رہی ہے۔ اگر اس فلم میں کوئی تجربہ بیان ہو رہا ہو تو سوال و جواب اور بحث و مباحثہ کا پیریڈ بھی ضروری ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کیا جا سکے۔

(1) اگر بحث و مباحثہ کیلئے گروپ بڑا ہو تو اسے چھوٹے گروپوں میں تقسیم کر دیا جائے۔
(2) اگر فلم میں تکنیکی منظر ہو تو فلم کا منظر دکھانے سے پہلے سوال و جواب کا پیریڈ رکھا جائے۔
(3) اگر فلم میں کوئی مہارت سکھائی گئی ہے تو معلم کو تجربے کی مشق کیلئے بعد میں وقت دیا جائے۔ کیونکہ مہارت حاصل کرنے کے لئے مشق ضروری ہوتی ہے۔
(4) فلم میں استعمال ہونے والے الفاظ اور اصطلاحات کی وضاحت فلم دکھانے سے پہلے کرنا ضروری ہوتا ہے۔
(5) فلم کے مناظر کے بعد تعلم کے بارے میں بحث ضرور کی جائے۔ ایسی فالو اپ سرگرمیوں تحریری یا زبانی کا منصوبہ پیشگی تیار کر لینا چاہیے۔ جیسا کہ اکثر کہا جاتا ہے کہ پڑھنا پڑھانا بہت ہی نازک عمل ہوتا ہے۔ اس میں ہر قدم پر احتیاط اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ فلم کے انتخاب میں استاد کو یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ:
(6) وقت کے لحاظ سے فلم کتنی لمبی ہے اور موضوع کے لحاظ سے اس کی موزونیت کیا ہے؟
(7) حالت کے لحاظ سے فلم کی حالت کیا ہے۔ ٹوٹی پھوٹی ہے یا ٹھیک حالت میں ہے اور صحیح نظر آئے گی۔
(8) افادیت کے لحاظ سے بھی دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ کیا جس سطح کے طلبہ کو دکھائی جا رہی ہے کیا وہ اس میں شامل طنز و مزاح، نفس مضمون اور اس کے پیغام کو جو اس میں دیا جانا مقصود ہے سمجھ لیں گے یا نہیں۔
(9) اگر استاد فلم کے ذریعے تدریس کرنا چاہتا ہے تو فلم کے بارے میں لیکچر، تحریری نوٹ، پیشگی طلبہ کو مہیا کرے۔
(10) فلم کے حوالے سے اچھی فلموں کے مہنگا ہونے کے علاوہ اس کی خوبیوں یا خامیوں کے پیش نظر ماہرین کا معلم کیلئے

مشورہ ہے کہ:

(11) ایسی فلم جس کا تعلق پڑھانے والے سبق یا نفس مضمون سے نہ ہو وہ فلم نہ دکھائی جائے۔
(12) فلم کا انتخاب مکمل بحث و مباحثہ کے بعد کیا جائے۔
(13) معلم یہ کبھی نہ سمجھے کہ طلبہ فلم سے ہر بات خود ہی سیکھ جائیں گے۔

Elmas Ali

(ii) فلم سٹرپ (Film Strip):

موشن فلم مہنگی بھی ہے اور اس کے علاوہ اور بھی معاملات میں زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ تدریسی ٹیکنالوجی میں فلم سٹرپ سے کمرہ جماعت میں کام لیا جاتا ہے۔ یہ 12 سے 48 تصویروں کے فریم ہوتے ہیں جن کو خاص ترتیب سے جوڑا ہوتا ہے جس سے ایک مرکزی خیال واضح ہو جاتا ہے۔ یہ موشن فلم کی طرح ہی مؤثر پروجیکٹڈ معاون طریقہ تدریس ہوتا ہے بشرطیکہ اسے باقی تدریسی عوامل کے ساتھ استعمال کیا جائے۔ فلم سٹرپ میں صوتی تاثرات نہیں ہوتے۔ یہ معلم کو پوری کرنی ہوتی ہے۔ فلم سٹرپ کے ذریعے دکھائے گئے مضمون کو معلم کے تبصرے سے مطابقت کا ہونا ضروری ہوتا ہے۔

فلم سٹرپ کے علاوہ سلائیڈ، ٹرانسپرنسی، اوور ہیڈ پراجیکٹر، شفاف پراجیکٹر بھی تعلم کے مؤثر و مفید ابلاغ کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ ہر ایک کی خوبیاں بھی ہیں اور کوئی نہ کوئی خامی بھی ہوتی ہے۔ پراجیکٹڈ معاونات کے علاوہ نان پراجیکٹڈ معاونات کے تدریسی ٹیکنالوجی کے مؤثر اور مفید ہونے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

(iii) سلائیڈ پروجیکٹر (Slide Projector):

سلائیڈ پروجیکٹر فوٹو طرز کی تصویر ہوتی ہے۔ جو کیمرے کی فلم پر تیار کی جاتی ہے۔ فوٹو گراف کی طرح ہی اس کے نیگیو تیار کئے جاتے ہیں۔ ان کے بعد ٹکٹ کر الگ الگ کر لیا جاتا ہے اور ان کو دھات یا پلاسٹک کے فریم میں لگا کر سلائیڈ پروجیکٹر کی مدد سے پردہ پر دکھایا جاتا ہے۔ یہ سادہ اور رنگین دونوں اقسام کی ہو سکتی ہیں۔

(iv) اوور ہیڈ پروجیکٹر (Over Head Projector):

تختہ تحریر پر لکھتے ہوئے معلم کا چہرہ طلباء کی طرف سے ہوتا ہے۔ تختہ تحریر کی طرف ہوتا ہے۔ اوور ہیڈ پروجیکٹر کے ذریعے معلم طلبہ کی طرف سے رخ پھیرے بغیر مارکر سے "ٹرانسپرنسی" کاغذ پر لکھتا ہے۔

ٹرانسپرنسی ایک شفاف کاغذ ہوتا ہے جس میں سے روشنی آر پار گزر سکتی ہے۔ اس لئے اس پر لکھی گئی تحریر کا رنگ اور عکس پردے پر نمایاں ہو جاتا ہے جو اصل مواد سے سائز میں کئی گنا بڑا ہوتا ہے۔ سبق کے بعض اہم موضوعات تدریس سے قبل ٹرانسپرنسی کی صورت میں تیار کر لئے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بعض موضوعات [illegible] ٹرانسپرنسیاں بھی دستیاب ہو سکتی ہیں۔

(v) وی سی آر اور وی ٹی آر (VCR and VTR):

ویڈیو کیسٹ ریکارڈ اور ویڈیو ٹیپ ریکارڈر سمعی بصری معاونات ہیں۔ یہ جدید ترین ہونے کے ساتھ ساتھ بہترین ذریعہ ابلاغ بھی ہوتے ہیں۔ ان کے ذریعے مختلف پروگرام اور تدریسی مظاہر ریکارڈ کئے جا سکتے ہیں اور وی سی آر کی مدد سے ٹی وی سکرین پر دیکھے جا سکتے ہیں۔ سائنسی اداروں، وزارت تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی کی وزارتوں اور محکمہ اطلاعات

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سدائے اقبال ایجوکیشنل لیڈ شپ پبلیشنز ہینڈ بک برائے بی۔ایڈ (کوڈ 8605) 134

ڈسٹریات وغیرہ سے مختلف موضوعات پر ویڈیو کیسٹ مل جاتے ہیں ٹی وی پروگراموں میں بھی اکثر ویژیلز مختلف موضوعات پر فلمیں دکھائی جاتی ہیں جن میں سے ضروری فلموں کو وی سی آر کی مدد سے ریکارڈ کیا جا سکتا ہے۔

تدریسی ٹیکنالوجی میں بہت سے فون کو اس لیے شامل کیا گیا ہے کہ یہ سب تعلم کو موثر، دلچسپ اور مفید بنانے میں اور ایجنسیز کی سطح پر بچوں کے شعور کی بہتر نشوونما ہوتی ہے۔ جدید دور میں ریڈیو اور ٹیلی وژن جو کہ ابلاغ کے بہترین ذرائع ہوتے ہیں کو کس طرح نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ ان کی شمولیت سے آڈیو، ویڈیو ٹیکنیک بھی تدریسی ٹیکنالوجی میں شریک کر لئے گئے ہیں۔

جس طرح اوپر بیان ہوا ہے بہتر تدریس کے لئے سمعی بصری معاونات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ایجوکیشن میں بھی جدید ایجوکیشنل ٹیکنالوجی کے حوالے سے مختلف معاونات استعمال کی جاتی ہیں۔ ایلیمنٹری اور سیکنڈری ایجوکیشن میں بھی جدید ٹیکنالوجی میں زیادہ سے زیادہ معاونات کا استعمال جہاں یہ ثابت کر۔ عمل کو بہتر بنایا جاتا ہے۔ تدریسی ٹیکنالوجی میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے، وہاں یہ اشارہ بھی موجود ہے کہ کسی بھی منتظر ہیجر ٹیکنالوجی سمعی و بصری معاونات میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے، وہاں یہ اشارہ بھی موجود ہے کہ کسی بھی منتظر ہیجر عملی اور مواد کا استعمال بذات خود تعلم میں مفید نہیں ہوتا جب تک اس کو موثر اور مفید بنانے والے مدرسین کی مہ شامل نہ ہو۔ اساتذہ اور اداروں (جن میں مختلف فنون کے ماہرین و فنکار بھی شامل ہیں) کا تدریسی ٹیکنالوجی پر اقتدار بہت بھی یہی ظاہر کرتے ہیں کہ ٹیکنالوجی سکول کی سطح پر بہت مفید ثابت ہو رہی ہے۔

2- نان پروجیکٹڈ ایڈز یا عام معاونات (Non Projected Aids):

نان پروجیکٹڈ معاونات میں دو جہتی اور سہ جہتی بصری معاونات شامل ہوتے ہیں۔ ان میں تصاویر، فوٹوگراف، فلیش کارڈز، فولڈنگ کارڈز، کارٹون، نقشے، پوسٹر، چارٹ اور گراف اسی طرح چاک بورڈ، مارکر بورڈ، فلینیٹ بورڈ اور مقناطیسی بورڈ بھی موثر تعلم کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔ نان پروجیکٹڈ سہ جہتی معاونات میں ماڈل، ماک اپ، ڈایوراما، ایگزیبٹ، ڈسپلے، سٹڈی کٹ، نمونے، اصل اشیاء اور گلوب وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔

نان پروجیکٹڈ معاونات کی اقسام (Types of non projected Aids):

مندرجہ ذیل نان پروجیکٹڈ معاونات ہیں جو تدریسی انسٹرکشن کے طریقہ میں کلاس روم میں استعمال ہوتی ہیں۔

(i) ماڈلز (ii) ماک اپ (iii) ڈایوراما
(iv) ایگزی بٹس (v) ڈسپلے (vi) سٹڈی کٹ
(vii) سیمپلز یا نمونے (viii) اصل اشیاء (ix) گلوب

(i) ماڈل (Model):

یہ تین سہ جہتی پہچان رکھتے ہیں اور دیکھنے والے اس سے اصل شکل کو جان لیتے ہیں۔ جب اساتذہ کسی اصل چیز کو کلاس روم میں نہیں دکھا سکتے اور اس کی پہچان کروانا ضروری بھی ہوتا ہے تو وہ اس کو تین سہ جہتی ماڈل میں دکھاتے ہیں۔ مثلاً انجن یا انسانی دل کا ماڈل ہی کلاس روم میں دکھایا جا سکتا ہے۔ یہ ماڈل بازار سے مختلف مواد اور مختلف جسامت کے مل سکتے ہیں اور خود بھی بنائے جا سکتے ہیں۔ مثلاً مٹی سے پھلوں، سبزیوں کے علاوہ دل کا ماڈل بھی بنایا جا سکتا ہے۔ ماڈل کی صورت اور جثوں کا تناسب درست ہونا ضروری ہوتا ہے۔ جسامت میں ضرورت کے مطابق کچھ فرق ہو سکتا ہے جس کی وضاحت

ضروری ہوتی ہے مثلاً انجن یا روڈ رولر وغیرہ کے ماڈل بازار میں مختلف جسامت کے مل سکتے ہیں۔ مگر وہ اسی جسامت کے تو نہیں ہوتے جتنے جو کلاس روم میں دکھائے جا سکیں۔ اصولاً کوشش کرنی چاہیے کہ ماڈل میں ظاہری رنگ کا بھی خیال رکھا جائے۔ بچوں میں اس کی شکل و صورت کا زیادہ سے زیادہ درست نقش ذہن نشین ہو جائے۔

(ii) ماک اپ (Mock up):

یہ اصل کی ایک طرح کی نقل ہوتے ہیں جن میں پوری تفصیل دکھائی جاتی ہیں۔ کسی ماڈل کے مختلف حصے الگ دکھانے کے لئے مزید نشان لگائے جاتے ہیں تا کہ ہر حصے کا تعارف کرایا جا سکے اور اس کا عمل بتایا جا سکے۔

(iii) ڈایوراما (Model Collections):

مختلف اشیاء کی تین سہ جہتی مختصر تمثیل (منی ایچر) ہوتی ہے۔ مختلف چھوٹے چھوٹے ماڈل کسی بورڈ پر چپکا دیئے جاتے ہیں۔ مثلاً ایک گاؤں کا ماڈل بنانے کے لئے چھوٹی چھوٹی ڈبیاں گھروں اور ان کی ترتیب گلیاں واضح کر دیں گی۔

(iv) ڈسپلے اور ایگزی بٹ (Disply and Exibit):

[illegible] کی نقل کو موزوں طریقے سے بتانے کے لئے مختلف نمونوں اور تصاویر وغیرہ سے جوڑ کر تیار کرلے [illegible] ان کی مدد سے اصل موضوع کی وضاحت کرتے ہیں۔

(v) سٹڈی کٹ (Stu[illegible] Cut):

اساتذہ اپنے [illegible] کے بصری معاونات جمع کر لیتے ہیں اور عمل تدریس میں استعمال کرتے ہیں۔ اساتذہ اپنے کلاس میں [illegible] مواد کو [illegible] ضرورت جوڑ کر یا ترتیب سے سجا کر اپنے مضمون کی وضاحت کرتے ہیں جس سے بچوں کے تعلم میں اضافہ ہوتا ہے۔

جیسے ہی طالبعلم کو داخلہ ملے اس کے کوائف اور دیگر ضروری معلومات داخلے کے رجسٹر میں درج ہونی چاہئیں۔ کوئی بھی داخلہ ایسا نہیں ہونا چاہئے جس کا رجسٹر میں اندراج نہ ہو۔ داخلہ حاصل کرنے والے تمام [illegible] کو سلسلہ وار نمبر جاری ہونا چاہئے اور الاٹ کیا جانے والا نمبر [illegible] برقرار رکھا جائے جب تک وہ [illegible] تاہم ہر نئے سال پر میریل نمبر کی تازہ فہرست جاری کی جانی چاہئے۔ [illegible] جاری ہونے والا داخلہ نمبر کسر [illegible] میں سال کا ذکر بھی شامل ہو جیسا کہ 54/55-56، جب کوئی [illegible] سکول چھوڑ جاتا ہے اور بعد میں کوئی اور سکول [illegible] سرٹیفکیٹ لے کر دوبارہ داخلہ لیتا ہے تو اس داخلے کا رجسٹر میں نیا اندراج ہونا چاہئے۔

اگر کسی طالبعلم کا نام فیس کی عدم ادائیگی یا مستقل غیر حاضری پر خارج ہو گیا ہو تو اسے دوبارہ داخلہ دیتے ہوئے نیا نمبر جاری کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی مگر اس صورت میں فیس رجسٹر میں اندراج لازمی ہونا چاہئے جبکہ داخلے کے رجسٹر

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



156

مسدائے انقلاب ایجوکیشنل پبلیکیشنز اردو بازار لاہور 042-37361414 - 37245454

داخلے کے رجسٹر میں اندراج کے وقت طالبعلم کی تاریخ پیدائش بڑی ذمہ داری اور احتیاط کے ساتھ درج کی جانی چاہیے جس میں دن، مہینہ اور سال کا خصوصی خیال رکھا جائے۔ یہ تاریخ طالبعلم کے پورے تعلیمی ریکارڈ میں یکساں رکھی جائے اور اس میں متعلقہ تعلیمی حکام اور ادارے کے انچارج کی اجازت کے بغیر کسی قسم کا ردوبدل نہ کیا جائے۔

بڑے مدارس میں طلبہ کے ناموں کا اندراج حروف تہجی کی ترتیب سے درج کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تاکہ بعد میں حوالہ ڈھونڈنے کے لئے آسانی رہے۔ حروف تہجی کی ترتیب سے درج کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تاکہ بعد میں حوالہ ڈھونڈنے کے لئے آسانی رہے۔ حروف تہجی کی ترتیب سے فہرست ہر سال داخلے مکمل ہونے کے بعد تیار کی جا سکتی ہے۔ ہر سال جب داخلوں کا عمل مکمل ہو جائے تو اسے مختصر اً واضح کرنا چاہئے کہ سال میں کتنے طلبہ نے داخلہ لیا، کتنے طلبہ نے سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کیا اور کتنے طلبہ کا نام خارج ہوا۔

نگہانیہ قواعد وضوابط کے مطابق داخلے کے رجسٹر کو ہمیشہ کے لئے (For ever) محفوظ کرنا ضروری ہوتا ہے۔ اس لئے اس میں کوتاہی نہ برتی جائے، یہ نہایت اہم ہے۔

4- طلبہ کی حاضری کا رجسٹر (Pupils Attendance Register):

ہر جماعت اور سیکشن کے لئے حاضری کا رجسٹر تیار ہونا چاہیے جس میں جماعت کے تمام طلبہ کے نام موجود ہوں۔ یہ نام حروف تہجی کی ترتیب سے درج کئے جانے چاہئیں، کئی ممالک میں ہر سیشن اور ہر پیریڈ کے لئے الگ سے حاضری کا ''کالم'' موجود ہوتا ہے جبکہ باقی ممالک میں روزانہ کے لئے ایک کالم موجود ہوتا ہے۔ حاضری صبح اور سہ پہر یعنی دونوں سیشن کی لی جانی چاہئے۔ عام طور پر حاضری ظاہر کرنے کے لئے ترچھے خط کی علامت کو اختیار کیا جاتا ہے جیسا کہ ''/'' یا ''\''، دن کے دونوں سیشن کی حاضری ظاہر کرنے کے لئے x کا استعمال کریں جس کے درمیان خالی جگہ نہ چھوڑی جائے۔ حاضری کے لئے پنسل کی بجائے سیاہی کا استعمال کیا جائے۔ جیسے ہی بچے کلاس میں جمع ہو جائیں حاضری لے لینی چاہئے۔

البتہ جو طالبعلم سیشن مکمل ہونے سے قبل ہی سکول سے چلا جائے اس کی حاضری کو منسوخ (Cancel) کر دیا جائے اور حاضری کے نشان کے گرد دائرہ لگایا جا سکتا ہے۔ کسی بیماری کی وجہ سے طالبعلم کی غیر حاضری یا رخصت کی صورت میں حاضری کے کالم میں S.L لکھ دینا چاہئے۔ جب سکول کی اپنی چھٹی ہو تو تعطیل کی وجہ لکھتے ہوئے حاضری کے کالم پر لکیر لگا دینی چاہئے۔ اگر عام تعطیل کی بجائے سکول کی اپنی کسی وجہ سے چھٹی ہے تو اس کا اندراج الگ سے لاگ بک میں کیا جائے۔ طویل تعطیلات کی صورت میں حاضری کے کالم پر تعطیلات (Holidays) تحریر کر دینا چاہئے۔

157

طلبہ کو بتا دینا چاہئے کہ انہیں رخصت تبھی ملے گی جب قبل از وقت درخواست دی جائے گی۔ بصورت دیگر غیر حاضری شمار ہو گی۔ البتہ ایسی صورتوں میں جب بیماری کی اطلاع ممکن نہ ہو طلبہ کو رعایت دی جانی چاہئے۔ چھٹی کی درخواست میں رخصت کی وجہ واضح طور پر تحریر ہونی چاہئے جبکہ والدین یا سرپرست کے دستخط بھی موجود ہوں تو درخواست منظور کی جانی چاہئے۔ بیماری کی وجہ سے طویل رخصت کے لئے میڈیکل سرٹیفکیٹ پیش کرنے کا کہا جائے۔

کسی سکول کی کارکردگی کا اندازہ عام طور پر بچوں کی حاضری دیکھ کر لگایا جاتا ہے۔ تمام حقیقی استعداد کا تقاضا یہ ہے کہ ایسے ذرائع اپنائے جائیں جس سے غیر حاضری کی صورت میں بھی طلبہ رابطے میں رہیں۔

اساتذہ کی حاضری کا رجسٹر: (Teacher's Attendance Register)

معلمین کی حاضری کا ریکارڈ رکھنے کے لئے مدرسہ میں اساتذہ کی حاضری کا رجسٹر ہونا بھی بے حد ضروری ہوتا ہے۔ یہ رجسٹر ہیڈ ماسٹر کے کمرے میں موجود ہونا چاہئے۔ اساتذہ کو چاہئے کہ جیسے ہی وہ تدریس کے لئے کسی سیشن میں سکول پہنچیں وہ رجسٹر میں اپنے نام کے سامنے حاضری والے کالم میں مختصر دستخط (Initial) کریں۔ ہیڈ ماسٹر کو چاہئے کہ وہ بھی رجسٹر میں اپنی حاضری لگائے اور ہر سیشن کے آغاز پر اساتذہ کی حاضری کا جائزہ لے۔ ہیڈ ماسٹر کو چاہئے کہ وہ اتفاقی رخصت کی صورت میں استاد کی حاضری کے خانے میں (Casual Leave) تحریر کرے جبکہ طویل غیر حاضری یا رخصت کی صورت میں حاضری کے کالم میں ان الیام پر لائن لگا دی جائے، رخصت کی صورت میں وجہ بھی تحریر کریں۔ مہینے کے آخر میں غیر حاضر اساتذہ کی تعداد چھٹ ا یادہ دیر رخصتوں کی تعداد تحریر کی جانی چاہئے۔

3- طلبہ کے سو ام اور کارکردگی کا ریکارڈ:

(The Record of the Pupil's Work and Profress in the Sc)

معلمین کے کام کارکردگی کے ریکا س صرف نصابی مقاصد کے حصول میں طلبہ کی کامیابیاں شامل ہوتی ہیں بلکہ وقتاً فوقتاً ان کی ترقی حاصل کی جانے والی صلاحیتوں اور کامیابی کے ٹیسٹوں میں حاصل کردہ نمبر، نصابی سرگرمیوں (Extra Curriculum activities) شمولیت اور کارنامے، پیشہ ورانہ دلچسپیاں اور رجحانات، کمزوریاں اور خامیاں، صحت جسمانی معذوری وغیرہ شامل ہوتی ہیں۔ درحقیقت طلبہ کے بارے میں محفوظ ریکارڈ ان کی مدرسہ کی زندگی کا آئینہ ہوتا ہے۔

بعض اوقات ان معلومات کے ساتھ وضاحتیں بھی تحریر کی جاتی ہیں۔ دیگر متعلقہ معلومات کے ساتھ ایسی معلومات کو بھی ریکارڈ کا حصہ بنایا جانا چاہئے جس سے معلم کے عمومی ماحول کے ساتھ کس پہلو سے ایسا جامع ریکارڈ ہوتا ہے کہ بچہ کسی بھی سکول میں جائے یہ ساتھ جاتا ہے۔ سکول چھوڑنے پر اس ریکارڈ کی نقول بھی دی جاتی ہیں۔

7- ماہانہ پروگرام (Monthly Programme):

سال کے آغاز پر مدرس کو چاہئے کہ وہ مجموعہ کورس اور دستیاب کو مدنظر رکھ کر ایک جامع سالانہ پروگرام تیار کرے۔ پھر اس سالانہ پروگرام کے مطابق ماہانہ پروگرام بنائے جائیں تاکہ سالانہ پروگرام کو مکمل کیا جا سکے۔ ان پروگرام

042-37361414 - 37245454 مسدائے انقلاب ایجوکیشنل پبلیکیشنز اردو بازار لاہور

Elmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



صدائے انقلاب ایجوکیشنل ایڈوکیٹ اینڈ مینجمنٹ برائے بی۔ایڈ (کوڈ 8605)

158

سے متعلق ریکارڈ ہی معائنہ کار افسروں یا ادارے کے سربراہان کو یہ دیکھنے کے قابل بناتا ہے کہ کسی مضمون کی تدریس میں وقت کے ساتھ ساتھ کتنی بہتری آ رہی ہے۔ اس کے علاوہ مزید ضرورت اس امر کی ہوتی ہے کہ اداروں کے سربراہان کم از کم ٹرم (Term) میں ایک مرتبہ ان مندرجات کا جائزہ لیں اور کارکردگی رپورٹ کے حوالے سے اپنی رائے دیں۔

اہم بات یہ ہے کہ ایسے پروگرامز چھوٹے چھوٹے عرصہ کے لئے تشکیل دینے چاہئیں تاکہ ہر پروگرام کے نتائج کو دیکھتے ہوئے سالانہ پروگرام کے مقاصد کے مطابق پروگرامز میں ہونے والے کام [illegible] پیشی کی جاسکے۔ سکول میں کیا جانے والا کام ہفتہ وار دکھایا جانا چاہئے۔ لیکن وقت کے ہر چھوٹے وقفے کے لئے [illegible] کرنا پڑتا ہے۔ اس حوالے سے خیال رکھا جائے کہ چاہے کام ایک مہینے کا، ایک ہفتے کا یا ایک [illegible] ہو سے صفحات کی بجائے عنوانات کی صورت میں پیش کیا جانا چاہئے۔

ہیڈ ماسٹر جہاں رجسٹرز کے ذریعے سکول کے مختلف معاملات کے تعلیمی پہلوؤں سے متعلق [illegible] محفوظ کرا [illegible] دیں اس کی ذمہ داریوں میں سکول کی آمدن و اخراجات کا ریکارڈ محفوظ کرانا بھی شامل ہوتا ہے۔ ہیڈ ماسٹر حقیقت [illegible] پورے سکول کا نگران اور ناظم ہوتا ہے۔ سکول کی عمارت، ساز و سامان کی فراہمی اور عملے کے تنظیمی امور وغیرہ سب [illegible] نگرانی کرتا ہے۔ البتہ مالیاتی ذمہ داریوں کے حوالے سے ہیڈ ماسٹرز کی مختلف مدارس کے حوالے سے ذمہ داریاں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔ اگر ایک سکول پرائیویٹ سطح پر قائم کیا گیا ہے تو ہیڈ ماسٹر کی ذمہ داری صرف داخلی نوعیت کے مالیاتی مسائل تک محدود نہیں رہتی بلکہ دیگر ذرائع سے فنڈز کے حصول اور دیگر خارجی نوعیت کے معاملات پر نظر رکھنے کی بھی ذمہ داری ہیڈ ماسٹر کو تفویض کر دی جاتی ہے۔

بعض معاملات میں ہیڈ ماسٹر کا مالیاتی اختیار صرف اضافی نصابی سرگرمیوں کے حوالے سے فنڈز کے بندوبست تک محدود ہوتا ہے۔ یہ فنڈز چاہے فیسوں میں شامل ہوں یا الگ سے لئے جائیں اور یا بچوں کے عطیات سے حاصل ہوں سب میں ایمانداری کو یقینی بناتے ہوئے فنڈز کو ادارے اور طلبہ کے مفاد میں استعمال کرنا چاہئے۔ کیونکہ پبلک سطح پر مالیاتی امور کے حوالے سے یہ طلبہ کا پہلا تجربہ ہوتا ہے اور ان کے سامنے اچھی مثال قائم ہونی چاہئے۔

ادارے کے سربراہ کو خیال رکھنا چاہئے کہ اکاؤنٹس کی دیکھ بھال کی ذمہ داری اس کی تعلیمی ذمہ داریوں سے کسی بھی طور پر کم نہیں۔ اداروں کے سربراہان کو چاہئے کہ وہ ان تمام مالیاتی امور اور ان کے قواعد و ضوابط سے واقف ہوں جو کہ ان کی ذمہ داریوں میں شامل ہوتے ہیں۔ اکاؤنٹس میں کسی قسم کی غفلت سے ادارے کا سربراہ بری الذمہ نہیں ہو سکتا۔ اکاؤنٹس چاہے کلرک اور معاونین کے ذریعے مرتب کئے جائیں لیکن ان سے ٹھیک طریقے سے کام لینا ادارے کے سربراہ کے ہی ذمے ہوتا ہے۔ اگر کوئی کلرک کوتاہی کا مرتکب ہے تو بھی ادارے کے سربراہ کو ہی جوابدہ ہونا پڑے گا۔ البتہ بحیثیت سرکاری ملازم جو بھی فرد اپنے فرائض میں غفلت اور کوتاہی کا مرتکب ہو اور یا پھر فراڈ میں ملوث پایا جائے اس کے خلاف سرکاری قواعد و ضوابط کے مطابق حکومت سخت سے سخت کارروائی کرنے کی مجاز ہوتی ہے۔

042-37361414 - 37245454 صدائے انقلاب ایجوکیشنل ایڈوکیٹ، اردو بازار لاہور

صدائے انقلاب ایجوکیشنل ایڈوکیٹ اینڈ مینجمنٹ برائے بی۔ایڈ (کوڈ 8605)

159

کیش بک (Cash Book):

Columns of a Cash Book

1	2	3	4	5	6	7	8
Date	Particulars	Amount Received	Receipt No	L.F	Amount Paid	Voucher No	L.F

کیش بک (Cash Book) میں نقد وصولی یا نقد ادائیگی درج کی جاتی ہے۔ اسے مجلہ ہونا چاہئے اور صفحات پر بڑی احتیاط سے نمبر شمار چھپے ہونے چاہئیں [illegible] امور کی ابتدائی تفصیل پائی جاتی ہے۔ اس میں سکول کے روزمرہ کے [illegible] کیش بک میں کالموں کی تعداد اور مندرجات کے عنوانات کو اوپر دی گئی شکل میں لکھا ہے۔

پہلا کالم تاریخ کے لئے ہے کوئی رقم وصول ہوئی یا کوئی ادائیگی کی گئی اُس کی تاریخ اس کالم میں درج کی جاتی [illegible] کالم 4 اور 5 کو L.F کا عنوان دیا گیا ہے، اس کالم میں متعلقہ رجسٹر کے اس صفحے کا نمبر درج کیا جاتا ہے جس پر اس لین [illegible] معلومات کا اندراج کیا گیا ہے۔ مثال کے طور پر یکم جنوری 2017ء کو سیلری [illegible] 50,000/- روپے تنخواہ کی مد [illegible] ہو۔ اس تو اسے کیش اکاؤنٹ میں خرچ کیا جائے گا۔ اور اس وصولی کا اندراج سیلری بک (Salary [illegible] L.F کالم یعنی کالم نمبر 5 میں سیلری بک کے اس صفحے کا حوالہ دیا جائے گا جہاں یہ رقم درج ہوگی [illegible] پورس اور [illegible] کے کھروں سے متعلق فنڈز خرچ ہونے کا اندراج کیش بک میں ادائیگیاں (Amount Paid) [illegible] کالم نمبر 6 میں کئے جانے کا حوالہ دیا جائے گا جہاں ان شعبوں کے اخراجات اور دیگر مالی امور کی ادائیگیاں [illegible] کی جاتی ہیں۔

یہ واضح رہے کہ [illegible] بھی لین دین جو [illegible] میں ہیڈ ماسٹر باضابطہ طور پر حصہ لیتا ہے اُس کا اندراج کیش بک میں لازمی طور پر کیا جائے۔ اور جتنی بھی رقم سکول [illegible] وصول ہوئی ہے اسے بغیر کسی تاخیر کے قومی خزانے یا بینک میں جمع کرایا جانا چاہئے۔ کیش (Cash) [illegible] طلاح میں کرنسی نوٹ (Currency Notes)، بینک چیک (Banc [illegible] and Drafts)، ڈیمانڈ ڈرافٹ (Cheques)، ریمٹ نینس ٹرانسفر ریسٹس (Remmittance Transfer Receipts) سب شامل ہوتے ہیں۔ [illegible] میں سے کسی [illegible] صورت [illegible] ہونے والی رقم کی کوئی رسید جاری ہوگی، یوں کالم نمبر 4 میں اس رسید کا نمبر اور [illegible] 3 [illegible] وصول ہونے والی رقم تحریر کی جائے گی۔ اسی طرح ادائیگیاں ہوں گی ان کی ترقیات کا اندراج کالم نمبر 6 میں ہوگا۔ کالم 7 میں رسید نمبر [illegible] جائے۔ سکول کی تمام وصولیوں اور ادائیگیوں پر مشتمل تحریر [illegible] سے متعلق معلومات [illegible] روزانہ کی بنیاد پر لکھی جانی چاہئے کیونکہ وصول [illegible] سے متعلق ہر معاملے کا موقع پر اندراج [illegible] ہونا چاہئے۔

ہر دن کے آغاز پر موجود ابتدائی کیش (Opening Balance) کہلاتا ہے۔ [illegible] اختتامی کیش (Closing Balance) کہتے ہیں اور اسے "Payment" والی سائیڈ پر درج کیا جاتا ہے۔ یاد رکھئے کہ ہر روز کا کلوزنگ بیلنس (Closing Balance) اگلے روز کا اوپننگ بیلنس (Opening Balance) ہوتا ہے۔ بیلنس ہمیشہ موجود رقم کی شکل میں ہونا چاہئے۔ مہینے کے آخر میں تفصیل مندرجہ ذیل انداز میں تحریر کی جانی چاہئے۔

042-37361414 - 37245454 [illegible] Salmas Ali

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



161

سروس رجسٹر (Service Register):

سروس رجسٹر ہر افسر، استاد یا کسی اور ماتحت ملازم کی دفتری کارکردگی کا ریکارڈ ہوتا ہے۔ حکومت یا متعلقہ محکمے کی طرف سے مدارس میں ہر ملازم کی خاطر ایک رجسٹر کھولا جانا چاہیے جبکہ اس میں کیے جانے والے ہر اندراج کے بارے میں ہیڈ ماسٹر کی طرف سے بھی دستخط ہونے چاہئیں۔ اس طرح ہر ملازم کا پرسنل ریکارڈ ہیڈ ماسٹر کی ذاتی تحویل میں رہتا ہے۔ سروس رجسٹر میں اندراج کے حوالے سے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھا جانا چاہیے:

1. رجسٹر میں ہونے والا اندراج دوسرے ریکارڈز کے عین مطابق ہونا چاہیے۔
2. ہر پہلی تنخواہ کا کیس ہے تو ریکارڈ میں تاریخ تعیناتی تحریر کی جائے، بغیر اس کے ساتھ تعیناتی کے حکم کا نمبر اور تاریخ درج ہونی چاہیے۔ یہ طریقہ کار تبادلے کی صورت میں بھی اختیار کیا جائے۔
3. رجسٹر میں [illegible] کی جانے والی تاریخ پیدائش ہرگز تبدیل نہ کی جائے جب تک بالاختیار اتھارٹی اس کی اجازت نہ دے۔
4. مختلف اوقات میں [illegible] والے جرمانے، معطلی، تنزلی و دیگر سزاؤں کی تاریخ اور وجوہات کا مکمل اندراج ہونا چاہیے۔
5. ایسے کیسز جن میں ملازم کو کچھ ذمہ داریاں علمہ تفویض اور کچھ ذمہ داریاں کسی اور محکمے سے متعلق ہوں تو دوسرے متعلقہ محکمے سے بھی سروس ریکارڈ کی تصدیق کرائی جانی چاہیے۔
6. عہدے سے ہٹایا گیا ملازم اگر اسی یا کسی اور عہدے پر بحال ہو جائے تو اس سابقہ ملازمت کا تجربہ بھی شامل ہونا چاہیے، تاکہ پنشن کے معاملات کو فوری طور پر درست کیا جا سکے۔
7. اگر تعیناتی میں کوئی تبدیلی آئی ہے تو بتایا جائے کہ یہ تبدیلی کس بنا پر لے آئی۔
8. سروس رجسٹر جس ملازم سے متعلق ہے اس کی تحویل میں نہیں دیا جانا چاہیے، ہاں البتہ اگر وہ ریٹائر ہو جائے تو سروس رجسٹر اس کی نئی جائے تعیناتی پر رجسٹر کو تحویل میں رکھنے کے ذمہ دار افسر سے لیا جانا چاہیے۔
9. ہیڈ ماسٹر جو کہ ملازم کے سروس رجسٹر کو تحویل میں رکھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے اسے یہ سمجھنا چاہیے کہ وہ رجسٹر میں تمام مندرجات کے صحیح اور اپ ٹو ڈیٹ رکھنے کا جواب دہ ہے اس لئے اس حوالے سے خصوصی توجہ دے۔ اسے چاہیے کہ جائج پڑتال کے بعد ہر سال تصدیقی دستخط جاری کرے۔

160

	Rs.	Ps
Game Fund		
Union Fund		
Contigency		
Undisbursed Salary		
Any other items (to be specified)		
Total:		
Balance with Bank:		
Games Fund		
Union Fund		
Any other Fund (to be specified)		
Total:		
Cash in hand		

Elmas Ali

خیال رہے کہ کیش بک کی وصولیوں اور ادائیگیوں کے مندرجات ان کے اصل رجسٹر مثلاً اتفاقی اخراجات رجسٹر، گیمز اکاؤنٹ کا رجسٹر، یونین اکاؤنٹ کا رجسٹر وغیرہ میں کیے گئے اندراج ایک جیسے ہوں۔ دونوں میں فرق نہیں ہونا چاہیے۔ روزانہ اکاؤنٹ کلوز کرنے کے بعد کیش بک ادارے کے سربراہ کی تحویل میں دی جانی چاہیے۔ جو کہ اس کی جانچ پڑتال کے بعد اپنے دستخط کے ساتھ توثیق کرے۔ البتہ اس میں کسی رقم کا اندراج ہونے سے رہ گیا ہے یا غلط اندراج ہوا ہے تو اس کی تصحیح کرنی ضروری ہوتی ہے۔

مہینے کے آخر میں وصولیوں اور ادائیگیوں کی تفصیل، یونین اور گیم فنڈز کی تفصیلات وغیرہ سرکاری سکول کی صورت میں معائنہ کار افسر اور ادارے کے انچارج کو فراہم کی جائے لیکن اگر مدرسہ پرائیویٹ ہے تو یہ تفصیل ادارے کی انتظامی قیادت کو فراہم کی جا سکتی ہے۔ یہ تفصیل متعلقہ حکام تک مہینے کی 4 تاریخ تک اس سے قبل پہنچانا ضروری ہوتا ہے۔

9- فیس وصولی کا رجسٹر (Fee collection Register):

نیا داخلہ و دوبارہ داخلے کی فیس، ٹیوشن فیس، یونین فیس، علمی معائنے یا کسی اور معاملے کی فیس وصول کرنا ہیڈ ماسٹر کی بنیادی ذمہ داری ہوتی ہے۔ البتہ سہولت کی خاطر یہ ذمہ داری ہر کلاس کے انچارج کو بھی سونپی جا سکتی ہے۔ یہ کہ جماعت کی تدریس میں بار بار کے خلل اور فیسوں کی وصولی میں بے قاعدگیوں سے بچنے کے لئے ضروری ہے کہ فیس وصولی کا باقاعدہ شیڈول مرتب کیا جائے۔ یعنی مخصوص دن اور مخصوص وقت پر ہی فیسیں وصول کی جائیں استاد کو چاہئے کہ فیس وصولی کا جو دن مقرر کیا گیا ہے اس روز حاضری لگانے کے بعد اور معمول کے کام شروع کرنے سے قبل فیسیں وصول کر لے۔

ہر بچے کی ادائیگی پر اس کا اندراج فیس رجسٹر میں کیا جانا چاہیے اور فیس دینے والے کو رسید جاری کی جائے۔ رسیدیں جاری کرنے کے لئے پرنٹ کرائی گئی "رسید بک" کا استعمال ہونا چاہئے جس میں سے ہر صفحے کا ایک حصہ فیس جمع کرانے والے کو جاری ہوگا جبکہ دوسرا حصہ ادارے کے ریکارڈ کا حصہ رہے گا۔ فیسوں کی وصولی کے بعد رقم کو جمع کیا جائے

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



11- سکول کے سامان کا سٹاک رجسٹر:
(Stock Registe rof School Equipment):

مدرسے کے ریکارڈ میں ایک اور اہم ترین ریکارڈ سکول کے سامان سے متعلق ہوتا ہے۔ اس میں مدرسہ کی تمام منقولہ جائیداد کا اندراج کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے کہ ہیڈ ماسٹر سکول کے سامان کا نگران ہوتا ہے اس لئے ہیڈ ماسٹر کی ذمہ داری ہے کہ وہ سکول کے فرنیچر اور دیگر سامان، اساتذہ کے لئے سامان وغیرہ سب کا ریکارڈ رکھنے کے لئے جنرل سٹاک رجسٹر مرتب کرے اور وقتاً فوقتاً خرید کی جانے والی اشیاء کا اندراج [illegible] کرتا رہے۔ یہ [illegible] سال میں ایک مرتبہ سٹاک رجسٹر کی مکمل جانچ پڑتال کرے اور مندرجات درست ہونے پر توثیق [illegible] سال کے آخر میں انجام دی جائے تو زیادہ بہتر ہے۔ فرنیچر کے سامان کی دیکھ بھال اس صورت [illegible] ہے جب ہر کلاس روم کے حوالے سے سامان کی الگ فہرست مرتب کر کے متعلقہ کمرے میں رکھ [illegible] بیشی ہونے پر فہرست میں تبدیلی کرتے جائیں تو فرنیچر کا انتظام بہتر طور پر ہو سکتا ہے۔ ہر کلاس میں [illegible] ہے اس کو کمرہ جماعت کے تمام سامان پر نظر رکھنی چاہئے۔

رجسٹر میں کسی بھی اندراج کو متعلقہ حکام کی اجازت کے بغیر خارج نہیں کیا جا سکتا۔ اگر کوئی چیز خراب ہو گئی ہے اور اسے مرمت کے بعد استعمال میں لایا جا سکتا ہے تو اسے بغیر کسی تاخیر کے ٹھیک کرانا چاہئے۔ اور جو اشیاء بالکل ہی ناکارہ ہو گئی ہیں اور انہیں مرمت کے بعد بھی استعمال کے قابل نہیں بنایا جا سکتا تو اسے ٹھکانے لگانے کا بندوبست کیا جائے نیز سکول کے فنڈز سے اس کا نعم البدل خریدنے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

12- رجسٹر قبض الوصول (Payroll Register):

اس رجسٹر میں سکول کے عملے بشمول اساتذہ کی تنخواہوں کا اندراج ہوتا ہے۔ اس میں اصل تنخواہ کے علاوہ جملہ ملازمین کو دیئے جانے والے الاؤنس بھی درج کئے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ کٹوتیاں مثلاً جنرل پراویڈنٹ فنڈ، ملازمین کی بہبود کا فنڈ، گروپ بیمہ، انکم ٹیکس، کرایہ مکان الاؤنس کی کٹوتی وغیرہ کا اندراج بھی ہوتا ہے۔ ایک سرسری نظر ڈالنے سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ کوئی ملازم کس قدر تنخواہ پا رہا ہے اور تمام قسم کی کٹوتیاں کر کے اسے کس قدر ادائیگی کی جاتی ہے۔

13- رجسٹر فنڈز (Funds Register):

اس رجسٹر میں طلبہ سے وصول کیے گئے فنڈز کا باقاعدہ جماعت وار اندراج ہوتا ہے چونکہ طلبہ کے مختلف فنڈز ہوتے ہیں۔ اس لیے ہر فنڈ کا علیحدہ رجسٹر ہوتا ہے اور ہر فنڈ کا بنک میں الگ کھاتہ ہوتا ہے۔ پھر ہر فنڈ کی مدد سے مختلف اوقات میں خرچ ہونے والی رقم کا متعلقہ رجسٹر میں باقاعدہ اندراج ہوتا ہے اور فنڈ کے خرچ کرنے کے ضمن میں مجاز افسر کی منظوری کا اندراج بھی ہوتا ہے۔ مدرسے میں عام طور پر یونین فنڈ، میڈیکل فنڈ، سائنس فنڈ، جرمانہ فنڈ، ہلال احمر فنڈ وغیرہ کے رجسٹر ہوتے ہیں۔

042-37361414 - 37245454 مسدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور

163 مسدائے انقلاب ایجوکیشنل بورڈ شہباز پبلیشرز، اے بی ایل (8605)

متفرق ریکارڈ (Miscelleneous Records):

سروس بک (Service Book):

سالانہ خفیہ رپورٹ (Annual Report):

سیکنڈری ایجوکیشنل بورڈ فائل (Secondary Educational Board File):

سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (School Leaving Certificate):

Elmas Ali

042-37361414 - 37245454 مسدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

Elmas Ali

باب 8

پاکستان میں انتظامی و نگرانی کا ڈھانچہ
Administrative & Supervisory Structure in Pakistan

سوال 1: پاکستان میں تعلیمی انتظام وانصرام کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالیں۔

جواب: پاکستان میں تعلیمی انتظام وانصرام:

(Educational Administration and Supervision in Pakistan):

1973ء کے آئین کے مطابق ایجوکیشن کا شمار قانون سازی کی متوازی فہرست (Concurrent List) میں ہوتا ہے۔ وہ فہرست ہوتی ہے جس میں وفاقی اور صوبائی دونوں سطح کے قانون ساز ادارے قانون سازی کر سکتے ہیں۔ مرکزی حکومت صوبائی محکمہ تعلیم کی مشاورت اور معاونت سے تعلیمی پالیسیوں اور منصوبوں کی تشکیل کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ ان پالیسیوں پر عملدرآمد کا مکمل اختیار صوبائی حکومتوں کے پاس ہوتا ہے البتہ وہ اس اختیار کو مقامی و ضلعی حکومتوں کے ساتھ مل کر استعمال کرتی ہیں۔

پاکستان ایک وفاقی ریاست ہے۔ مرکز میں بننے والی حکومت کئی محکموں پر مشتمل ہوتی ہے ہر وزارت یا محکمہ کا سربراہ سیکرٹری ہوتا ہے جو کہ تمام امور میں متعلقہ وزیر کو جوابدہ ہوتا ہے۔ مختلف محکموں کے وزراء بحیثیت مجموعی کابینہ کہلاتے ہیں جن کی سربراہی وزیر اعظم پاکستان کرتا ہے۔ قریباً اسی سے ملتا جلتا انتظام صوبائی سطح پر بھی ہوتا ہے۔ اسی طرح وفاقی وزارتوں کی طرح صوبائی سطح پر بھی محکمے بنائے جاتے ہیں، ہر صوبائی محکمے کا سربراہ صوبائی سیکرٹری ہوتا ہے۔ مگر انتظامی امور میں وہ وزیر کے ماتحت ہوتا ہے۔

انتظامی لحاظ سے ہر صوبے کو مختلف اضلاع میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مقامی حکومتوں کے نظام میں ہر ضلع کا سربراہ ضلعی چیئرمین ہوتا ہے۔ انتظامی نقطہ نظر سے ہی ہر ضلع کو مختلف تحصیلوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اس شعبے کی تقرری بھی وفاقی یا صوبائی سطح پر عمل میں لائی جاتی ہے جبکہ درمیانی اور نچلی سطح کی انتظامیہ کا تقرر ضلع اور تحصیل کی سطح پر کیا جاتا ہے۔ حکومت وفاقی اور صوبائی سطح پر اعلیٰ ترین فیصلہ سازی پر توجہ مرکوز رکھتی ہے۔ وزارتوں کے امور اور ڈھانچے کا دارومدار مختلف شعبوں پر ہوتا ہے۔ تاہم تمام وزراء کچھ امور ایسے بھی انجام دیتے ہیں جو کہ سب وزارتوں میں مشترک ہوتے ہیں جیسا کہ شعبے کے حوالے سے پالیسی بیان تیار کرنا، معیار اور اہداف کا تعین کرنا، قومی منصوبے تشکیل دینا، وزارت خزانہ اور پلاننگ کمیشن کے ساتھ مل کر محکمے کے بجٹ کی تشکیل میں مشاورت اور معاونت کرنا، اس کے علاوہ وزراء مختلف اضلاع اور قومی سطح کے نیم سرکاری اداروں کے ساتھ رابطہ رکھنے کے بھی ذمہ دار ہوتے ہیں۔



وفاقی وزارت تعلیم
Federal Ministry of Education

وفاقی وزارت تعلیم قومی تعلیمی پالیسی کی تشکیل کی مرکزی تنظیم کی سربراہ ہے اور یہ صوبائی محکمہ تعلیم کے ساتھ مل کر مختلف امور انجام دیتی ہے۔

وفاقی وزیر تعلیم (Federal minister for Education):

وزارت تعلیم کی سربراہی وفاقی وزیر تعلیم کرتا ہے جو کہ وفاقی کابینہ کا رکن ہوتا ہے۔ وہ پارلیمنٹ اور اس قسم کے دیگر پلیٹ فارم پر اپنی وزارت کی نمائندگی کرتا ہے۔ وہ وزیر اعظم کو اپنے محکمے کی کارکردگی کے بارے میں جواب دہ ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ وہ تعلیم کے حوالے سے اہم امور کی منظوری و توثیق کے لئے وزیر اعظم سے رابطہ قائم رکھتا ہے۔ اس کا دفتر ایجوکیشن سیکرٹریٹ میں قائم ہوتا ہے۔ ایجوکیشن سیکرٹریٹ میں وزیر تعلیم کے دفتر کے علاوہ سیکرٹری تعلیم کا بھی دفتر موجود ہوتا ہے جس کے ماتحت کئے سیکشن ہوتے ہیں۔

ایجوکیشن سیکرٹریٹ (Education Sectetariat):

وفاقی سیکرٹری تعلیم ایجوکیشن سیکرٹریٹ کا چیف ایگزیکٹو ہوتا ہے۔ وہ بھی تعلیم کے حوالے سے حکومتی فیصلوں اور پالیسیوں [illegible] اور ایجوکیشن سیکرٹریٹ کے انتظام وانصرام کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ مختلف امور میں متعدد جوائنٹ سیکرٹریز یا [illegible] ایجوکیشن [illegible] سیکرٹری تعلیم کی معاونت کرتے ہیں، ان میں ہر ایک وزارت تعلیم کے کسی ونگ کا سربراہ ہوتا ہے ان [illegible] (Wings) کی [illegible] کا انحصار سیکرٹریٹ کی ضرورت اور حکومتی پالیسیوں پر ہوتا ہے۔ اس وقت ایجوکیشن سیکرٹریٹ [illegible] کئی ونگ [illegible]۔

وفاقی وزارت تعلیم کے اختیارات:

وفاقی وزارت [illegible] کی تعلیم کا بندوبست کرتی ہے اور قومی مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے ملک کے لئے تعلیمی پالیسی کا تعین بھی کرتی ہے۔ [illegible] نظام تعلیم میں [illegible] وقتاً تبدیلیاں کرتی رہتی ہے اور مختلف تعلیمی بورڈ اور کمیشن قائم کر کے تعلیمی مسائل کا از سر نو جائزہ لیتی ہے۔ وزارت تعلیم کے اختیارات [illegible] سب ذیل ہیں۔

(1) ملک کے لئے تعلیمی پالیسی مرتب کرنا۔
(2) ملکی نظام تعلیم پر نظر رکھنا اور اس کی اصلاح کیلئے کوشاں [illegible]۔
(3) ملک کے مختلف حصوں کے تعلیمی معیار کا جائزہ لینا اور ان کی ضروریات [illegible] کرنا۔
(4) تعلیمی اداروں کے لئے موزوں اور جدید نصاب کی تشکیل کرنا۔
(5) مختلف مضامین پر موزوں اور جامع [illegible] کتابوں کی تیاری۔
(6) بین الاقوامی سطح پر ثقافتی تعلقات کو فروغ دینا۔ غیر ملکی وفود کو بلانا اور اپنے وفود کو باہر بھجوانا۔
(7) طلباء اور ماہرین تعلیم کو اعلیٰ تعلیم و تربیت کے لئے [illegible] ممالک کی یونیورسٹیوں میں بھیجنا۔
(8) وفاقی حکومت کے ملازمین کے بچوں کے لئے تعلیمی اداروں کا قائم کرنا اور ان کے انتظامی امور کی نگرانی کرنا۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



(9) مختلف صوبوں میں تعلیمی ترقی کا از سر نو جائزہ لے کر انہیں ایک دوسرے کے قریب لانا۔

(10) مختلف صوبوں کے ماہرین تعلیم اور اساتذہ کی تربیت کے لئے وقتاً فوقتاً اجلاس بلانا اور سیمینار منعقد کرنا۔ تعلیمی نظام کی بہتری کیلئے سفارشات مرتب کرنا اور پھر ان کی روشنی میں عملی اقدامات اٹھانا۔

چونکہ وفاقی حکومت کا اہم آفیسر وفاقی سیکرٹری ہوتا ہے لہٰذا اس کے اختیارات بھی بڑے وسیع ہوتے ہیں جو حسب ذیل ہیں۔

(i) تقرری کے اختیارات (ii) تبادلے کے اختیارات
(iii) سزا دینے کے اختیارات (iv) برطرفی کے اختیارات

صوبائی محکمہ تعلیم

Provincial Department of Education

پاکستان ایک وفاق ہے جس کی اکائیوں میں پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے صوبے شامل ہیں جبکہ گلگت بلتستان کو بھی صوبے کا درجہ دے گیا گیا ہے آئین کے مطابق تعلیم کا شمار کنکرنٹ لسٹ (Concurrent List) میں ہوتا ہے یعنی اس پر وفاق اور صوبے دونوں قانون سازی کر سکتے ہیں۔ البتہ پالیسیاں مرکزی سطح پر ہی تشکیل دی جاتی ہیں جبکہ ان کا نفاذ صوبائی سطح پر عمل میں لایا جاتا ہے، یہ کام اختیارات کی تقسیم کے ذریعے انجام پاتا ہے۔ صوبائی وزارت تعلیم کو موجودہ دور میں وسیع انتظامی اختیارات حاصل ہوتے ہیں۔ جن میں پالیسی سازی کے کلیدی اختیارات مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔

1- صوبائی وزیر تعلیم (Provincial ministe for Education):

صوبائی محکمہ تعلیم وفاقی وزارت تعلیم کا ہی "عکس" ہے۔ صوبوں میں بھی وزیر ہی صوبائی وزارت تعلیم کے انچارج ہوتے ہیں، وزیر ہی صوبائی محکمہ تعلیم کی پالیسی کے امور کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ محکمہ تعلیم کے حوالے سے وہ اسمبلی میں حکومت کی نمائندگی کرتا ہے اور ایوان کو جوابدہ ہوتا ہے۔ وزیر ہی محکمہ تعلیم سے متعلق منظوری طلب معاملات وزیر اعلیٰ کو بھجواتا ہے۔ مزید یہ کہ محکمہ تعلیم کے معاملات میں کی جانے والی اصلاحات اور حکومتی پالیسیوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانا اس کے بارے میں گورنر کو آگاہ رکھنا بھی اس کی ذمہ داری میں شامل ہوتا ہے۔

2- صوبائی تعلیمی ڈھانچہ:

پاکستان میں بنیادی طور پر تعلیم کا انتظام صوبائی ذمہ داری ہوتی ہے، پرائمری، ثانوی، کالج اور یونیورسٹی کی تعلیم کا بندوبست کرنا ملک کے تمام صوبوں کا فرض ہے لہٰذا اس مقصد کے لئے ہر صوبہ الگ الگ بندوبست کرتا ہے جس کی تفصیل ذیل میں دی گئی ہے۔

(1) صوبائی سیکرٹریٹ
(2) نظامت تعلیمات (جس میں نظامت اسکولز، نظامت کالجز اور نظامت فنی تعلیم شامل ہیں۔)
(3) شعبہ نصاب سازی و مرکزی توسیع تعلیم

ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ

(4) ہر ایک کے بارے میں الگ الگ معلومات درج ذیل ہیں۔

Elmas Ali

صوبائی سیکرٹریٹ

(1) صوبائی سیکرٹریٹ پر پورے صوبہ کے تعلیمی نظام کو چلانے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ صوبائی وزارت تعلیم کا نگران صوبائی وزیر ہوتا ہے جس کی مدد کے لئے صوبائی سیکرٹری تعلیم ہوتا ہے جس کے اختیارات صوبے میں ویسے ہی ہوتے ہیں جو وفاقی سیکرٹری کے اختیارات وفاق میں ہوتے ہیں۔ صوبائی سیکرٹریٹ کا سربراہ صوبائی سیکرٹری تعلیم ہوتا ہے جس کے ماتحت مندرجہ ذیل افراد کام کرتے ہیں۔

ایڈیشنل سیکرٹری:

(i) اس کے ماتحت جو افراد کام کرتے ہیں ان میں ڈائریکٹر نیشنلائزیشن ہوتا ہے جو محکمانہ کارروائی اور قومی ملکیت کے لئے اسکولوں اور کالجوں کے امور کا اہتمام کرتا ہے، اس کے علاوہ وہ کام جو سیکرٹری تعلیم سرانجام دینے کو کہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری کے ماتحت ہی سیکشن آفیسر برائے فنی تعلیم اور سیکشن آفیسر برائے اعلیٰ تعلیم کام کرتے ہیں۔

ڈپٹی سیکرٹری (انتظامیہ):

(ii) اس کے ماتحت جو سیکشن آفیسر کام کرتے ہیں ان کی تفصیل یہ ہے: سیکشن آفیسر اسٹیبلشمنٹ I، II، III اور IV۔ ان آفیسران کے ذمے مختلف قسم کے کام ہوتے ہیں جن میں ملازمین کی نوکری کے معاملات یعنی تقرری اور ترقی کے معاملات شامل ہوتے ہیں۔

ڈپٹی سیکرٹری (تعلیم I):

(iii) اس کے ماتحت جو سیکشن آفیسر کام کرتے ہیں وہ یہ ہیں۔

1- سیکشن آفیسر پلاننگ I اور II 2- سیکشن آفیسر ڈیویلپمنٹ I اور II
3- سیکشن آفیسر شماریات تجزیہ

ان جملہ افسران کے امور میں تعلیمی منصوبہ بندی، تعلیمی ترقی اور تعلیم کے بارے میں اعداد و شمار اکٹھے کرنا اور ان کا تجزیہ کرنا ہوتا ہے۔ ہر افسر اپنے اپنے سیکشن کا ذمہ دار ہوتا ہے اور اپنے اس افسر کے سامنے جوابدہ بھی ہوتا ہے۔

ڈپٹی سیکرٹری تعلیم (II):

(iv) اس کے ماتحت جو سیکشن آفیسر کام کرتے ہیں وہ یہ ہیں:

1- سیکشن آفیسر (جنرل I) 2- ایکشن آفیسر (جنرل II)
3- سیکشن آفیسر (وظائف) 4- سیکشن آفیسر (بجٹ اور اکاؤنٹ)

صوبائی سیکرٹریٹ مجموعی طور پر تعلیمی ترقی اور تعلیمی معاملات کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اب اس کے تحت جو مختلف خود مختار ادارے کام کرتے ہیں ح ان کا تذکرہ درج ذیل ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



168

1- نظامت تعلیمات:

انتظامی سہولت کے لئے صوبے کو مختلف کمشنریوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ ہر کمشنری میں نظامت اسکول اور نظامت کالج قائم ہے اس کے علاوہ ہر کمشنری میں نظامت فنی تعلیم بھی قائم ہے۔ نظامت اسکول پرائمری اور ثانوی اسکولوں کے معاملات کی ذمہ دار ہوتی ہے۔ نظامت کالجز کالجوں کے معاملات کی ذمہ دار [illegible] رفی تعلیم کی دیکھ بھال نظامت فنی تعلیم کے سپرد کی گئی ہے۔

نظامت اسکول کے تحت ہر ضلع میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کا [illegible] رتے ہیں جو ضلع [illegible] اور ثانوی اسکولوں کی دیکھ بھال اور جملہ امور کی نگرانی بھی کرتے ہیں، نظامت کالجز کے تحت کالجوں کے پرنسپل اپنے اپنے [illegible] میں طلباء کی تعلیم کی نگہداشت کرتے ہیں۔ اسی طرح فنی تعلیم کے ادارے نظامت فنی تعلیم کے زیر انتظام [illegible] اپنے فرائض انجام دیتے ہیں۔

Usmas Ali

2- شعبہ نصاب سازی و مرکز توسیع تعلیم:

نصاب سازی اور تعلیمی ترقی کی خاطر ہر صوبے میں ایک شعبہ نصاب سازی اور مرکز توسیع تعلیم قائم کیا گیا ہے جس کے ذمے یہ کام ہوتا ہے کہ وہ تعلیمی نصاب مرتب کرے اور اسے بہتر بنائے۔ اساتذہ کو تربیت فراہم کرے اور مختلف قسم کے ریفریشر کورسز کا اہتمام بھی کرے۔

3- ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ:

ثانوی اور اعلیٰ ثانوی سطح پر اسکولوں اور کالجوں کی کارکردگی کو جانچنے، طلباء کی کارکردگی کو پرکھنے اور معیار تعلیم کا جائزہ لینے کے لئے دو الگ الگ تعلیمی بورڈ قائم کئے گئے ہیں جن میں سے ایک دسویں جماعت تک کے طلباء کا امتحان لے کر ان کو سرٹیفکیٹ جاری کرتا ہے دوسرا بورڈ بارہویں جماعت تک کے طلباء کا امتحان لے کر انہیں سرٹیفکیٹ جاری کرتا ہے۔ ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم کے بورڈ اپنے اپنے دائرہ اختیار میں نصاب تعلیم مرتب کرتے ہیں اور ان کی ذمہ داری نصاب کے مطابق امتحان لینا اور سرٹیفکیٹ جاری کرنا ہوتی ہے۔

سوال 2: وزارت تعلیم کے مختلف ونگز (Wings) یا شعبہ جات کون کون سے ہیں؟ ان کا ایک خاکہ تحریر کریں۔

جواب: ایجوکیشن سیکٹر ٹریٹ میں کئی طرح کے شعبے ہوتے ہیں جنہیں ونگز (Wings) یا سیلز (Cells) کا نام دیا جاتا ہے۔

(i) ایڈمنسٹریٹو ونگ (Administrative Wing):

ایڈمنسٹریٹو ونگ ایجوکیشن سیکرٹریٹ کے عام انتظامی امور کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اس کی ذمہ داریوں میں بھرتیاں اور عملے کا انتظام، سیکرٹریٹ کے قواعد وضوابط، کھاتا سازی اور ریکارڈ مرتب کرنا وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ ونگ دیگر شعبوں میں تعلیمی عملے کے حوالے سے بھی اہم امور کا ذمہ دار ہے۔

(ii) پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ: Planning and Evelopment Wing

پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ونگ کا تعلق ہر سطح کی تعلیم کی منصوبہ بندی ہوتا ہے، اس کے سب سے اہم کاموں میں

042-37361414 - 37245454 مسدے انقلاب چیکیشنر، اردو بازار لاہور

(illegible) پرائمری اور غیر رسمی تعلیم کا ونگ:

Primary and Non-Formal Education Wing:

(illegible) وفاقی اداروں سے بھی رابطے میں رہتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ شعبہ مختلف ایجوکیشن پروجیکٹس کے جائزے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ یہ شعبہ [illegible] پاکستان پرائمری ایجوکیشن پراجیکٹ وغیرہ جیسے فنڈ [illegible] کرانے کا بھی ذمہ دار ہوتا ہے۔ [illegible] بہتر بنانے کی کوشش کر رہا ہے۔ اس کی کوشش ہے کہ ملک میں خواندگی کا تناسب [illegible]

وفاقی ادارے کا ونگ (Federal Instituion Wing):

وفاقی ادارے کے ونگ کی ذمہ داریوں کا تعلق وفاقی حکومت کے [illegible] ہوتا ہے ماسوائے ان سکولوں کے جو کہ گیریژن اور [illegible] کے اندر ان کنٹونمنٹ بورڈ کے تحت ہیں۔ اس کے علاوہ اس ونگ کے [illegible] کے انتظام وانصرام سے بھی تعلق ہوتا ہے۔ جیسا کہ فیڈرل ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن اسلام آباد، [illegible] اسلام آباد، [illegible] اسلام آباد، [illegible] اسلام آباد اور [illegible] کا ایجوکیشن [illegible] اسلام آباد اور [illegible] اسلام آباد [illegible] کا فیڈرل [illegible] سے تعلق رکھتے ہیں۔

سپورٹس اینڈ ویلفیئر ونگ (Sports and Welfare Wing):

سپورٹس اینڈ ویلفیئر ونگ کے ذمے [illegible] گرل گائیڈز اور کھیلوں کے شعبے ہیں۔ اس ونگ کے ذمے اہم [illegible] میں سکاؤٹ اور گرل گائیڈز کے [illegible] واساتذہ کی فلاح [illegible] سپورٹس پروگرامز کی تشکیل وشعرانی اور اس حوالے [illegible] وفاقی اور صوبائی سطح پر انجام دیئے جانے والے سرگرمیوں کا [illegible] انعقاد وانصرام ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ ونگ ملک کے [illegible] کاروباروں جیسے [illegible] بورڈ لاہور، پاکستان ایکیڈمی آف لیٹرز اسلام آباد وغیرہ [illegible]

کریکولم ونگ (Curriculum Wing):

کریکولم ونگ ایسا ادارہ ہے جو [illegible] سے بارہویں جماعت تک مرکزی [illegible] اساتذہ کی تربیت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اس کے [illegible] تعلق درسی کتب کی تیاری اور اساتذہ کی [illegible] پر گرامز سے بھی ہوتا ہے۔

سائنس اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ونگ:

(Science and Technical Education Wing):

سائنس اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ونگ کی ذمہ داریوں میں وفاقی حکومت کے سائنس اور ٹیکنیکل ایجوکیشن سے وابستہ

042-37361414 - 37245454 مسدے انقلاب چیکیشنر، اردو بازار لاہور

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



تعلیمی اداروں مثلاً نیشنل انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن وغیرہ کا انتظام وانصرام شامل ہوتا ہے۔اس کے ذمے سائنس اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کی ترویج سائنسی تعلیم وتربیت، منصوبہ بندی اور گریڈ ایک سے پی ایچ ڈی کی سطح تک ٹیکنالوجی پروگرام کی تشکیل بھی ہوتی ہے۔اس کے علاوہ وزارت تعلیم کا یہی شعبہ سائنس اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے اداروں کی ترقی کے لئے بھی کام کر رہا ہے جبکہ ٹیکنیکل اور ووکیشنل تعلیم کے حوالے سے صوبائی محکموں کے ساتھ مل کر اقدامات کرتا ہے۔سائنس اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن ونگ کے زیر نگرانی اداروں میں نیشنل ٹیچرز ٹریننگ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد، پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ فار ویمن اسلام آباد، نیشنل میوزیم آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی لاہور اور نیشنل ایجوکیشنل ایکویپمنٹ [illegible] لاہور شامل ہیں۔

(viii) انٹرنیشنل کوآپریشن ونگ (International Cooperation Wing):

انٹرنیشنل کوآپریشن ونگ (IC) ایسے معاملات کو دیکھتا ہے جن کا تعلق پاکستان میں [illegible] طلبہ کے [illegible] اور بیرون ملک پاکستانی طلبہ کی تعلیم سے ہوتا ہے۔اس کے علاوہ سکالرشپ ایکسچینج پروگرام، پاکستانیوں [illegible] بیرون ملک تربیت، تعلیم وثقافت سے متعلقہ عالمی تنظیموں کے ساتھ روابط، یونیسکو (UNESCO) کے پاکستان کے [illegible] نفاذ جیسے امور بھی اس ونگ کے ذمے ہوتے ہیں، جبکہ پاکستان نیشنل کمیشن فار یونیسکو (Pakistan National Commission for UNESCO) کا بھی انٹرنیشنل کوآپریشن ونگ (IC) سے گہرا تعلق قائم ہے۔

(ix) ہائیر ایجوکیشن ونگ (Higher Education Wing):

ہائیر ایجوکیشن اینڈ ریسرچ ونگ کا تعلق ملک میں موجود یونیورسٹیوں، ان کی گرانٹ، کمیشن، اور تحقیقی امور سے ہوتا ہے، ہائیر ایجوکیشن ونگ کے زیر سایہ دیگر اداروں میں مختلف شعبوں کے سنٹرز آف ایکسی لنس، جامعات میں قائم پاکستان سٹڈی سنٹرز وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔

اوپر بیان کردہ تمام ونگ یا سیلز کی سربراہی جوائنٹ سیکرٹری کرتا ہے، جو کہ سیکرٹری ایجوکیشن کو جوابدہ ہوتا ہے۔ہر جوائنٹ سیکرٹری کی معاونت کے لئے سیل میں کئی ڈپٹی سیکرٹریز موجود ہوتے ہیں، جبکہ جوائنٹ ایجوکیشن آفیسر بھی ان کی مدد کرتے ہیں جبکہ ڈپٹی ایجوکیشن ایڈوائزر کی مدد کے لئے اسسٹنٹ ایجوکیشن ایڈوائزر اور دیگر ماتحت سٹاف تعینات کیا جاتا ہے۔جوائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر کے ساتھ متعدد ڈپٹی ایجوکیشنل ایڈوائزر بھی منسلک کیے جاتے ہیں، ان کی تعداد ہر ونگ کے حوالے سے مختلف ہوتی ہے۔

سوال 3: چاروں صوبائی محکمہ ہائے تعلیم میں کون سے امور یکساں ہیں اور کون سے ایک دوسرے سے مختلف ہیں؟

جواب: چاروں صوبائی محکمہ تعلیم کے مختلف امور کی تفصیل درج ذیل ہے:

1- حکومت پنجاب کا محکمہ تعلیم:

(Department of Education Govt. of Punjab):

محکمہ تعلیم پنجاب کو مندرجہ ذیل ذمہ داریاں تفویض کی گئی ہیں۔

(i) سکول، کالج اور یونیورسٹی سطح کی تعلیم،
(ii) بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کے لئے مختلف سکیموں میں معاونت،
(iii) سکالرشپ عطا کرنا،

ذہنی پسماندگی کے شکار بچوں کے لئے تعلیم کا اہتمام کرنا،
(iv) سائنسی تحقیق، آرٹ اور لٹریچر کو فروغ دینا،
(v) تعلیمی وسائنسی فلمیں بنانا اور تقسیم کرنا،
(vi) لائبریریوں کا قیام
(vii) محکمہ تعلیم پنجاب کا تنظیمی ڈھانچہ کچھ یوں ہوتا ہے:۔

Elmas Ali

1- ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (کالجز)، سیکنڈری وایلمنٹری ایجوکیشن:

(Director Public Instruction (colleges) secondary Education and Elementary Education):

(i) ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن ایلیمنٹری، سیکنڈری اور کالجز کی تعلیم کے حوالے سے پالیسی سازی میں حکومت کو مشورہ فراہم کرتے ہیں اور اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آیا پالیسیوں پر ان کی روح کے مطابق عملدرآمد کیا جا رہا ہے یا نہیں۔
(ii) نئے کالجز، سیکنڈری و پرائمری سکولز کے قیام کے لئے آبادی کی ضروریات کی جانچ پڑتال کرتے ہیں اور پہلے سے موجود تعلیمی اداروں کی بہتری کے لئے عملی اقدامات بھی اٹھاتے ہیں۔اس کے علاوہ وہ حکومتی منظوری کے لئے [illegible] سکیمیں بھی تیار کرتے ہیں۔
(iii) [illegible] کام سالانہ [illegible] تیاری میں معاونت کرنا بھی ہے تاکہ کالجز اور سکولز کی تعلیم پر ہونے والے اخراجات محتاط اور کفایت [illegible] پورے کئے جا سکیں۔
(iv) تعلیمی اداروں [illegible] نظامی امور بہتر بنانے کے حوالے سے وہ ماتحت افسران کے سربراہان کو رہنمائی بھی فراہم کرتے ہیں۔
(v) وہ تعلیمی اداروں اور ماتحت دفاتر میں انتظامی، مالیاتی اور نظم وضبط سے متعلق قواعد وضوابط پر عملدرآمد کرنے کے بھی ذمہ دار ہیں۔

2- ڈائریکٹر کریکولم ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹر:

(Director Curriculum Research & Development Center):

ڈائریکٹر کریکولم ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹر کی ذمہ داریوں میں مندرجہ ذیل معاملات شامل ہوتے ہیں۔

(i) کریکولم ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹر کا کنٹرول اور نگرانی
(ii) تحقیقی پروجیکٹس کی منصوبہ بندی،
(iii) نصاب سازی کی منصوبہ بندی،
(iv) تحقیقی پروجیکٹس اور نصاب کی تشکیل کے حوالے سے ڈپٹی ڈائریکٹرز و ریسرچ ایسوسی ایٹس کے امور کی [illegible]
(v) نصابی تحقیق اور ڈیویلپمنٹ سنٹرز کے مالیاتی پہلوؤں کا کنٹرول اور منصوبہ بندی،
(vi) یہ وزارت تعلیم، صوبائی کریکولم سنٹرز، یونیورسٹیز، بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن، ڈائریکٹوریٹ آف سٹاف

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ڈیولپمنٹ، ٹیچر ایجوکیشن کے صوبائی ادارے، ٹیکسٹ بک بورڈ، یونیسیف (UNISEF) اور پنجاب ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے درمیان رابطے کا کام کرتے ہیں۔

(vii) کریکولم ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹرز کا انتظام و انصرام سنبھالتے ہیں۔

3- خودمختار ادارے (Autonomous Bodies):

مندرجہ ذیل خودمختار ادارے (Autonomous Bodies) ایسے ہیں جو کہ [illegible] تعلیم [illegible] کام کرتے ہیں۔

(i) صوبے میں ایسی چھ یونیورسٹیاں ہیں جو کہ محکمہ تعلیم کے زیر سایہ خودمختار حیثیت سے کام کر رہی [illegible] ان میں [illegible] جنرل یونیورسٹیز یعنی پنجاب یونیورسٹی لاہور، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور [illegible] جناح ویمن یونیورسٹی راولپنڈی اور دو پیشہ ورانہ جامعات، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی [illegible] اور ٹیکنالوجی راولپنڈی شامل ہیں۔

(ii) اس وقت پنجاب میں کل نو بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن خودمختار حیثیت سے کام کر رہے ہیں جو کہ راولپنڈی، سرگودھا، گوجرانوالہ، لاہور، ملتان، فیصل آباد، ساہیوال، ڈیرہ غازی خان اور بہاولپور میں ہیں۔ ان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی اہم ترین ذمہ داری سیکنڈری اور انٹرمیڈیٹ امتحانات کا انعقاد کروانا اور سرٹیفکیٹس جاری کرنا ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ اردو، فارسی اور عربی میں ادیب، عالم، فاضل کے سرٹیفکیٹس کا اجرا بھی کرتے ہیں۔

(iii) پنجاب میں بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن صرف ایک ہی ہے اس کی بنیادی ذمہ داریوں میں ایسوسی ایٹ انجینئرز، مختلف ٹیکنالوجیز میں ڈپلوموں اور ایس ایس سی کے امتحانات کا انعقاد کرنا شامل ہے۔ اس کے علاوہ یہ ان امتحانات کے لئے نصاب بھی تشکیل دیتا ہے۔

(iv) پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ پہلی سے بارہویں جماعت تک کی کلاسز کیلئے درسی کتب تیار کروانے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

4- ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (مردانہ/زنانہ)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز کی ذمہ داریاں درج ذیل ہوتی ہیں:۔

(i) دفتری امور کو مدنظر رکھتے ہوئے عملے کو مختلف ذمہ داریاں تفویض کرنا اور ان سے کام لینا،

(ii) ضلع میں موجود پرائمری، مڈل، سیکنڈری سکولز کے بجٹ کے حوالے سے مالیاتی امور کی جانچ پڑتال،

(iii) ضلعی سطح پر تعلیمی امور کی منصوبہ بندی،

(iv) تعلیمی معاملات میں مختلف محکموں کی رہنمائی اور معاونت فراہم کرنا،

(v) تعلیمی شعبے کے ضلعی سربراہ کی حیثیت سے بشمول کالج، سیکنڈری، ایلیمنٹری ایجوکیشن تمام معاملات کو دیکھنا۔

5- ڈپٹی ایجوکیشن آفیسرز Deputy Education Officers:

ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر مدارس کے معائنہ سمیت تعلیمی انتظام کے تمام معاملات میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی معاونت کرتے ہیں۔

6- اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز Assistant Education Officers:

اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز معائنہ و نگرانی اور پرائمری سکول کی رہنمائی جیسے امور کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

7- ڈائریکٹر سٹاف ڈیویلپمنٹ Director Staff Development:

ڈائریکٹر سٹاف ڈیویلپمنٹ نئے طریقہ تدریس کے سلسلے میں اساتذہ کی رہنمائی کے لئے ریفریشر کورسز کا اہتمام کرتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ اپنے دفاتر میں نیشنل پے سکیل ایک سے 15 تک کے افسران کی تعیناتی کا بھی اختیار رکھتا ہے۔ یہ ایلیمنٹری کالجز میں تدریسی سٹاف کو کنٹرول کرتا ہے، نیز وہ تعلیمی اداروں کے سربراہان اور محکمہ تعلیم کے ضلع و تحصیل کے افسران کے لئے تربیتی پروگرامز کا بھی اہتمام کرتا ہے۔

8- ڈپٹی ڈائریکٹر (سمعی و بصری اعانات)

Deputy Director (Adudio Visual Aids)

سمعی و بصری اعانات کے ذریعے تعلیم کی اہمیت اور افادیت کو اجاگر کرنے کے لئے ڈپٹی ڈائریکٹر سمعی و بصری اعانات [illegible] معاونت کرتا ہے۔

Elmas Ali

حکومت سندھ کا محکمہ تعلیم

Department of Education Government of Sindh

1- سیکرٹری ایجوکیشن (Secretary Education):

اصولی طور پر [illegible] سندھ بھی وہی کام کرتا ہے جو کہ پنجاب یا کسی اور صوبے کے سیکرٹری تعلیم انجام دیتے ہیں۔ البتہ سندھ کی مخصوص ضروریات اور انتظامی ڈھانچے کے تحت یہاں کے سیکرٹری تعلیم کی ذمہ داریاں درج ذیل ہیں۔

(i) انتظامی معاملات (Administrative Matters):

سیکرٹری تعلیم سندھ ایجوکیشن سیکرٹریٹ کا چیف ایگزیکٹو ہونے کی حیثیت سے انتظامی امور سرانجام دینے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ ان امور میں ڈپٹی سیکرٹریز کا اجلاس منعقد کرنا، اکاؤنٹس، [illegible] ترقی [illegible] جنکشن اور پالیسیوں وغیرہ سے متعلق معاملات کو دیکھنا شامل ہوتا ہے۔

(ii) پیشہ ورانہ معاملات (Professional Matters):

ڈائریکٹوریٹ، بورڈز اور بیوروز کے پیشہ ورانہ قائد کی حیثیت سے سیکرٹری تعلیم تعلیمی ہولیات اور [illegible] خدمات کے جائزے کے لئے ایجوکیشن ڈائریکٹرز، تعلیمی بورڈز اور بیوروز کے سربراہان اور کالج [illegible] کے ساتھ مختلف اجلاس منعقد کرتا ہے۔

(iii) مجلسی آداب و سیاسی معاملات: Ceremonial, Political Matters

سیکرٹری تعلیم چونکہ صوبے میں تمام تعلیمی معاملات کے حوالے سے گورنر کا نمائندہ ہوتا ہے اس لئے وہ اہم تعلیمی

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

معاملات میں گورنر، چیف سیکرٹری، دیگر سیکرٹریٹ اور بیرونی مبصرین کے ساتھ رابطے رکھتا ہے اور تقریبات میں شرکت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

(ii) ڈائریکٹرز آف ایجوکیشن (سکول ایجوکیشن، کالج ایجوکیشن):
(Director of Education (School Educaion & College Education)

سندھ میں سکول ایجوکیشن اور کالج ایجوکیشن کے لئے دو الگ الگ ڈائریکٹرز ہوتے ہیں، ان میں سے ہر ایک اپنے ریجن کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے۔ سکول ایجوکیشن کا ڈائریکٹر پرائمری، مڈل اور ہائی سکول کی تعلیم کی درجہ بندی اور ... قائم رکھنے کا ذمہ دار ہوتا ہے اور اس کی درست سمت کا تعین کرتا ہے۔ ڈائریکٹر صوبہ بھر میں سکول ایجوکیشن کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے سیکرٹری تعلیم اور حکومت سندھ کو جوابدہ ہوتا ہے۔

ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کے ذمے مندرجہ ذیل امور ہوتے ہیں:۔

(i) سکول ایجوکیشن کے اچھے معیار کو برقرار رکھنے اور ترقی دینے کے لئے ضروری اقدامات،
(ii) صنفی امتیاز سے بالاتر ہو کر طلبہ اور عملے سمیت سکول ایجوکیشن سے وابستہ تمام افراد کی ترقی کو یقینی بنانا،
(iii) بالغ افراد میں خواندگی کی شرح میں اضافہ کرنا،
(iv) سکول، کالج، ٹیکنیکل ایجوکیشن پر مجموعی کنٹرول،
(v) سکول ایجوکیشن کے سلسلے میں سہولیات اور خدمات کا عمومی انتظام و انصرام اور ترجیحات،
(vi) سکول و کالج ایجوکیشن کی بہتری کیلئے عملے کو دی جانے والی ہدایات پر عمل درآمد کو یقینی بنانا اور نگرانی کرنا۔

(iii) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (District Education Officer):

ضلعی سطح پر سکول ایجوکیشن کے انتظام و انصرام کا ذمہ دار ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ہوتا ہے۔ زنانہ اور مردانہ سکولز کے الگ الگ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ہوتے ہیں البتہ ان کے فرائض ایک جیسے ہوتے ہیں۔

پرائمری، مڈل، اور ہائی سکول ایجوکیشن کے حوالے سے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی پوسٹ مرکزی حیثیت کی حامل ہوتی ہے۔ وہ ضلعی سطح پر ہونے والے انتظام و انصرام اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے حوالے سے سکول ایجوکیشن کے ڈائریکٹر کو جوابدہ ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ضلع بھر کے تعلیمی افسران کی نگرانی، اور وسائل (فنڈز، عملہ، سامان، عمارات، قطعات اراضی، ایجوکیشن پروگرامز وغیرہ) کے موزوں ترین استعمال کو یقینی بنانے کی ذمہ داری بھی اسی پر عائد ہوتی ہے۔

(iv) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر:
(Deputy District Education Officer):

ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی ذمہ داریوں کا تعین ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کرتا ہے، ایک ضلع میں ایک سے زیادہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز ہو سکتے ہیں۔



(v) سب ڈویژنل ایجوکیشن آفیسر: (Sub-Divisional Education Officer)

ایک ضلع میں متعدد سب ڈویژنل ایجوکیشن آفیسرز ہوتے ہیں، ہر سب ڈویژنل ایجوکیشن آفیسر اپنے سب ڈویژن میں تعلیم کے انتظامی مدارس کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ وہ مدارس میں تعینات تدریسی و انتظامی عملے کی نگرانی کرتا ہے اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کی طرف سے ملنے والی ہدایات پر سب ڈویژن کی سطح پر عملدرآمد کو یقینی بناتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ وہ سب ڈویژن کی سطح پر ایجوکیشن آفیسرز کے انتظام و انصرام کا بھی ذمہ دار ہوتا ہے۔

Elmas Ali

خیبر پختونخواہ کا محکمہ تعلیم:
(Department of Education Government of K.P.K):

دوسرے صوبوں کی طرح یہاں بھی سیکرٹری ایجوکیشن صوبائی محکمہ تعلیم کا سربراہ ہوتا ہے۔ جبکہ دو ایڈیشنل سیکرٹریز، چیف پلاننگ آفیسر اور متعدد سیکشن آفیسرز مختلف معاملات میں سیکرٹری ایجوکیشن کی مدد کرتے ہیں۔ ضرورت پڑنے پر مشورہ دیتے ہیں، اپنی اپنی سفارشات مرتب کرتے ہیں جنکی روشنی میں تعلیمی نظام کی بہتری کے لئے پالیسیاں بنائی جاتی ہیں۔

پنجاب کے برعکس خیبر پختونخوا میں مدارس و کالج ایجوکیشن کے ڈائریکٹرز پورے صوبے میں تعلیم و تربیت اور نگرانی کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ ہر ڈائریکٹر سکول یا کالج ایجوکیشن میں اپنے اپنے محکمے کا سربراہ ہوتا ہے۔ وہ ایجوکیشن سیکرٹری کے ذریعے خیبر پختونخوا کی حکومت کو جوابدہ ہوتا ہے۔

(i) ڈائریکٹر ایجوکیشن کالجز (Director of Education College):

ڈائریکٹر ایجوکیشن کالجز کے فرائض میں ڈائریکٹوریٹ آف کالجز کا مکمل کنٹرول ہوتا ہے، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز مختلف معاملات جیسا کہ انتظامی معاملات اور خصوصی ... وغیرہ میں ڈائریکٹر ایجوکیشن کالجز کی معاونت کرتا ہے۔

(ii) ڈائریکٹر ایجوکیشن سکولز (Director of Education Schools):

ڈائریکٹوریٹ آف مدارس ایجوکیشن کے پاس وسیع اختیارات ہوتے ہیں۔ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن اور دیگر افسران مختلف معاملات میں ڈائریکٹر ایجوکیشن سکولز کے معاون ہوتے ہیں۔

(iii) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (District Education Officer):

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محکمہ تعلیم کے ضلعی دفتر کے انتظام انصرام کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ نیز ... کے پروگرامز کو کامیاب بنانے کی ذمہ داری بھی اس کے اوپر عائد ہوتی ہے۔ اس کا دائرہ کار سیکنڈری سکول اور سب ڈویژنل ایجوکیشن آفیسرز تک بڑھایا جا رہا ہے۔

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز کے ذمے بڑی اہم ذمہ داریاں ہوتی ہیں اس لئے ان کی مؤثر انداز میں انجام دہی کے لئے ڈی ڈی ای اوز اور اے ڈی ای اوز اور دیگر عملہ اُن کی معاونت کرتا ہے۔ ان کی توجہ صرف ضروری دستاویزات پر ہوتی ہے جبکہ زیادہ وقت وہ اساتذہ کی پیشہ ورانہ رہنمائی اور نگرانی میں صرف کرتے ہیں۔

تعطیلات کے علاوہ دیگر ایام میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عموماً ہر ہفتے چھ دنوں میں تین دن سکولز کا دورہ کرتا

پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37361414 - 37245454

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ضلع حکومت کا نظام

District Government System

ضلع ناظم کے فرائض اور اختیارات:

(Functions and Powers of the Zila Nazim):

ضلع ناظم کے اختیارات اور فرائض درج ذیل ہوتے ہیں۔

Elmas Ali

(iv) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر:

(Deputy District Education Officer):

4- حکومت بلوچستان کا محکمہ تعلیم:

Department of Education: Government of Blochistan

(i) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن کالجز:

(Director of Education Colleges):

(ii) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن سکولز:

(Director of Education of Schools):

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

★ عوامی تقریبات واجتماعات میں ضلعی حکومت کی طرف سے نمائندگی کرنا۔
★ صوبائی ووفاقی حکومت کی جانب سے تفویض کیا گیا کوئی بھی کام وقت پر مکمل کرنا۔

2- ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر، ڈی سی او:
(District Coordination Officer, DCO):

ضلعی حکومتوں کے نظام میں ہر ضلع کے لئے ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن آفیسر تعینات کیا جاتا ہے۔ جو کہ وفاق یا صوبے کا سرکاری ملازم ہوتا ہے جس کا ممکنہ طور پر بنیادی سکیل 20 ہوتا ہے۔ سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ میں ڈی سی او کا بنیادی پے سکیل 21 بھی ہوسکتا ہے۔

ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر ضلعی انتظامیہ میں کوآرڈی نیشن کا سربراہ ہوتا ہے۔ اس کے ذمے مندرجہ ذیل معاملات ہوتے ہیں۔

★ اس بات کو یقینی بنانا کہ مختلف دفاتر ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن گروپس کے معاملات قانون وضابطے کے مطابق ہوں۔
★ مختلف دفاتر کے گروپس کے درمیان باہمی تعاون کو یقینی بنانا۔
★ ضلع کونسل کو اپنے امور کو انجام دینے کے لئے درکار معلومات کی فراہمی کا اہتمام کرنا۔
★ ضلعی حکومت کے پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسر کے طور پر فرائض انجام دینا، اور صوبائی اسمبلی کی پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سامنے جوابدہی کے لئے اپنے آپ کو پیش کرنا۔
★ سیکشن نمبر 93,92,72,71,70(2),68,54 آرڈر نمبر XXI کا رول نمبر ایک، آرڈر XL اور اسی طرح دیگر صوبوں میں سول پروسیجر ایکٹ 1908 کے مطابق مختلف امور کی انجام دہی۔
★ انتظامی اور مالیاتی نظم وضبط قائم کرنے کے امور میں ضلع ناظم کی معاونت کرنا، نیز ضلعی انتظامیہ کی طرف سے تفویض کردہ امور کی انجام دہی میں اپنی پرفارمنس کو بہتر بنانا۔
★ ضلعی انتظامیہ کے ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد کی رپورٹ تیار کرنا تاکہ اسے ضلع کونسل میں پیش کیا جاسکے۔
★ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسرز کی پرفارمنس کی رپورٹ تیار کرنا۔

3- ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسرز کے فرائض اور اختیارات:
(Functions and Powers of Executive Officer):

ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسرز (EDOs) کے فرائض واختیارات درج ذیل ہوتے ہیں۔

★ اپنے دائرہ اختیار میں موجود دفاتر کے گروپس کی قواعد وضوابط کے مطابق کارکردگی کو بہتر بنانا۔
★ انتظامی کنٹرول میں موجود افسران کی کارکردگی کی نگرانی کرنا اور اسے بہتر بنانا نیز عوامی خدمات میں بہتری لانا۔
★ ضلع کونسل اور یونین کونسل کی معائنہ کار کمیٹیوں کو معلومات مہیا کرنا۔
★ مانیٹرنگ کمیٹیوں کی رپورٹس کی روشنی میں اصلاحات کا تعین کرنا۔
★ وفاقی وصوبائی قوانین اور ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کروانا۔



★ ترقیاتی منصوبے تیار کرنا اور ان کے لئے درکار فنڈز مختص کرنا۔
★ منظور شدہ منصوبوں کو عملی طور پر مکمل کرنا۔
★ مختلف پروجیکٹ کو مکمل کرنے کے لئے اخراجات کا تخمینہ لگانا۔
★ بہترین پرفارمنس کی بنیاد پر عملے کو "بونس" دینا۔
★ خدمات کی بہتر طور پر انجام دہی کے لئے انتظامی قوانین میں تبدیلی یا نئے قوانین کی تشکیل کے لئے تجاویز دینا۔

Elmas Ali

ضلعی سطح پر مختلف انتظامی افسران اور ان کے عہدوں کی تفصیل:

ڈی سی او (DCO):	ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن آفیسر
ای ڈی او (EDO):	ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر
ڈی سی (DC):	ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن، کوآرڈی نیشن ہیومن ریسورس مینجمنٹ اینڈ سول ڈیفنس
ایگری (Agri):	ایگریکلچر بشمول لائیو سٹاک، فارم، پانی کا انتظام وانصرام، مٹی کی زرخیزی کا تحفظ، فشریز اور جنگلات
سی ڈی (CD):	کمیونٹی ڈویلپمنٹ یعنی کمیونٹی آرگنائزیشن، محنت، سماجی فلاح، سپورٹس اور کلچر، کوآپریٹو اور رجسٹریشن آفس
ای ڈی (Edu):	ایجوکیشن یعنی بوائز اینڈ گرلز سکولز، ٹیکنیکل ایجوکیشن، پیشہ ورانہ تعلیم سے ہٹ کر کالجز، سپورٹس ایجوکیشن، اور میپشل ایجوکیشن
ایف اینڈ پی (F&P):	فنانس اینڈ پلاننگ یعنی فنانس اور بجٹ، پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، اکاؤنٹس، انفارمیشن اور ایکسٹرنل پروموشن
ہیلتھ (Health):	صحت عامہ یعنی بنیادی، دیہی صحت، ماں بچے کی صحت، بہبود آبادی، ڈسٹرکٹ اینڈ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال۔
آئی ٹی (IT):	انفارمیشن ٹیکنالوجی یعنی ٹیکنالوجی کا فروغ، انفارمیشن ٹیکنالوجی کی ترقی
لاء (Law):	قانونی مشاورت اور ڈرافٹنگ
لٹ (Lit):	خواندگی (Literacy) یعنی خواندگی کے بارے میں آگاہی، جاری رہنے والی تعلیم، پیشہ ورانہ تعلیم
ای ایم (EM):	ایگزیکٹو مجسٹریسی
ریونیو (Revenue):	محاصل بشمول اراضی، پراپرٹی اور ٹیکسز کے ٹیکسز
ڈبلیو ایس (WS):	ورکس اینڈ سروسز، مرکزی منصوبہ بندی وترقی، ضلع کی سڑکیں اور عمارات، توانائی ٹرانسپورٹ اور ماحول

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سوال 5: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں:

1- بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

2- نیشنل بیورو آف کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک

جواب: 1- بورڈ آف سیکنڈری اینڈ انٹرمیڈیٹ ایجوکیشن:

(Boards of Secondary and Intermediat Education):

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اور یونیورسٹیز امتحانات لینے والے ادارے ہوتے ہیں، جن کی طرف سے مختلف سطح کی تعلیم کے بعد مختلف قسم کے ڈپلومے اور سرٹیفکیٹ اور ڈگریوں کا اجراء کیا جاتا ہے۔ سکول سرٹیفکیٹ 12 سال کی تعلیم کے بعد، بیچلر ڈگری 14 سال کی تعلیم کے بعد، ماسٹر ڈگری 16 سال کی تعلیم کے بعد دی جاتی ہے۔ جامعات مخصوص سطح کے تعلیمی معیار کے مطابق عوامی امتحانات ایم فل اور [illegible] کے پروگرام پیش کرتی ہیں۔

ملک میں عوامی امتحانات کا نظام رائج ہے۔ بعض بورڈ اور یونیورسٹیز سرٹیفکیٹس اور ڈگریوں کے [illegible] روایتی طریقہ اختیار کرتے ہیں جو کہ ڈویژن پر مشتمل ہوتا ہے یعنی 33 سے 44 فیصد نمبروں پر تھرڈ ڈویژن، 45 سے 40 فیصد نمبروں پر سیکنڈ ڈویژن دی جاتی ہے۔ 50 فیصد سے زائد نمبروں پر فرسٹ ڈویژن دی جاتی ہے۔

جبکہ بعض بورڈز اور یونیورسٹیز نے گریڈز کا طریقہ کار متعارف کرایا ہے، 70 فیصد سے زائد نمبروں پر "اے" گریڈ، 60 سے 69 فیصد نمبروں پر "بی"، 50 سے 59 فیصد نمبروں پر "سی"، 40 سے 49 فیصد نمبروں پر "ڈی"، 33 سے 39 فیصد نمبروں پر "ای" اور 33 فیصد سے کم نمبروں پر "ایف" گریڈ دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ نجی شعبے میں بعض ادارے ایسے بھی ہوتے ہیں جو کہ طلبہ کو برطانوی نظام کے تحت "او" اور "اے" لیول کے امتحان کے لئے تیار کرتے ہیں۔

ہائیر ایجوکیشن کی توثیق کا تعین وزارت تعلیم کا یونیورسٹی گرانٹ کمیشن کرتا ہے۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا تعین انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین کے ذریعے ہوتا ہے جو کہ وزارت تعلیم کے ماتحت خود مختار کمیٹی کی حیثیت سے کام کرتی ہے۔

2- نیشنل بیورو آف کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک:

(National Bureau of Curriculum and Text Book):

نصاب سازی کے حوالے سے پہلی باقاعدہ کاوش نیشنل ایجوکیشن کمیشن (1959ء) کی رپورٹ پر کی گئی۔ حتمی کمیشن نے نصاب سازی کے حوالے سے صورتحال کا تفصیل کے ساتھ جائزہ لینے کے بعد حتمی سفارشات مرتب کی تھیں۔ ان سفارشات پر عملدرآمد کے لئے وزارت تعلیم نے 1960ء میں پرائمری اور سیکنڈری ایجوکیشن کے حوالے سے دو کریکولم کمیٹیاں تشکیل دیں۔

1960ء کی دہائی کے وسط میں جدید سائنس پر مشتمل انضمام شدہ کورسز متعارف کرائے گئے ابتداء میں تو زیادہ توجہ سائنس کے مضامین پر مرکوز کی گئی تاہم بعد میں دیگر مضامین کا بھی خصوصی خیال رکھا گیا۔ یہ سائنسدانوں اور ماہرین نصاب کی بہترین کاوش تھی جس نے ذہنی طور پر لوگوں کو تبدیلی کیلئے تیار کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔

نصاب سازی کو اس سے پہلے کبھی امتیازی اور تخصیص شدہ عمل کے طور پر نہیں دیکھا گیا۔ نصاب کے حوالے

سے تمام تر سرگرمی مخصوص مقصد کے لئے قائم کمیٹی کے ہی ذمے رہی جو کہ ٹاسک مکمل ہونے کے بعد ختم کر دی گئی۔ نصاب سازی اور اس پر عملدرآمد کے جائزے کے لئے کوئی الگ سے مستقل نوعیت کی کمیٹی قائم نہیں کی گئی۔ نصاب سازی اور اس پر عملدرآمد کے جائزے کے لئے کوئی الگ سے مستقل نوعیت کی کمیٹی قائم نہیں کی گئی۔ جس کی وجہ سے وفاقی سطح پر نیشنل بیورو آف کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بکس (National Bureau of Curriculum and Textbooks, NBCT) کے قیام کی ضرورت بڑی شدت سے محسوس کی گئی جسے پھر عملی جامہ پہنایا گیا، جبکہ اسی سے ملتے جلتے ادارے صوبوں میں بھی قائم کئے گئے۔ اس وقت وزارت تعلیم میں کام کرنے والا کریکولم ونگ درحقیقت نیشنل بیورو آف کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بکس کی ہی ایک جدید شکل ہے۔

1973ء کے آئین میں نصاب اور سلیبس کے حوالے سے پالیسی کی تشکیل، سنٹر آف ایکسی لینس، معیار تعلیم اور اسلامک ایجوکیشن جیسے معاملات متوازی قانون سازی کی فہرست (Concurrent Legislative List) میں شامل کر دیئے گئے۔ اس سے پہلے تعلیم کے مکمل ذمہ دار صرف صوبے تھے نئے آئین سے وفاق کو بھی اختیارات مل گئے۔

جب بھی نصاب کی تشکیل یا اس پر نظر ثانی کا ارادہ کیا جاتا ہے تو وزارت تعلیم کا کریکولم ونگ صوبائی کریکولم بیورو [illegible] تجویز بھجواتا ہے۔ یہ صوبائی ادارے وفاقی وزارت تعلیم کے کریکولم ونگ کی تجاویز اور ہدایات کی روشنی میں [illegible] سازی اور [illegible] پر نظر ثانی کے معاملات انجام دیتے ہیں، یہ کام مختلف کمیٹیوں کے ذریعے کرایا جاتا ہے۔ یہ کمیٹیاں سبجیکٹ [illegible] اور تعلیمی ماہرین پر مشتمل ہوتی ہیں۔ نصاب کا ڈرافٹ تیار کرنے کے بعد توثیق کے لئے اسے وزارت تعلیم کے کریکولم ونگ بھجوایا [illegible] ہے۔ ہر مضمون کے حوالے سے الگ الگ ملنے والے ڈرافٹ متعلقہ نیشنل ریویو کمیٹی (National Review Committee) کے حوالے کر دیئے جاتے ہیں۔

ان کمیٹیوں میں [illegible] حکومت کی نمائندگی ہوتی ہے جبکہ دیگر ممبران میں سبجیکٹ سپیشلسٹ شامل ہوتے ہیں۔ ان کمیٹیوں کی نظر ثانی کے بعد نصاب منظوری کے لئے وفاقی سیکرٹری تعلیم کو بھجوایا جاتا ہے۔ منظور شدہ نصاب صوبائی ٹیکسٹ بک بورڈ کو بھجوایا جاتا ہے تاکہ اس کے مطابق درسی کتب [illegible] کی جا سکیں۔

وزارت تعلیم کا کریکولم ونگ صوبائی کریکولم بیورو/سنٹر، صوبائی محکمہ تعلیم، ٹیکسٹ بک بورڈز، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ ایجوکیشن اور دیگر تحقیقی اداروں جیسا کہ [illegible] ایجوکیشن [illegible] ریسرچ وغیرہ کے ساتھ مکمل رابطے میں رہتا ہے۔ دراصل صوبوں میں موجود کریکولم سنٹرز وفاقی وزارت تعلیم کے کریکولم ونگ سے ہی منسلک ادارے ہوتے ہیں۔ اسی ونگ کا یونیسکو کے ایشین پروگرام آف ایجوکیشنل انوویشن فار ڈیویلپمنٹ، [illegible] سے بھی رابطہ رہتا ہے۔

سوال 6: ایجوکیشن کوڈ یا ضابطہ تعلیم (Education Code) پر نوٹ تحریر کریں۔

جواب: ضابطہ تعلیم (Education Code)

ضابطہ تعلیم کا تعلق تعلیمی اداروں میں رائج قواعد و ضوابط سے ہوتا ہے۔ اداروں کے معیار کو برقرار رکھنے کے لئے ان کا اطلاق تمام اداروں میں یکساں طور پر کیا جاتا ہے۔ اس ضابطہ میں مندرجہ ذیل ابواب شامل کئے گئے ہیں۔

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



باب نمبر 1: تعریف اور درجہ بندی:

اس باب میں تعریفیں، اقسام اور درجہ بندی شامل ہوتی ہے۔

باب نمبر 2: عمومی اصول

اس میں مندرجہ ذیل موضوعات شامل ہوتے ہیں۔

- ★ طبعی سہولیات اور محل وقوع
- ★ مرمت
- ★ سامان کی فراہمی
- ★ کم از کم سامان
- ★ انسٹیٹیوشن کالج کونسل کے سٹاک رجسٹر سے جائیداد کا خاتمہ
- ★ ادارے کے سربراہ کے عمومی فرائض
- ★ سکول کے ضابطے کی خلاف ورزی پر جرمانہ
- ★ سکول سے نکالنا
- ★ مدرسہ اور کالج اساتذہ کی حاضری
- ★ کالج اساتذہ پر کام کا دباؤ
- ★ ہم نصابی سرگرمیاں
- ★ پرائیویٹ ٹیوشن
- ★ خط و کتاب کے امور
- ★ اوقات مدرسہ (گھنٹے)
- ★ ٹائم ٹیبل
- ★ حاضری کا ریکارڈ
- ★ غیر حاضری پر جرمانہ
- ★ رخصت کی اجازت دینا
- ★ معائنہ کار
- ★ نگران بورڈ
- ★ کمرہ جماعت میں طلبہ کی تعداد
- ★ واجبات کی ادائیگی
- ★ کالج کے واجبات
- ★ عمر کی حد
- ★ داخلے کا امتحان
- ★ پہلا داخلہ
- ★ ٹرانسفر سرٹیفکیٹ
- ★ امتحانات کے لئے امیدواروں کو بھیجنا عمر کا ریکارڈ مرتب کرنا
- ★ عمر کا ریکارڈ مرتب کرنا سکول کا فائنل سرٹیفکیٹ
- ★ عمر میں غلط بیانی
- ★ مدارس اور کالجز میں داخلے
- ★ سکول و کالجز میں تعطیلات
- ★ تدریسی دورانیہ کی مدت
- ★ فیل ہونے کے بعد دوبارہ داخلہ
- ★ رجسٹر مرتب کرنا
- ★ قومی تعطیلات
- ★ تمباکو نوشی پر پابندی
- ★ یونیفارم
- ★ جسمانی تربیت
- ★ اسلحہ پر پابندی
- ★ بورڈنگ ہاؤسز اور ہاسٹلز
- ★ نصاب اور درسی کتب
- ★ ریزیڈنٹ سپرنٹنڈنٹ
- ★ اقامت گاہیں
- ★ سپرنٹنڈنٹ کی ذمہ داریاں
- ★ طبی معائنہ

Elmas Ali

- ★ سپرنٹنڈنٹس اور بورڈرز سے متعلق قواعد
- ★ تفریح
- ★ ہاسٹل کا ریکارڈ
- ★ صبح کی اجتماعی دعا
- ★ معائنہ کی ذمہ داری
- ★ رپورٹس
- ★ اساتذہ اور والدین کا تعلق

باب نمبر 3: سرکاری اداروں کی فیسیں

- ★ کالج کی ٹیوشن فیس
- ★ آدھی کالج فیس معاف کرنا
- ★ کالج میں داخلے کی فیس
- ★ سکول کی ٹیوشن فیس
- ★ کالج اور سکول کے ہاسٹل کی فیس
- ★ سکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ
- ★ بہن یا بھائی کے داخلے پر فیس میں رعایت
- ★ فنڈز
- ★ واجب الادا رقوم

باب نمبر 4: انتہائی میرٹ پر مشتمل سکالرشپ عطا کرنے کے حوالے سے قواعد و ضوابط:

- ★ عمومی اصول
- ★ کنٹرولنگ اتھارٹی
- ★ سکالرشپس
- ★ آمدن کی حد
- ★ [illegible] سکالرشپ
- ★ آنریری سکالرز
- ★ [illegible]
- ★ سکالرشپ کی حامل تعلیم کا دورانیہ
- ★ [illegible] سوفی
- ★ سکالرشپ دوبارہ دینا
- ★ سکالرشپ کے فنڈز کی تخصیص و تقسیم
- ★ قواعد و ضوابط میں نرمی
- ★ مدرسہ [illegible] کالج کے [illegible] رشپ
- ★ پوسٹ گریجویٹ سکالرشپ
- ★ ٹیکنیکل ایجوکیشن کے سکالرشپ
- ★ آرٹس اور سائنس مضامین کی تقسیم

باب نمبر 5: نجی انتظام و انصرام کے تحت چلنے والے اداروں کے حوالے سے قواعد و ضوابط:

حصہ اول: توثیق کرنا

- ★ توثیق
- ★ توثیق کرنے [illegible] اتھارٹی
- ★ مدارس کی توثیق کی شرائط
- ★ [illegible]
- ★ توثیق کی تنسیخ
- ★ انتظامیہ [illegible] ذمہ داریاں
- ★ ڈسپنسری
- ★ کلاسز یا مضامین میں [illegible]
- ★ منسوخ شدہ توثیق کی بحالی
- ★ توثیق سے دستبرداری
- ★ توثیق کی منسوخی یا دستبرداری کے خلاف اپیل
- ★ ہاسٹلز کی توثیق کی شرائط
- ★ توثیق کے لئے درخواست
- ★ ہاسٹل کی شاخیں

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



حصہ دوم: نجی انتظام وانصرام میں چلنے والے تعلیمی اداروں کی رجسٹریشن

- تعریف
- رجسٹریشن کا با اختیار ادارہ
- طریقہ کار
- شرائط
- اختیارات
- رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی منسوخی و ذمہ داری

باب نمبر6: ادارے کے لیے امداد اور گرانٹس کے قوانین:

- گرانٹ کا مقصد
- مرمت کے لیے گرانٹ کی درخواست
- صرف توثیق شدہ اداروں کیلئے گرانٹ کا قابل قبول ہونا
- گرانٹ کے قابل مدارس کی تعداد اور تناسب کے تعین کا حکومتی صوابدیدی اختیار
- گرانٹ کے قابل رقبہ
- گرانٹ کے لیے ڈائریکٹری منظوری
- حکومتی منظوری کے اہل معاملات
- گرانٹ کے ذرائع اور ادائیگی کا طریقہ
- محکمانہ خط و کتابت
- تعمیر و مرمت اور ترقیاتی گرانٹ کی تعریف
- نمایاں مقام رکھنے والے مدارس کے لئے 50 فیصد گرانٹ کا قابل قبول ہونا
- حساب کتاب کی بنیاد
- گرانٹ کے لئے درخواست کی لازمی شرط
- اساتذہ کے بری الذمہ ہونے کے بارے میں تصحیح
- گرانٹ کے حوالے سے حکومت کے اختیارات
- خاص مقاصد کے لئے گرانٹ
- مدرسہ کے حوالے سے منظور شدہ اخراجات
- منظور شدہ اخراجات کے اہم عناصر
- منظوری کے قابل اشیاء
- نظر ثانی کی شرح
- پرائمری مدارس کے لئے حکومتی گرانٹ
- مڈل اور ہائی مدارس کے لئے حکومتی گرانٹ
- قواعد و ضوابط پر عملدرآمد کے لئے مقامی اداروں کا گرانٹ وصول کرنا
- خصوصی اداروں کی صورت میں منظور شدہ اخراجات

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37361414 - 37245454

باب نمبر7: بورڈ کونسل کے لئے گرانٹ:

- تعلیمی ذمہ داریاں
- گرانٹ
- قواعد و ضوابط کی پابندی
- معائنہ

باب نمبر8: ٹیچرز سرٹیفکیٹ اور ڈپلومے:

- محکمانہ سرٹیفکیٹ
- امتحانات کا انعقاد
- سرٹیفکیٹس کا اجراء
- [illegible] رانہ کورسز میں داخلے
- [illegible] خلاف ورزی

Elmas Ali

سوال 7: وفاقی وزیر تعلیم کے فرائض اور ذمہ داریاں بیان کریں۔

جواب: 1- وفاقی وزیر تعلیم کے فرائض اور ذمہ داریاں:

وفاقی وزیر تعلیم کے فرائض اور ذمہ داریاں مندرجہ ذیل ہوتی ہیں:۔

1. وفاقی وزیر تعلیم وزارت تعلیم کا سربراہ ہوتا ہے۔ وزارت کے ذمے قومی تعلیمی پالیسی کی تشکیل ہوتی ہے۔ وزیر تعلیم کیلئے پارلیمنٹ کا رکن ہونا ضروری ہوتا ہے۔
2. وفاقی وزیر تعلیم کابینہ کا ممبر ہونے کی حیثیت سے [illegible] ہوتا ہے اور [illegible] کارکردگی اور مشکلات پر روشنی ڈالتا ہے۔
3. پارلیمنٹ میں وزیر تعلیم حکومت کی نمائندگی کرتا ہے اور پارلیمنٹ [illegible] شریک ہوتا ہے اور اپنے محکمے کے حوالے سے اپوزیشن کی جانب سے اٹھائے جانے والے سوالات [illegible] ہے۔
4. محکمہ تعلیم میں مختلف معاملات کی منظوری اور توثیق کے لئے وفاقی وزیر وزیر اعظم سے رابطہ کرتا ہے۔
5. وزیر تعلیم کا دفتر ایجوکیشن سیکرٹریٹ میں قائم ہوتا ہے وہاں پر وہ اپنے محکمے کے تمام امور کو چلاتا ہے۔
6. چونکہ وزیر تعلیم پورے محکمے کا سربراہ ہوتا ہے اس لئے کوئی بھی معاملہ وزیر تعلیم کی منظوری کے بغیر انجام نہیں دیا جا

صدائے انقلاب پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور 042-37361414 - 37245454

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



سکتا، وزیر تعلیم کی معاونت کے لئے سیکرٹری اور دیگر افسران موجود ہوتے ہیں جو مشاورت کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔

7- محکمہ تعلیم کے تمام شعبوں کا عملہ جہاں اپنے سربراہان کو جواب دہ ہوتا ہے اسی طرح ان شعبوں کے سربراہان وزیر تعلیم کو جوابدہ ہوتے ہیں۔

8- محکمے کی جانب سے کسی بھی قانون سازی کا بل وزیر تعلیم پارلیمنٹ میں پیش کرتا ہے۔

9- محکمہ تعلیم کے لئے بجٹ تجاویز وزیر تعلیم کی منظوری سے وزارت خزانہ کو بھیجی جاتی ہیں۔

2- صوبائی وزرائے تعلیم کے فرائض اور ذمہ داریاں:

صوبائی وزرائے تعلیم اپنے صوبوں میں محکمہ تعلیم کے انچارج ہوتے ہیں۔ ان کے اہم فرائض اور ذمہ داریاں درج ذیل ہوتی ہیں۔

1- وزیر تعلیم اپنے صوبے میں محکمہ تعلیم کی پالیسی کے معاملات کا ذمہ دار ہوتا ہے، صوبائی وزیر تعلیم کے لیے [illegible] اسمبلی کا رکن ہونا ضروری ہوتا ہے۔

2- وزیر تعلیم صوبائی اسمبلی میں محکمہ تعلیم کے حوالے سے حکومت کی نمائندگی کرتا ہے اور ایوان کو جوابدہ ہوتا ہے۔

3- محکمہ تعلیم سے متعلقہ منظوری طلب معاملات وزیر اعلیٰ تک پہنچاتا ہے۔

4- وزیر تعلیم محکمہ تعلیم میں ہونے والی اہم تبدیلیوں کے بارے میں گورنر کو بھی باخبر رکھتا ہے۔

5- صوبائی سطح پر تعلیم کے حوالے سے قانون سازی کے لیے صوبائی وزیر تعلیم ہی اسمبلی میں بل پیش کرتا ہے۔

6- صوبائی وزیر تعلیم صوبائی کابینہ کا رکن ہوتا ہے اور وہ کابینہ اجلاس میں شریک ہو کر محکمہ کی کارکردگی اور مشکلات پر روشنی ڈالتا ہے۔

7- صوبائی وزیر تعلیم صوبائی محکمہ تعلیم کا سربراہ ہوتا ہے اس لیے محکمہ کا کوئی معاملہ وزیر تعلیم کی منظوری کے بغیر انجام نہیں دیا جا سکتا، وزیر تعلیم کی مدد کے لیے صوبائی سیکرٹری اور دیگر افسران موجود ہوتے ہیں۔

8- صوبائی محکمہ تعلیم کے تمام شعبوں کے سربراہان وزیر تعلیم کو جواب دہ ہوتے ہیں۔

9- صوبائی محکمہ تعلیم کی جانب سے کوئی بھی قانون سازی کا بل وزیر تعلیم صوبائی اسمبلی میں پیش کرتا ہے۔

10- صوبائی محکمہ تعلیم کے لیے بجٹ تجاویز وزیر تعلیم کی منظوری کے بعد صوبائی وزارت خزانہ کو بھجوائی جاتی ہیں۔

سوال 8- وفاقی وزارت تعلیم اور صوبائی محکمہ تعلیم میں تعلقات کی نوعیت کیا ہوتی ہے؟

جواب: وفاقی وزارت تعلیم اور صوبائی محکمہ تعلیم میں تعلقات کی نوعیت:

وفاقی وزارت تعلیم قومی تعلیمی پالیسی کی تشکیل کی مرکزی تنظیم کی سربراہ ہوتی ہے اور یہ صوبائی محکمہ تعلیم کے ساتھ مل کر معاملات انجام دیتی ہے۔ پاکستان ایک وفاق ہے جبکہ چار صوبے پنجاب، سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا اس کی اکائیاں ہیں اس کے علاوہ گلگت بلتستان کو بھی اب صوبے کا درجہ دے دیا گیا ہے۔ آئین میں وفاق اور صوبوں کے اختیارات کا دائرہ کار متعین کر دیا گیا ہے۔ ان میں تعلیم کو متوازی اختیارات کی فہرست (Concurrent list) میں شامل

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



باب 9

Elmas Ali

انتظام وانصرام کے نظام کا جائزہ
Evaluating Management System

imp

Q1: Discuss the need and importance of evaluation in management programme in secondary level?

OR

Critically examine the system of evaluation and how far this system is to be followed in our institutions?

سوال 1: سیکنڈری سطح پر مینجمنٹ پروگرام میں جائزے کی ضرورت و اہمیت پر بحث کریں۔ نیز جائزہ کے سِپ (CIPP) ماڈل پر روشنی ڈالیں۔

یا جائزے کے نظام کا تنقیدی جائزہ لیں۔ ہمارے تعلیمی اداروں میں اس نظام پر کس حد تک عمل درآمد کیا جاسکتا ہے؟

جواب: مینجمنٹ پروگرام یا انتظام وانصرام میں جائزے کی ضرورت واہمیت:

(Need and Importance of Evaluation in Management):

سیکنڈری سکول سسٹم کے روزمرہ کے امور میں اکثر جائزے کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے، حالانکہ یہ بے حد ضروری ہوتا ہے، درحقیقت پروگرام، عملے اور سرگرمیوں کا ساتھ ساتھ جائزہ لینے سے کسی تنظیم یا ادارے کو اپنا معیار بہتر کرنے میں معاونت ملتی ہے۔

کسی بھی پروگرام کو مختلف قسم کے میکانزم جواز فراہم کرتے ہیں مثلاً ریاستی قانون، بورڈ آف ایجوکیشن کے اصول، مقامی پالیسی، گریجوایشن کی ضروریات، وفاقی قانون اور طلبہ کی ضروریات وغیرہ کی بنیاد پر کسی پروگرام کا فیصلہ ہوتا ہے۔ کوئی بھی پروگرام کسی مخصوص قسم کے صارفین کو مدنظر رکھ کر ترتیب دیا جاتا ہے، اس لئے ضروری ہے کہ دیکھا جائے کہ کیا اس پروگرام نے واقعی مذکورہ صارفین کو فائدہ پہنچایا یا نہیں؟ اور منصوبہ سازوں نے جن مقاصد کے لئے پروگرام تشکیل دیا ہے ان میں کتنے مقاصد حاصل ہو سکے ہیں؟ لیکن اکثر اوقات ایسے ہوتا ہے کہ ماہرین تعلیم کوئی پروگرام شروع تو کر دیتے ہیں لیکن اس کی اثر پذیری کا فیصلہ قدرت پر چھوڑ دیتے ہیں۔

موجودہ دور مقابلے کا دور ہے یہاں چھوٹی سی غلطی بھی ہمیں دوسروں سے بہت پیچھے لے جاسکتی ہے، وسائل کی

کم دستیابی کا تقاضا ہے کہ ان کا استعمال انتہائی سوچ بچار کے بعد کیا جائے۔ اس لئے ضروری ہے کہ کوئی بھی پروگرام شروع کرتے ہوئے جائزے کے عمل کو ہرگز نظر انداز نہ کیا جائے اسی سے ہم پروگرام کو بجٹ کے مطابق رکھ سکتے ہیں۔ خصوصاً جب معاملہ سائٹ بیسڈ مینجمنٹ (Based ManagementSite) کا ہو تو ٹھوس بنیادوں پر ہونے والے جائزہ کی ضرورت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

پروگرام کی منصوبہ بندی کے وقت سے ہی جائزے کا عمل شروع ہو جاتا ہے، جائزے کے عمل میں مندرجہ ذیل سوالات کا جواب تلاش کیا جاتا ہے۔

1- Is the target being served? کیا اہداف پورے ہو رہے ہیں؟

2- Is the programme producing the desired results? کیا پروگرام مطلوبہ نتائج دے رہا ہے؟

3- Is the programme cost-effective? کیا پروگرام منافع بخش ہے؟

4- Does the programme support the mission of school? کیا پروگرام مدرسے کے مشن کو پورا کرتا ہے؟

5- Is the programme compatible with other programme? کیا پروگرام کی دوسرے پروگراموں سے مطابقت ہے؟

پروگرام کی جامعیت اور معیار کا دارومدار جائزے کے ڈیزائن پر ہوتا ہے۔ جائزے کا منصوبہ بندی کے ساتھ گہرا تعلق ہوتا ہے۔ جبکہ اس کے دیگر امور کے مقابلے میں الگ ہی حیثیت ہوتی ہے۔ اس کی کلیدی اور آزادانہ حیثیت نہ صرف عمل کی مقصدیت کو پورا کرتی ہے بلکہ یہ اس بات کو بھی یقینی بناتی ہے کہ کوئی شے اس کے معیار پر اثر انداز نہیں ہو سکتی۔

جائزے کے عمل کو بہترین انداز میں انجام دینے کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ یہ سپرنٹنڈنٹ کے ذریعے کرایا جائے اس میں سکول کی تنظیم کا کوئی عمل دخل نہ ہو۔ جائزے کے عمل میں ڈیٹا کو اس طرح ترتیب دیا جاتا ہے جس سے فیصلہ ساز بشمول پرنسپل، ڈائریکٹر، سپرنٹنڈنٹ، بورڈز وغیرہ کو ڈیٹا کی تشریح میں آسانی اور وہ اس سے نتیجہ اخذ کرتے ہوئے اصلاحی اقدامات تجویز کر سکیں۔

جائزے کا نظام (system of education):

جائزہ (Evaluation) ایک ایسا عمل ہوتا ہے جس میں جزئیات کو پرکھا جاتا ہے اور پروگرام میں بہتری کے لئے ایسی معلومات اکٹھی کی جاتی ہیں جن سے متبادل فیصلہ تلاش کرنے میں مدد ملے۔ دوسرے الفاظ میں جائزے کا عمل ایسے اعداد و شمار، حقائق اور معلومات فراہم کرتا ہے جس کی بنیاد پر فیصلے کئے جاسکتے ہیں۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

1-"سپ" جائزے کا نظام (CIPP System of evaluation):

اوہائیو سٹیٹ یونیورسٹی کے ڈاکٹر ڈینیل سٹفل بیم (Dr. Daniel Stufflebeam) نے CIPP جائزے کا نظام پیش کیا ہے۔ CIPP چار قسم کے جائزے کے ابتدائی حروف ہوتے ہیں، یعنی صورتحال اور سیاق و سباق (Context)، مداخل (Input)، طریق کار (Process) اور نتائج یا پیداوار (Product) کا جائزہ مل کر جائزے کا کل نظام تشکیل دیتے ہیں۔ ملک میں تعلیمی شعبے میں جائزے کے اس نظام کو اکثر فیصلہ سازی کے لئے اختیار کیا جاتا ہے۔

یہ تمام جائزے مخصوص قسم کے فیصلوں میں معاونت کرتے ہیں جس پر مندرجہ ذیل جدول میں روشنی ڈالی گئی ہے۔

جائزے کی قسم	فیصلے کی قسم
کون ٹیکسٹ (Context) (C)	منصوبہ بندی
داخلی (Input) (I)	ساخت سازی
طریقہ کار (Process) (P)	عملدرآمد
نتیجہ یا پیداوار (Product) (P)	ری سائیکلنگ

چاروں اقسام کے جائزوں کی مزید تفصیل درج ذیل ہے:-

(i) صورتحال اور سیاق وسباق کا جائزہ (Context Evalution):

حالانکہ تعلیمی شعبہ کے پروگرام کے لئے چاروں قسم کے ہی جائزے بڑے اہم ہوتے ہیں تاہم مدرسہ کی عملی انتظامیہ کے لئے "کون ٹیکسٹ" جائزہ (Context evaluation) زیادہ اہم ہوتا ہے جو کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ عام طور پر اس کی اہمیت تین عوامل کے حوالے سے ہوتی ہے جو کہ اکثر سکول پروگرام کی کامیابی اور ناکامی کو متاثر کرتے ہیں۔ "کون ٹیکسٹ" جائزہ (Context evaluation) سے مختصر اور طویل مدت کی منصوبہ بندی کے حوالے سے فیصلہ سازی میں معاونت ملتی ہے۔

بیشتر ضلعی مدارس میں منصوبہ بندی عملے کے درمیان خیالات کے تبادلے کا عمل تعلیمی مشق بن چکا ہے جو کہ کسی بھی بڑے مسئلے کے حل کے لئے فیصلہ کن اقدام کی جانب رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ البتہ علم و آگاہی میں کمی اور عزم کے فقدان کی وجہ سے یہ منصوبہ بندی کا عمل ضلعی مدارس کے عملی امور سے دور بھی کر سکتا ہے۔ تعلیمی پروگرام جامد نوعیت کے نہیں ہوتے منصوبہ بندی کے دوران انتہائی گہرائی میں جا کر جزیات طے کرنے کے باوجود اس میں وقت کے ساتھ ردوبدل کرنا پڑ جاتا ہے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ آپ کا پروگرام جدید تقاضوں کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتا۔

اگر تعلیمی پروگرام کی منصوبہ بندی، تشکیل اور انتظام خلا میں ہو جس میں لوگوں کا عمل دخل نہ ہو تو ممکن ہے کہ "کون ٹیکسٹ" جائزہ (Context evaluation) کی ضرورت شاید بہت کم پڑے۔ بصورت دیگر اس کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ "کون ٹیکسٹ" جائزہ (Context evaluation) کسی پروگرام کے ابتدائی اہداف اور مقاصد کے جائزے کے لئے درکار معلومات کی بنیاد اور حوالہ فراہم کرنے کا کام کرتا ہے۔ اس سے پروگرام کے طے شدہ ابتدائی

AIOU LIBRARY · Code 8605 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

معاون ہوتا ہے۔ طریقہ کار کے جائزے کے تین بنیادی مقاصد ہوتے ہیں، پہلا مقصد شروع ہونے والے پروگرام میں موجود خامیاں تلاش کرنا ہے، دوسرا مقصد پروگرام میں ہونے والے فیصلوں کے بارے میں معلومات فراہم کرنا جبکہ تیسرا اور آخری مقصد وقوع پذیر ہونے والے معاملات کا ریکارڈ مرتب کرنا ہے۔

طریقہ کار کے جائزے کے لئے جو حکمت عملیاں اپنائی جاتی ہیں ان میں ظاہری و مخفی وسائل کا مسلسل معائنہ، رابطے کے ذرائع اور وسائل کی افادیت کو جانچنا اور پرکھنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس میں پروجیکٹ مینیجر کی طرف سے پروگرام میں کئے جانے والے فیصلوں کی جانچ پڑتال بھی کی جاتی ہے۔ حاصل ہونے والا تمام ڈیٹا صرف یہ بتاتا ہے کہ اصل میں کیا کچھ اور کیسے وقوع پذیر ہو رہا ہے۔ نیز اس سے معلوم ہوتا ہے کہ استعمال ہونے والی حکمت عملیوں سے کس قدر مقاصد حاصل کئے جا رہے ہیں، اگر کوئی مقصد حاصل نہیں ہو پا رہا تو اس کا سبب کیا ہے؟ یہ ضروری نہیں ہے کہ اگر کوئی مقصد حاصل نہیں ہو پا رہا تو اس کا سبب پروگرام ڈیزائن میں ہی کوئی خرابی ہوتی۔ بلکہ اس کے پیچھے اور بھی کئی عوامل کارفرما ہو سکتے ہیں۔

طریقہ کار کا جائزہ لینے والے کو چاہئے کہ وہ روایتی اور غیر روایتی دونوں قسم کی معلومات اکٹھی کرے۔ اس میں باہمی تجزیہ، دن کے اختتام پر ردعمل، جمع کئے جانے والے اعداد و شمار، انٹرویو، ریٹنگ سکیل، ڈائریاں، عملہ کے اجلاس کا ریکارڈ اور پروگرام ایویلیواشن اینڈ ریویو تکنیک (Evaluation and Review Programme) Technique, PERT وغیرہ کو عمل میں لایا جاتا ہے۔

طریقہ عمل کے جائزے سے یہ بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ "کون ٹیکسٹ" اور "ان پٹ" جائزہ کس قدر بہتر انداز میں کیا گیا ہے۔

Elmas Ali

iv- پیداواری جائزہ (Product Evaluation):

پیداواری جائزہ (Product Evaluation) کا مقصد پروگرام کی کامیابیوں کی جانچ، پیمائش اور تشریح ہوتا ہے، یہ کام صرف پروگرام کے اختتام پر ہی نہیں کیا جاتا بلکہ درمیان میں بھی جہاں ضرورت محسوس ہو کامیابیوں کو ماپا جا سکتا ہے۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ پروگرام کو جس پالیسی کے تحت چلایا جا رہا ہے اس کے مطابق نتائج بھی حاصل ہوئے یا نہیں؟ بورڈ کی طرف سے طے کردہ پیداواری مقاصد یا توقعات "کون ٹیکسٹ"، "ان پٹ" اور "پراسس" جائزے کی حقیقت کو ایک خاص سمت دیتے ہیں۔

روایتی طور پر جائزے سے مراد پیداواری جائزہ ہی لیا جاتا ہے جبکہ "کون ٹیکسٹ"، "ان پٹ" اور "پراسس" جائزہ کو متغیرات تصور کرتے ہوئے بہترین جائزے کے لئے لازمی قرار دیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں پیداواری توقعات پالیسی امور کو جواب مہیا کرتے ہیں جبکہ "کون ٹیکسٹ"، "ان پٹ" اور "پراسس" جائزہ وہ ذرائع ہوتے ہیں جنہیں پیداواری توقعات پوری کرنے کے لئے استعمال یا تبدیل کیا جاتا ہے یا پھر مطابقت قائم کی جاتی ہے۔

پیداواری جائزے (Product Evaluation) میں عمل میں آنے والے مختلف قسم کے حقائق پر توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔ جبکہ اس جائزہ کا نتیجہ دیگر جائزوں کے مقابلے میں سیدھا سادہ اور انتہائی درست نکلتا ہے۔ داخلی جائزے کی

صورت میں قائم کی جانے والی مطابقت یا طریقہ عمل میں کی جانے والی تبدیلی سے پیداواری جائزے کے نتائج تبدیل کئے جا سکتے ہیں۔

المختصر فیصلہ سازی کے لئے سپ ماڈل (CIPP Model) ڈیٹا کا بہترین استعمال فراہم کرتا ہے۔ اس کے ذریعے پروگرام کی اہمیت کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ اور مطلوبہ نتائج زیادہ بہتر انداز میں حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ اس سے پروجیکٹ کی اثر پذیری بھی بڑھ جاتی ہے اور طریقہ کار کو حالات و واقعات اور دستیاب وسائل کے مطابق بنایا جا سکتا ہے۔

سوال 2- جائزے کے معیارات (Criteria) کو مدنظر رکھتے ہوئے بیان کیجئے کہ کیا ان معیارات پر ہمارے اداروں کے سربراہ عمل پیرا ہوتے ہیں؟ اگر نہیں تو وجہ بیان کیجئے۔

جواب: جائزے کا معیار (Criteria of Evaluation):

جائزے کے پروگرام کے ذریعے احتساب کو بڑھانے کا عزم محض مرکزی دفتر بنا دینے سے شروع یا ختم نہیں ہوتا۔ مدرسہ ڈسٹرکٹ ایک ایسا نظام تشکیل دیتا ہے جو کہ تمام سکولوں میں پروگرام کے جائزے کے حوالے سے مختلف قسم کی سرگرمیوں کا محور ہوتا ہے۔ تمام مدارس میں پروگرام کے جائزے کے لئے ان کے مراتب کے اعتبار سے عملہ تعینات کیا جاتا ہے۔

تاہم جائزہ کار (Evaluater) کو مفید معلومات کو جاننے، ترتیب دینے اور رپورٹ کرنے کی مکمل آزادی ہوتی ہے۔ سپرنٹنڈنٹ (Supritendent) اور ڈائریکٹر ایویلیواشن (Director Evaluation) کے درمیان براہ راست تعلق کی وجہ سے ڈسٹرکٹ کے مسائل کم سے کم ہو جاتے ہیں۔

فلاسفر اور مایر تعلق کے حوالے سے تعاون کے لئے ضروری ہے کہ ایویلیواشن سروسز آفس (Evaluation Services Office) اور سپرنٹنڈنٹ کیرز (Supritendent Schools) مہیا کی جانے والی معلومات پر اعتبار کریں اور ان کی بنیاد پر ڈسٹرکٹ کے حوالے سے فیصلے کئے جائیں۔ جائزے کے نظام کے تحت حاصل ہونے والی معلومات کو استعمال میں لایا جاتا ہے یا کہ اسے پالیسی کی نظر کر دیا جاتا ہے اس کا دارومدار دونوں دفاتر کے درمیان قریبی تعلق پر ہوتا ہے۔ جائزہ کار پراسس کے علاوہ معلومات کی قدر جانچنے کے لئے سپرنٹنڈنٹ کی طرف سے متعین کردہ معیارات کو بھی اختیار کیا جاتا ہے۔

سٹفل بیم (Stufflebeam) کے پیش کردہ جائزے کے معیارات:

جائزہ کار کی طرف سے مہیا کردہ معلومات پر یقین اور بھروسہ کے لئے سٹفل بیم (Stufflebeam) نے پانچ قسم کے عملی نوعیت کے اصول اور معیار بیان کئے ہیں۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

(i) تعلق (Relevance):

جائزہ کار (Evaluator) کی طرف سے اکٹھا کیا جانے والا ڈیٹا مخصوص مقاصد سے متعلق ہونا چاہئے۔ کردہ معلومات ان مقاصد سے تعلق نہیں رکھتیں تو بے سود ہیں۔

(ii) اہمیت (Importance):

مخصوص مقاصد سے متعلق معلومات کا ڈھیر لگایا جا سکتا ہے، لیکن بہت ساری معلومات میں الجھ جانا درست

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 96 of 99 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY · Code 8605 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

نہیں، اس لئے ضروری ہے کہ صرف اہم ترین معلومات کو ہی زیر غور لایا جائے۔

(iii) وسعت (Scope):

متعلقہ اور اہم ترین معلومات میں سے بھی اسی ڈیٹا کو زیر غور لایا جائے جو کہ اپنے اندر گہرائی رکھتا ہو اور بڑی وسعت کا حامل ہو۔

(iv) بروقت و برمحل (Timeliness):

معلومات چاہے تعلق، اہمیت اور وسعت کے اعتبار سے بہترین ہی کیوں نہ ہوں وقت پر فراہم نہ کی جائیں تو بے کار ہوتی ہیں۔ اس کے مقابلے میں نسبتاً کم معیار کی معلومات وقت پر دے دی جائیں تو زیادہ مفید ثابت ہوں گی۔

(v) نفوذ پزیری (Pervasiveness):

جائزے کا ڈیزائن ایسا ہونا چاہئے جس سے حاصل ہونے والی معلومات ایسے تمام افراد کے لئے ہوں جن کے لئے انہیں جاننا ضروری ہو۔

جائزہ کار کی جانب سے مہیا کردہ معلومات کی افادیت کو جانچتے ہوئے عملی معیار کسی فیصلہ کرنے والے کے لئے بڑا اہم ہوتا ہے۔ مدرسہ منتظمین ایک اور معیار کو سامنے رکھتے ہیں وہ اس بات کا بھی خیال رکھتے ہیں کہ حاصل ہونے والی معلومات جائزہ لینے والے عملے کے لئے درکار فنڈز کے ساتھ عملی طور پر مطابقت بھی رکھتی ہیں یا نہیں۔

عملی معیار صرف مدرسہ منتظمین کے لئے ضروری نہیں ہے بلکہ جائزہ کو ملنے والی معلومات کے حوالے سے بھی اس معیار کو اپنایا جانا چاہئے۔ سٹفل بیم (Stufflebeam) نے جو سائنسی معیارات بیان کئے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

(i) داخلی صحت یا جوازیت (Internal Validity):

معلومات کا صحیح اور سچ ہونا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ سچائی اور درستگی کا خیال رکھنے کے لئے بہترین طریقہ کار براہ راست معلومات کا لینا ہوتا ہے اگر ایسا نہ ہو تو جس واسطے سے معلومات لی گئی ہوں اس کے بارے میں اور دیگر مظاہر کا بیان ضروری ہوتا ہے۔

Elmas Ali

(ii) خارجی صحت یا جوازیت (External Validity):

اس سے مراد معلومات کی عمومی قابلیت ہے یعنی اس میں دیکھا جاتا ہے کہ معلومات نمونے کے کسی ایک گروپ سے متعلق ہیں یا ان کا اطلاق دیگر گروپس پر بھی ہو سکتا ہے؟

(iii) اعتباریت (Reliability):

اس سے مراد معلومات میں تسلسل کا پایا جانا ہے، یعنی اگر دوبارہ ڈیٹا بھی اکٹھا کر لیا جائے تو معلومات کے نتائج قریباً یکساں رہیں۔ اعتباریت کا دارومدار ان کے ذرائع کی نوعیت پر ہوتا ہے جن کو معلومات اکٹھا کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔



(iv) معروضیت (Objectivity):

اس سے مراد معلومات کا ہر ایک کے لئے قابل فہم ہونا ہوتا ہے، تاکہ تمام متعلقہ افراد ڈیٹا کے مفہوم سے متفق ہو سکیں۔

ان عملی اور سائنسی معیارات کو اختیار کرنے سے اس بات کا یقین پختہ ہو جاتا ہے کہ جائزے کے عمل (CIPP) سے حاصل ہونے والی معلومات متعلقہ پروگرام کے لئے بالکل درست، ٹھیک اور فیصلہ سازی کے لئے انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ معلومات کی درستگی کو جانچنا نہ صرف جائزہ کار کے لئے ضروری ہوتا ہے بلکہ فیصلہ ساز کے لئے بھی اس کا خیال رکھنا اتنا ہی اہم ہوتا ہے۔

اگر سپرنٹنڈنٹ اس بات پر مائل ہو بھی جائے کہ جائزے سے ملنے والی معلومات فیصلوں کو بہتر بنا سکتی ہیں پھر بھی جائزے کی خدمات کو بروئے کار لانے کا مسئلہ سہل نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس قسم کی پیچیدگی کا تعلق عملے کے کردار، عملدرآمد پر آنے والی لاگت اور جائزے کے محکمہ کے اپنے اہداف اور مقاصد ہوتا ہے۔ اس لئے مسئلے کو بہتر انداز میں حل کرنے کے لئے تمام عوامل کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔

سوال: ہم اپنے تعلیمی اداروں کے انتظام و انصرام کو کیسے بہتر بنا سکتے ہیں؟ وضاحت سے بیان کریں۔

جواب: جائزے کے ذریعے انتظام و انصرام کو بہتر بنانا: (Improving Management through Evaluation):

گروپ (Gr...) اور سٹفل بیم (Stufflebeam) اور دیگر مفکرین کے تصورات کے مطابق جائزہ تعلیمی انتظامی امور میں بہتر لانے کا ذریعہ ہوتا ہے۔ جائزے کی تعریف کرتے ہوئے وہ کہتے ہیں کہ یہ ایک ایسا عمل ہوتا ہے جس میں مفید اور ضروری معلومات اکٹھا کر کے مہیا کی جاتی ہیں تاکہ فیصلہ سازی میں معاون ہو سکیں۔ یعنی جائزہ بذات خود کوئی مقصد نہیں بلکہ یہ فیصلہ سازی کا ایک ذریعہ ہوتا ہے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ کسی قسم کا فیصلہ کرنے کے لئے تجرباتی اور مشاہداتی ڈیٹا کا ہونا ضروری ہے لیکن وجدانی احساسات کی بھی اپنی اہمیت ہوتی ہے اس لئے جب کہیں ایسا لگے کہ تجرباتی اور مشاہداتی معلومات وجدانی احساسات کے خلاف ہیں تو دیکھا جائے کہ کہاں غلطی رونما ہوئی ہے؟

جائزہ بذات خود ایک باضابطہ طریقے کے تحت انجام دی جانے والی سرگرمی ہوتی ہے (Evaluation is itself mei iodoligical activity) بالکل ایسے ہی مشین کی کارکردگی کا جائزہ لینے کی کوشش کی جاتی ہے ویسے ہی تدریسی میکانزم کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ جائزے کا عمل کارکردگی کے حوالے سے ڈیٹا حاصل کر کے اہداف کے ساتھ اس کا موازنہ کرنا ہے۔ پھر ان سے حاصل ہونے والے نتائج کو سامنے رکھتے ہوئے پروگرام میں تبدیلیاں کی جاتی ہیں تاکہ جو اہداف حاصل نہیں ہو پا رہے ان کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کی جا سکیں۔

جائزے کے اس تصور میں زیادہ اہداف (goals) اور ان کی جوازیت (Justification) پر دیا گیا ہے۔ بدقسمتی سے اس ماڈل کے اطلاق کے لئے درکار تکنیکوں میں کئی اس وقت موجود نہیں تاہم اس میں کئی فوائد ایسے چھپے ہوئے ہیں جو کہ کسی دوسرے ماڈل میں نہیں ملتے۔ اس لئے وفاقی اور مقامی ادارے مل کر ایسی حکمت عملیاں اختیار کر سکتے ہیں جن سے اہداف پر مشتمل جائزے کو مزید بہتر بنا کر زیادہ فائدہ مند بنایا جا سکتا ہے۔

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 97 of 99 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626

انتظام وانصرام کی بہتری میں جائزے کا کردار:

(Role of Evaluation):

جائزہ اہم تعلیمی فیصلے کرنے میں بڑا معاون ثابت ہوتا ہے۔ فیصلہ سازی ایک پیچیدہ عمل ہوتا ہے جس میں مندرجہ ذیل چار قسم کے مراحل پیش آتے ہیں۔

(i) فیصلہ سازی کی ضرورت سے آگاہ ہونا، (Becoming aw[illegible]e that decision is needed)

(ii) فیصلے کی صورتحال ڈیزائن کرنا، (Designin[illegible] the de[illegible]ision situation)

(iii) متبادل میں سے کسی کا انتخاب کرنا، (Choo[illegible]g among a[illegible]natives)

(iv) متبادلوں پر عملدرآمد کرنا، ([illegible]cting u[illegible]on the choosen alternatives)

ان مراحل کی مختصر تفصیل درج ذیل ہے:

Elmas Ali

(i) فیصلہ سازی کی ضرورت سے آگاہی:

(Becoming aware to decision):

فیصلے کی ضرورت سے باخبر ہونا فیصلہ سازی کا ابتدائی اور بنیادی مرحلہ ہوتا ہے۔ آگاہی حاصل کرنے کے بہت سارے ذرائع ہوتے ہیں، جن کی بنیاد نفسیات، ادراک اور تجربہ پر ہوتی ہے۔ اسے مشاہداتی ڈیٹا، موضوعی تشخیص یا موقع پر پیش آنے والے واقعات سے اخذ کیا جاسکتا ہے۔

اصول اور قوانین یا پھر پالیسی سے بھی فیصلے تشکیل پاتے ہیں انہیں پروگرام کئے گئے (Programmed) فیصلے کہا جاتا ہے، جو کہ ایک چکر کی صورت میں باقاعدگی سے جاری رہتے ہیں، جبکہ دوسری قسم کے فیصلے کسی نامعلوم ضرورت کے انکشاف پر کئے جاتے ہیں، یا کوئی مسئلہ حل نہ ہونے پر اس کی ضرورت پیش آتی ہے۔ ایسے ہنگامی طور پر فیصلہ لینے کی ضرورت پیش آنے کے بارے میں آگاہی ذرا تشویش ناک اور خطرناک ہوتی ہے۔

(ii) صورتحال کو ڈیزائن کرنا: (Designing of situation):

جب کسی فیصلے کی ضرورت واضح ہو جائے تو فیصلہ ساز کے لئے ضروری ہوتا ہے کہ وہ آگے بڑھنے کے لئے صورتحال ڈیزائن کرے۔ سٹفل بیم (Stufflebeam) نے اس عمل کے لیکچھ مراحل بیان کئے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:۔

(i) فیصلے کی صورتحال سوالیہ انداز میں پیش کرنا،

(State the dicision situation in question form)

(ii) فیصلہ سازی کی ذمہ داری اور اختیار کو مخصوص کرنا،

(Specified authority and responsibility for making decision)

(iii) فیصلے کے متبادل تشکیل دینا،

(Formulate decision alternatives)

(iv) متبادل کی تشخیص کے لئے مخصوص معیار کا تعین کرنا،

(Specify criteria which will be employed in assesing alternatives)

(v) کسی ایک متبادل کو چننے کے فیصلے کا اصول معین کرنا،

(Determine decision rules for use in selecting an alternative)

(vi) فیصلے کی حدود کا اندازہ کرنا،

(Estimate the finding of the design)

(iii) متبادل فیصلوں میں سے انتخاب:

(Choosing among alternatives):

صورتحال کی ڈیزائننگ کے بعد متبادل فیصلے کے حقیقی انتخاب کا مرحلہ آتا ہے، اس کے بھی مزید چار ذیلی مراحل ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

(i) معلومات کا حصول (obtaining information)

(ii) فیصلوں کے اصولوں کا اطلاق (Applying decision rules)

(iii) غور وخوض (Reflection)

(iv) نشاندہی کئے گئے انتخاب کی تصدیق کرنا یا کوئی نیا متبادل تلاش کرنا

(Confirmation of indicated choice or recycling)

(iv) فیصلہ پر عمل درآمد:

چوتھا مرحلہ متبادل کے لئے عمل درآمد کا ہوتا ہے، یہ بھی مزید چار ذیلی مراحل پر مشتمل ہوتا ہے۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

(i) منتخب مقاصد کے اطلاق کے لئے ذمہ داری کا تعین کرنا۔

Fixing responsibility for implementation o[illegible]he chosen ob[illegible]ctive.

(ii) منتخب متبادل کو عمل میں لانا۔

Operationalizing the selective a[illegible]rnative

(iii) عمل میں لائے جانے ولائے متبادل کی اثر پذیری پر غور وخوض کرنا۔

Reflecting on the [illegible] of th[illegible] operationalized alternative

(iv) عمل میں لائے گئے متبادل کو انجام دینا یا از سر نو نیا متبادل تلاش کرنا

Exeact[illegible] the o[illegible]rationalize[illegible] alternative or recycling

چونکہ فیصلہ سازی میں جائزہ کار اہم ترین کردار ہوتا ہے اس لئے اسے ہمیشہ بڑا واضح ہونا چاہئے، یہاں پر جائزہ کار اور فیصلہ ساز کے درمیان تعلق کو سمجھ لینا بے حد ضروری ہوتا ہے۔

1- پہلی بات یہ کہ جائزہ کار (Evaluator) اور فیصلہ ساز (Decision Maker) کا حق علامتی [illegible] جائزہ کار ویسے ہی ذہنی عمل سے گزرتا ہے جیسے فیصلہ ساز [illegible] فیصلہ نہیں کرتا۔ اس کا کام صرف معلومات فراہم کر دینے تک محدود رہتا ہے۔ اس لئے جائزہ کار کو فیصلہ ساز کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنا چاہئے۔

2- دوسری اہم بات یہ ہوتی ہے کہ جائزہ کار کو چاہئے کہ وہ ڈیٹا (Data) کے تجزیے اور تنظیم وترتیب کے ذریعے فیصلہ

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com

AIOU LIBRARY · Code 8605 · Helping Key Book Portal: aioulibrary.com

AIOU LIBRARY | AIOU Code 8605 Helping Key Book (Educational Leadership and Management (B.Ed))
Official Website: aioulibrary.com | WhatsApp Orders: +92 324 5836626



ساز کے ذرائع کی توسیع کرے۔

3- تیسرا یہ کہ جائزہ کار کو فیصلہ سازی کے انداز سے مکمل باخبر ہونا چاہئے تبھی وہ موزوں ترین معلومات فراہم کر سکے گا۔

4- چوتھے نمبر پر جائزہ کار کو چاہئے کہ وہ اگر فیصلہ ساز کو درکار تمام معلومات فراہم کرنا چاہتا ہے تو وہ اس عمل میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو استعمال میں لائے۔

5- پانچویں اور آخری بات یہ ہے کہ جائزے کو مؤثر بنانے کے لئے باہمی تعاون پر مشتمل کوششوں کو یقینی بنایا جائے۔

(ii) جائزے کا مقصد (Purpose of Evaluation):

ماہرین تعلیم اور عام شہریوں میں جائزے کے تصور کے حوالے سے ایک جیسا [illegible] ہے، ان کے نزدیک جائزہ ابتدائی طور پر مندرجہ ذیل سوالات کا جواب تلاش کرنے کا نام ہے۔

☆ کیا یہ کام کر رہا ہے؟ Did it work?

(i) کیا جائزہ کا یہ طریقہ ابھی کارآمد ہے؟

☆ کیا کام مکمل ہو گیا؟ Did it a complish

(ii) کیا اس نے کام مکمل طور پر انجام دیا ہے؟

☆ کام کرنے کی ضرورت کیا ہے؟ What is porported to do?

(iii) اس سارے طریقہ اور جائزے کی ضرورت کیا تھی؟

جب جائزے کو محض یہاں تک ہی محدود رکھا جائے تو اہم فیصلہ سازی کے تقاضے پورے نہیں ہو سکتے۔ جائزہ کار کے لئے یہ جاننا بھی ضروری ہوتا ہے کہ کیا چیز مفید ثابت ہوئی اور کیا چیز نہیں، اور کیا اس کے لئے قابل وثوق تحقیقی پروگرام کی ضرورت نہیں؟ اس کے علاوہ سب سے اہم بات جائزہ کا مقصد تعلیمی پروگرام کے مختلف پہلوؤں میں درستگی لا کر بہتری لانا ہوتا ہے اور جائزہ کار کو اپنی سرگرمیوں کے دوران اس مقصد پر خصوصی توجہ دینی چاہئے۔

تاہم تعلیمی رہنماؤں کو چاہئے کہ وہ جائزے کا ایسا طریق کار اپنائیں اور اُسے بروئے کار لائیں جو کہ کسی پروگرام کے کارآمد اور بے کار ہونے کے فیصلہ تک ہی محدود نہ ہو بلکہ ان میں بہتری لانے کا بھی مواد فراہم کرے۔ اساتذہ، نگران، منتظمین اور عام شہریوں کو مندرجہ ذیل تین پہلوؤں کے حوالے سے مفید معلومات درکار ہوتی ہے۔

(i) کیا کام ہوا اور کیا نہیں اور کون سا کام زیادہ بہتر ہوا؟

What did or did not work or work well?

(ii) کام ہونے یا نہ ہونے کے پیچھے وجہ کیا تھی؟ اور تسلی بخش نتائج کیوں نہیں ملے؟

Why it work or didnot work satisfactorily.

(iii) بہتری کے لئے کون سی تبدیلیاں ضروری ہوتی ہیں؟

Moditications that may be needed.

اس نوعیت کی معلومات کا جب درست طریقے سے تجزیہ کیا جائے اور اسے موزوں انداز میں ماہرین تعلیم اور متعلقہ شہریوں تک پہنچا دیا جائے تو تب ہی وہ اس قابل ہوں گے کہ وہ تعلیمی پالیسیوں کے حوالے سے اصلاحی فیصلے کر سکیں۔ مثال کے طور پر تعلیمی سال کے آخر میں مقامی سکول بورڈ کو جاننا چاہئے کہ کیا کچھ ہوا اور کس انداز میں ہوا؟ کون سی کامیابیاں

حاصل ہوئیں اور کن امور میں ناکامی کا سامنا رہا۔

لیکن یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ جب بچوں کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ لیا جاتا ہے تو حاصل ہونے والی معلومات اساتذہ کی ملازمت برقرار رکھنے کے حوالے سے مختلف عوامل فیصلوں کی بنیاد بنتے ہیں۔ حالیہ سالوں میں صرف مطلوبہ پہلوؤں پر توجہ دینے کے باوجود مدرسہ کے آخری ماہ میں تمام پہلوؤں کے حوالے سے آزمائشوں کا سلسلہ حال جاری ہے اور امکان یہی ہے کہ آزمائشوں کی بنیاد پر جائزے کا طریقہ کار آئندہ بھی چلتا رہے گا۔

جائزہ ایسا ہونا چاہئے جو کہ تعلیمی پروگرام اور طریق کار میں بہتری کا ذریعہ بن سکے۔ تمام تعلیمی اداروں کو اس تصور کو تسلیم کرتے ہوئے اقدامات کرنے چاہئیں، نئی نئی حکمت عملیاں اور نئے طریقے وقت کے ساتھ متعارف کراتے رہنا چاہیے، اور جہاں جہاں ضرورت پیش آئے ان کی آزمائش کی جانی چاہئے جیسے جیسے معاشرہ تبدیل ہوتا ہے ویسے ویسے مدارس میں تبدیلی کا رجحان ملتا ہے۔ ایسے میں غیر ضروری تبدیلیوں کو نظر انداز کرتے ہوئے صرف مفید تبدیلیوں کی راہ ہموار کرنے کے لئے جائزہ کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔

جائزہ ایسا ہونا چاہئے جس سے مدرسے کو مشکلات کی تشخیص کرنے اور ان کے حل کے لئے مؤثر تبدیلیوں کے لئے رہنمائی میسر آئے۔ احتیاط سے تیار کئے جانے والے جائزے کے پروگرام مستقل حیثیت میں ہونے چاہئیں، البتہ ان [illegible] کے ساتھ ساتھ اور سماجی ضروریات کے پیش نظر ردوبدل کرتے رہنا چاہئے۔ بہتری کیلئے اقدامات کا سلسلہ بھی [illegible] رکنا چاہئے۔ اس طرح تعلیمی نظام میں موجود خامیوں اور نقصان دہ اقدامات سے بچا جا سکتا ہے۔

[illegible] میں عملے اور عام شہری کی صلاحیت بہتر بنانے کا بھی سامان موجود ہونا چاہئے۔ تعلیمی نظام میں بہتری کے [illegible] عملی اہلیت میں اضافہ اور عام شہریوں کی شمولیت دونوں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ جب وہ جائزے میں شریک ہو[illegible] ہیں تو [illegible] وہ تبدیلیوں کو وہ زیادہ بہتر طریقے سے سمجھ سکیں گے، شعور و آگہی کے بعد ہی کوششیں کارگر ثابت ہو [illegible]

جائزے میں Problem مسائل [illegible] کے حل کے لئے نئے طریقوں اور تکنیکوں کو زیر غور لایا جانا چاہئے۔ جیسے جیسے سکول کا نظام وسعت اختیار کرتا جا[illegible] ہے ویسے ویسے اس کے معاملات بھی پیچیدہ تر ہوتے جا رہے ہیں، لیکن بدقسمتی سے مسائل کو حل کرنے کی بجائے انہیں نظر انداز کر [illegible] رجحان (Trend) دیکھنے کو ملتا ہے حالانکہ تعلیم کی بہتری کے لئے یہ رجحان بڑا نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ ضرورت اس امر کی [illegible] دور جدید (Modern) کے طریقوں پر ہی اکتفا نہ کیا جائے بلکہ دور جدید کے تقاضوں کو بھی اہمیت دی [illegible] ان کی [illegible] اقدامات کئے جائیں۔

Elmas Ali

AIOU LIBRARY - Pakistan's #1 AIOU Solved Portal WhatsApp Support: +92 324 5836626
aioulibrary.com
Page 99 of 99 · AIOU LIBRARY (aioulibrary.com) WhatsApp: +92 324 5836626